باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC Certified | بااعتماد اور بااصول صحافت کا علمبردار

DAILY JEHAN ISLAMABAD RAWALPINDI
www.dailyjehan.com
روزنامہ
جہان
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: سید حسن وقار تراب
E-Mail: dailyjehan@gmail.com
بانی: سید محمد حسن
صفحات 8 قیمت 25 روپے

جلد: 32 | جمعرات 24 ربیع الاول 1447ھ 18 ستمبر 2025ء | شمارہ: 244

سکیورٹی فورسز کا خضدار میں آپریشن 5 بھارتی حمایت یافتہ دہشتگرد ہلاک

ہلاک کئے گئے خوارج دہشت گردی کی متعدد وارداتوں میں ملوث تھے، آپریشن کے دوران خوارج سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور بارودی مواد بھی برآمد کیا گیا

وزیر داخلہ کی خضدار میں بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کی تعریف ،اور دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہا

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع خضدار میں آپریشن کر کے 5 بھارتی حمایت یافتہ دہشت گرد ہلاک کر دیئے پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سکیورٹی فورسز نے 14 اور 15 ستمبر کی درمیانی شب خضدار میں خفیہ معلومات کی بنیاد پر آپریشن کیا، جس کے دوران پانچ بھارتی حمایت یافتہ خوارج کو جہنم واصل کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ ہلاک کئے گئے خوارج دہشت گردی کی متعدد وارداتوں میں ملوث تھے، آپریشن کے دوران خوارج سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور بارودی مواد بھی برآمد کیا گیا ہے۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق علاقے میں مزید خوارج کی موجودگی کی اطلاعات پر سرچ آپریشن جاری ہے، سکیورٹی فورسز نے بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردوں کے مکمل خاتمے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خضدار میں بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کی ستائش کی، اور دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے ایک بار پھر بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا۔

پاک سعودی باب دفاعی معاہدہ

ایک ملک کیخلاف جارحیت دونوں کیخلاف تصور ہوگی

وزیراعظم شہبازشریف کا سعودی ولی عہد سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو، آرمی چیف بھی ہمراہ ہیں

وزیراعظم شہباز شریف کی فیلڈ مارشل کے ہمراہ سعودی ولی عہد شہزادمحمد بن سلمان سے ملاقات، دونوں رہنماؤں میں علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال، دوطرفہ امور اور تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ

معاہدہ دونوں ممالک کی اپنی سلامتی کو بڑھانے اور خطے اور دنیا میں سلامتی اور امن کے حصول کے لیے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے' سعودی عرب اور پاکستان کی 8 دہائیوں پر محیط تاریخی شراکت داری ہے

ریاض (ویب ڈیسک) ایک ملک کے خلاف جارحیت دونوں کیخلاف تصور ہوگی، پاک سعودیہ کا دفاعی معاہدہ طے پا گیا۔ سعودی ولی عہد محمد بن سلمان اور وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان اور سعودی عرب کے مابین "اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدے" معاہدے پر دستخط کیے۔ یہ معاہدہ جو دونوں ممالک کی اپنی سلامتی کو بڑھانے اور خطے اور دنیا میں سلامتی اور امن کے حصول کے لیے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے، اس کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون کو فروغ دینا اور کسی بھی جارحیت کے خلاف مشترکہ دفاع و تحفظ کو مضبوط بنانا ہے۔ معاہدے میں کہا گیا ہے کہ کسی بھی ایک ملک کے خلاف کسی بھی جارحیت کو دونوں ملکوں کے خلاف جارحیت تصور کیا جائے گا۔ مشترکہ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ سعودی عرب اور پاکستان کی 8 دہائیوں پر محیط تاریخی شراکت داری ہے، دونوں ممالک میں مشترکہ اسٹریٹجک مفادات اور قریبی دفاعی تعاون کے تناظر میں معاہدہ ہوا۔ وزیراعظم (باقی بقیہ نمبر 1 پر)

جوانوں کو عالمی مستقبل کے لیے بااختیار بنانا حکومت کا مشن

یوتھ اسکل ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت لینگویج ٹریننگ پروگرام کا میابی سے شروع

اسلام آباد (اے پی پی) وفاقی وزارت تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کو یہ اعلان کرتے ہوئے فخر ہے کہ حکومتِ پاکستان کے جاری مشن میں ایک اہم سنگِ میل عبور کیا گیا ہے جس کا مقصد نوجوانوں کو عملی اور مارکیٹ سے ہم آہنگ مہارتوں سے آراستہ کرنا ہے۔ حکومت اس حقیقت کو (باقی بقیہ نمبر 6 پر)

ریفری کا تنازع، اینڈی پائی کرافٹ نے پاکستانی ٹیم نے معافی مانگ لی

پاکستان اور یو اے ای کے درمیان ہونے والا میچ ایک گھنٹے کی تاخیر سے شروع ہوا

لاہور (بیورو رپورٹ) ایشیا کپ میں پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان ہونے والے میچ سے قبل پیدا ہونے والی غیر یقینی صورتحال ختم ہوگئی، متنازعہ ریفری اینڈی پائی کرافٹ نے پاکستان ٹیم اور منیجر سے معافی مانگ لی۔ ذرائع کے مطابق متنازعہ ریفری کے معاملے (باقی بقیہ نمبر 2 پر)

پنجاب حکومت نے پہلی ای ٹیکسی سکیم کا باقاعدہ آغاز کر دیا

سکیم کے پہلے مرحلے میں 1100 الیکٹرک ٹیکسیاں شہریوں میں فراہم کی جائیں گی' پنجاب حکومت

دلچسپی رکھنے والے افراد اپنی درخواستیں آن لائن ای ٹیکسی پنجاب کی ویب سائٹ پر 5 اکتوبر تک جمع کرا سکتے ہیں

لاہور (اے ایف بی) پنجاب حکومت نے ٹرانسپورٹ وژن 2030 کے تحت صوبے کی پہلی ای-ٹیکسی سکیم کے باقاعدہ آغاز کا اعلان کر دیا ہے۔ سکیم کے پہلے مرحلے میں 1100 الیکٹرک ٹیکسیاں شہریوں میں فراہم کی جائیں گی، دلچسپی رکھنے والے افراد اپنی درخواستیں آن لائن ای-ٹیکسی پنجاب کی ویب سائٹ پر 5 اکتوبر 2025 تک جمع کرا سکتے ہیں۔ حکومتی حکام کے مطابق یہ اقدام نہ صرف فضائی آلودگی کم کرے گا بلکہ ایندھن کے اخراجات میں بھی نمایاں کمی لائے گا، جس سے شہریوں کو ماحول دوست اور کم خرچ سفری سہولت ملے گی، صوبے میں شہری (باقی بقیہ نمبر 5 پر)

اسلام آباد۔۔۔وزیراعظم شہباز شریف نئے چینل پی ٹی وی ڈیجیٹل کا افتتاح کر رہے ہیں

پاکستان ٹیلی ویژن میں انگریزی چینل پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل کا افتتاح

بیانیے کی جنگ انتہائی اہم، پاکستان کے بارے میں ہونے والی غلط بیانی اور پروپیگنڈے کا موثر جواب دینا ہے، شہباز شریف

پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل عالمی ناظرین کو پاکستان کے لیے ایک فعال اور مستند آواز فراہم کرے گا' وزیراعظم کا افتتاحی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (اے پی پی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان ٹیلی ویژن میں قائم کردہ انگریزی چینل ''پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل'' کا افتتاح کر دیا۔ بدھ کو وزیراعظم نے پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل کا دورہ کیا جہاں انہوں نے پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل کے قیام کی تختی کی نقاب کشائی کی اور ڈیجیٹل چینل کی باقاعدہ نشریات کے آغاز کا افتتاح بھی کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاءاللہ تارڑ اور وفاقی سیکرٹری اطلاعات ونشریات عنبرین جان سمیت اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ پی ایم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے نئے قائم کردہ ٹی وی چینل (باقی بقیہ نمبر 3 پر)

سپیکر قومی اسمبلی سے مالدیپ کی عوامی مجلس کے سپیکر کی ملاقات

پاکستان اور مالدیپ مشترکہ مذہب، تاریخ اور ثقافت کے رشتوں میں جڑے ہیں

اسلام آباد (اے پی پی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی دعوت پر پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے مالدیپ کی عوامی مجلس کے سپیکر عبدالرحیم عبداللہ اور ان کے ہمراہ (باقی بقیہ نمبر 7 پر)

وزیر تعلیم خالد مقبول صدیقی کا ماڈل کالج فار گرلز' آئی ٹی لیب کا افتتاح

حکومت اس سہولت کو ملک کے دور دراز علاقوں تک پہنچانے کے لیے کوشاں ہے

اسلام آباد (اے پی پی) وفاقی وزیر برائے تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت خالد مقبول صدیقی نے اسلام آباد ماڈل کالج فار گرلز جی-ایون/1 میں جدید آئی ٹی لیب کا افتتاح کر دیا، یہ لیب (باقی بقیہ نمبر 8 پر)

مخیر حضرات سیلاب سے متاثرہ افراد کے لئے امداد فراہم کریں' یوسف گیلانی

اسلام آباد (اے پی پی) قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے مخیر حضرات اور بین الاقوامی ڈونر تنظیموں پر زور دیا ہے کہ وہ آگے بڑھیں اور سیلاب سے متاثرہ کمیونٹیز بالخصوص جنوبی پنجاب میں امداد فراہم کریں۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق قائم مقام صدر مملکت سے سابق وفاقی وزیر اور سینئر سیاستدان سینیٹر رانا ثناء اللہ خان نے بدھ کو ایوان صدر میں (باقی بقیہ نمبر 9 پر)

اسلام آباد۔۔۔قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی سے رانا ثناء اللہ ملاقات کر رہے ہیں

23 پاکستانی ماہی گیر عمان کی سمندری حدود میں ڈوب گئے

بنوں (آئی آئی پی) بنوں کے گاؤں خوجڑی کے 23 ماہی گیر عمان کی سمندری حدود میں ڈوب گئے، ایک ماہی گیر کو بچا لیا گیا ہے جبکہ 22 افراد تاحال لاپتہ ہیں۔ بنوں سے منتخب ہونے والے رکن قومی اسمبلی مولانا نسیم علی شاہ نے کہا ہے کہ یہ ماہی گیر 6 ستمبر کو مچھلیاں پکڑنے کے لیے گوادر سے عمان گئے تھے تاہم حادثے کا شکار ہوگئے۔ انہوں نے بتایا کہ ماہی گیروں کی لانچ کو حادثہ (باقی بقیہ نمبر 4 پر)

اسلام آباد۔۔۔وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان ایران کے نائب صدر اول سے ملاقات کر رہے ہیں

گڈو اور سکھر بیراج پر اونچے درجے کا سیلاب' لاکھوں لوگ متاثر

سندھ میں دریا کے کنارے اور کچے میں آباد دیہات، بستیاں اور فصلیں پانی کی نذر ہوگئیں

سکھر (نامہ نگار) دریائے سندھ میں گڈو اور سکھر بیراج کے مقام پر 5 روز سے اونچے درجے کی سیلابی کیفیت برقرار ہے جبکہ کوٹری بیراج پر درمیانے درجے کا سیلاب ہے، سندھ میں دریا کے کنارے اور کچے میں آباد دیہات، بستیاں اور فصلیں پانی کی نذر ہوگئیں۔ کندھ کوٹ کے (باقی بقیہ نمبر 17 پر)

چترال میں شدید بارش کی وجہ سے 20 مقامات پر سیلابی ریلوں نے تباہی مچادی

چترال (آئی آئی پی) مختلف علاقوں میں شدید بارش کی وجہ سے 20 مقامات پر سیلابی ریلوں نے تباہی مچادی، جہاں ایک مسجد شہید ہوئی، کئی گاڑیاں، زرعی اراضی اور مرکزی شاہراہ (باقی بقیہ نمبر 18 پر)





پاکستان اور کشمیر کو دنیا کی کوئی طاقت جدا نہیں کر سکتی ڈی جی آئی ایس پی آر

ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف کی آزاد کشمیر کے تعلیمی اداروں کے طلبہ اور اساتذہ کیساتھ نشست

میر پور (اے ایف بی) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے آزاد جموں و کشمیر کے مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ اور اساتذہ کے ساتھ خصوصی نشست کی۔ خصوصی نشست میں خان محمد خان پوسٹ گریجویٹ کالج، میر پور یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اور گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج فار گرلز کے طلبہ اور اساتذہ نے شرکت کی۔ طلبہ کا کہنا تھا کہ آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی پر طلبہ اور اہل کشمیر کی طرف سے مبارکباد پیش کرتے ہیں، ہم پاک فوج کے ساتھ کھڑے ہیں اور جانوں کا نظرانہ دینے سے گریز نہیں کریں گے، ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا (باقی بقیہ نمبر 10 پر)

میر پور۔۔۔ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری آزاد کشمیر کے طلباء سے خطاب کر رہے ہیں

اسرائیلی فوج نے غزہ شہر میں قیامت ڈھادی، مزید 90 فلسطینی شہید

قابض اسرائیل غزہ میں فوجی جارحیت جاری رکھے گا' اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو

اسرائیلی (اے ایف بی) فوج نے غزہ شہر زمینی کارروائیاں تیز کر دی ہیں، تازہ حملوں میں مزید 90 فلسطینی شہید ہوگئے۔ بین الاقوامی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق کئی ہفتوں سے جاری فضائی بمباری کے بعد اسرائیلی فوج نے غزہ شہر میں زمینی کارروائیوں کا سلسلہ بھی شروع کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی کارروائیوں کے نتیجے میں مزید 90 بے گناہ فلسطینی شہید ہوگئے ہیں۔ جبکہ متعدد عمارتوں کو بھی تباہ کر دیا گیا۔ ادھر اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کا کہنا ہے کہ قابض اسرائیلی غزہ میں فوجی جارحیت جاری رکھے گا، غزہ کے شہریوں کو علاقے سے جانے کی (باقی بقیہ نمبر 11 پر)

وزیر صحت مصطفیٰ کمال کی ترکیہ سفیر ڈاکٹر مہمت پاجاجی سے ملاقات

ڈاکٹرز اور نرسز کی باہمی تعلیمی شراکت داری کے فروغ پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (اے پی پی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر مہمت پاجاجی سے ملاقات کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دہائیوں پر محیط برادرانہ اور گہرے تعلقات موجود ہیں۔ انہوں نے دونوں ممالک کے مابین سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لئے باہمی تعاون اور ڈاکٹرز اور نرسز کی باہمی تعلیمی شراکت داری کے فروغ پر بھی گفتگو کی گئی۔ ملاقات میں صحت کے شعبے میں تعاون سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاکستان میں (باقی بقیہ نمبر 13 پر)

پنجاب بھر کے 200 سے زائد گوداموں سے ذخیرہ کی گئی گندم قبضے میں لے لی گئی

لاہور (آئی آئی پی) پنجاب بھر کے 200 سے زائد گوداموں سے ذخیرہ کی گئی گندم قبضے میں لے لی گئی۔ وزارت خوراک کے ذرائع کے مطابق یہ گندم ذخیرہ اندوزوں نے چھپا (باقی بقیہ نمبر 14 پر)

بیرسٹر علی ظفر نے 17 سینیٹرز کے استعفے جمع کرا دیئے

اسلام آباد (آئی آئی پی) پاکستان تحریک انصاف کے پارلیمان کے ایوان بالا (سینیٹ) میں پارلیمانی لیڈر بیرسٹر علی ظفر نے اپنے 17 سینیٹرز کے استعفے جمع کروا دیے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو (باقی بقیہ نمبر 15 پر)

شیرانی میں دہشتگردوں کا پولیس لائنز اور ملحقہ تھانے پر حملہ، 4 اہلکار شہید

حملوں کے باعث تھانوں میں کمیونیکیشن سسٹم مکمل طور پر تباہ ہوگیا جبکہ لیویز کی ایک گاڑی کو بھی شدید نقصان پہنچا

بلوچستان (اے ایف بی) بلوچستان کے ضلع شیرانی میں دہشت گردوں نے پولیس لائنز اور ملحقہ لیویز تھانے پر حملہ کر دیا جس میں لیویز کے 3 اہلکار اور کانسٹیبلری کا ایک جوان شہید ہوگیا جبکہ حملوں کے دوران 6 اہلکار شدید زخمی ہوئے۔ ڈپٹی کمشنر کے مطابق حملوں کے باعث تھانوں میں کمیونیکیشن سسٹم مکمل طور پر تباہ ہوگیا جبکہ لیویز کی ایک گاڑی کو بھی شدید نقصان پہنچا، واقعہ کی اطلاع ملتے ہی اضافی فورس کو ٹوب سے طلب کر لیا گیا، امدادی ٹیموں نے زخمیوں کو ٹوب کے سول ہسپتال میں منتقل کر دیا۔ سکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لیکر دہشت گردوں کے خلاف (باقی بقیہ نمبر 12 پر)

لاہور۔۔۔وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری سے لاہور پریس کلب کے عہدیداران ملاقات کر رہے ہیں

سزاؤں کا اتوار بازار ختم ہونا چاہیے، بیرسٹر گوہر

نفرتوں سے حکومت کرنے سے پاکستان کا نقصان ہوگا' چیئرمین پی ٹی آئی

پشاور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ اب سزاؤں کا اتوار بازار ختم ہونا چاہیے، نفرتوں سے حکومت کرنے سے پاکستان کا نقصان ہوگا۔ پشاور ہائیکورٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کا کہنا (باقی بقیہ نمبر 16 پر)

گھریلو صارفین کو آر ایل این جی کنکشنز فراہمی کی اجازت

گھریلو آر ایل این جی کنکشن کی سکیورٹی فیس 20 ہزار روپے مقرر کی گئی

اسلام آباد (آئی آئی پی) حکومت نے گھریلو صارفین کو آر ایل این جی کنکشنز فراہمی کی اجازت دیدی، کابینہ کی منظوری کے بعد پیٹرولیم ڈویژن نے مراسلہ جاری کر دیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ گھریلو آر ایل این جی کنکشن کی سکیورٹی فیس 20 ہزار روپے مقرر کی گئی ہے (باقی بقیہ نمبر 19 پر)

روزنامہ جہاں

شہر شہر کی خبریں

سیلاب زدگان کی امداد دکھی انسانیت کی خدمت ہے

مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے ایڈیشنل ناظم اعلیٰ سید محمد سبطین شاہ نقوی

سرگودھا (راو عابد مجید سے) مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے ایڈیشنل ناظم اعلیٰ سید محمد سبطین شاہ نقوی نے کہا کہ سیلاب زدگان کی امداد دکھی انسانیت کی خدمت اور صدیقہ جاریہ ہے جس میں بھرپور حصہ ڈال کر اللہ تعالیٰ کی برکات اور آخرت کے اجر وثواب کا انمول تحفہ کے لئے سرگرم عمل رہیں سرگودھا کی جماعت پوری ٹیم کی شکل میں خدمت انسانیت کو جاری ساری رکھے ہوئے ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حالیہ سیلاب زدگان کی امداد کا کام تیزی سے جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے ایڈیشنل ناظم اعلیٰ سید محمد سبطین شاہ نقوی نے شمالی پنجاب کے سرگودھا سے تعلق رکھنے والے اراکین مولانا سیف اللہ کمیرپوری صوبائی ناظم خدمت خلق کی قیادت میں۔ قائم مقام ضلعی ناظم عبدالمجید یزدانی۔ مولانا سمیع اللہ شاہد اور عمیر عبدالغفار کی قیادت میں اہلحدیث یوتھ ونگ کے ورکرز کے ساتھ پیر محمد والا پہنچ کر متاثرین سیلاب سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے ان میں کھانا تقسیم کیا اور جماعت کی طرف سے راشن اور بحالی کے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ سیلاب زدگان کی مدد خدمت انسانیت اور صدیقہ جاریہ ہے جس میں راشن کی تقسیم اور ان کی بحالی کے کام تیزی سے جاری رہیں۔

بزرگ شہریوں کا احترام ہر خاص وعام پر لازم ہے' خواجہ یاسر قیوم

چیمبر میں سینئر سٹیزنز کو متناسب نمائندگی دینے اور ان کے تجربات سے استفادہ کا اعلان

سرگودھا (راو عابد مجید سے) صدر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سرگودھا خواجہ یاسر قیوم نے چیمبر میں سینئر سٹیزنز کو متناسب نمائندگی دینے اور ان کے تجربات سے استفادہ کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ بزرگ شہریوں کا احترام ہر خاص وعام پر لازم ہے اور مستقبل میں ان کے کام آئے گا ہمارے بڑے گھنی چھاوءں ہیں ان کے سائے میں ہم موسمی تغیر وتبدل سے محفوظ ہیں ان خیلات کا اظہار انہوں نے سینئر سٹیزن فاوءنڈیشن کے وفد سے اپنے دفتر میں ملاقات کے دوران کیا وفد کی قیادت چیئرمین عبدالقدیر خان اور سینئر وائس چیرمین کوثر علی بھٹی کر رہے تھے جبکہ دیگر ممبران میں چوہدری سیف اللہ، رانا ذوالفقار علی، محمد اکرم، چوہدری امتیاز و دیگر شامل ہیں۔ صدر چیمبر نے کہا کہ اس وقت ملک وملت کو اندرونی و بیرونی خطرات لاحق ہیں اور نوجوان نسل ذہنی دباوء کا شکار ہیں بزرگ حضرات ان مشکل حالات سے نمٹنے میں نوجوان نسل کی راہنمائی کریں جبکہ نوجوانوں کو اپنے مسائل کے حل میں بڑوں سے مشاورت کو حرز جاں بنانا چاہیے اس موقع پر چیئرمین فاوءنڈیشن نے اپنی تنظیم کے بنیادی مقاصد سے آگاہ کیا اور مستقبل کے پلانز پر تبادلہ خیال کیا وفد نے صدر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا شکریہ ادا کیا اور آئندہ بھی باہمی تعاون کو بڑھانے عزم کا اظہار کیا۔

ڈی پی ایس کالج راولپنڈی کا اعزاز' شاندار کامیابی

بارویں جماعت کے نتائج میں نمایاں کامیابی، طالبعلم نے پوزیشن حاصل کی

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ڈی پی ایس کالج راولپنڈی نے باریوں جماعت کے حالیہ نتائج میں نمایاں کامیابی حاصل کرتے ہوئے ایک بار پھر شہر کے تعلیمی اداروں میں اپنی برتری ثابت کر دی۔ راولپنڈی بورڈ کے تحت منعقدہ امتحانات میں ڈی پی ایس کے ہونہار طالبعلم محمد اویس رضا نے 1094 نمبر حاصل کر کے تیسری پوزیشن اپنے نام کرلی۔ یہ کامیابی نہ صرف ادارے بلکہ شہر بھر کے لیے باعث فخر قرار دی جا رہی ہے۔ اس موقع پر کالج کی پرنسپل مسز ثمینہ خان نے کہا کہ یہ شاندار نتیجہ ادارے کی محنتی فیکلٹی، ہیڈ ماسٹر محمد افضال عباسی اور تمام اساتذہ کی شبانہ روز کاوشوں کا ثمر ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسے نتائج ہی تعلیمی معیار کو بلند کرتے ہیں اور آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ بنتے ہیں۔ پرنسپل نے اس موقع پر کالج کی کوآرڈینیٹر اور انگلش ٹیچر مس صوفیہ کو بھی مبارکباد پیش کی اور کہا کہ ان کی محنت اور رہنمائی اس کامیابی میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ قابل ذکر امر یہ ہے کہ کامیاب طالبعلم اویس رضا کے والد طاہر رشید بھی ڈی پی ایس کے منجھے ہوئے اساتذہ میں شمار ہوتے ہیں، جس سے یہ کامیابی اور بھی خوشگوار رنگ اختیار کر گئی ہے۔ شہری حلقوں اور تعلیمی ماہرین نے ڈی پی ایس کی اس کامیابی کو ادارے کی بھرپور تعلیمی خدمات کا اعتراف قرار دیا ہے۔

تین دکانیں پوائنٹ آف سیلز قوانین کی خلاف ورزی پر سیل

پی او ایس قوانین کی خلاف ورزیوں کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا' حکام ریجنل ٹیکس آفس

آر ٹی او 1 کی ڈپٹی کمشنر صدر میں گھریلو اشیا کی ایک مشہور آوٹ لیٹ کو سیل کر رہی ہیں

راولپنڈی (پ ر) ریجنل ٹیکس آفس-1 نے صدر میں دو مختلف برانڈز کی تین دکانیں پوائنٹ آف سیلز قوانین کی خلاف ورزی پر سیل کر دیں، ریجنل ٹیکس آفس-1 نے اپنی انتظامی حدود میں پوائنٹ آف سیلز قوانین کی خلاف ورزی پر کارروائی کرتے ہوئے آج صدر کے علاقے میں دو مختلف برانڈز کی تین دکانیں سیل کر دی ہیں پہلی کارروائی کے دوران صدر میں ایک معروف آوٹ لیٹ کو سیل کیا گیا جو گھریلو سامان جیسے کہ کچن ویئر، ڈرنک ویئر، کراکری اور کٹلری سیٹس کی خریداری کے لیے مشہور ہے۔ مذکورہ کارروائی سیلز ٹیکس قوانین 2006 کے رول ZEO150 کے تحت پی او ایس سسٹم سے غیر منسلک شدہ رسیدیں جاری کرنے پر کی گئی' اسی برانڈ کی ایک اور آوٹ لیٹ کو بھی پی او ایس سسٹم سے غیر منسلک شدہ رسیدیں جاری کرنے پر انہی قوانین کے تحت سیل کیا گیا ہے' تیسری کارروائی کے دوران صدر میں گھریلو ڈیکوریشن کی اشیا فروخت کرنے والی ایک مشہور ریٹیل آوٹ لیٹ کو بھی سیلز ٹیکس رولز 2006 کے رول ZEO150 کے تحت پی او ایس سسٹم سے غیر منسلک شدہ رسیدیں جاری کرنے پر سیل کیا گیا' ریجنل ٹیکس آفس-1 کے حکام کا کہنا ہے کہ ان کے دائرہ اختیار میں پی او ایس قوانین کی خلاف ورزیوں کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا اور ان خلاف ورزیوں کو روکنے کے لیئے کارروائیاں جاری رہیں گی۔

قائداعظم محمد علی جناح کی 77ویں برسی کے موقع پر سیمینار کا انعقاد

ایمان، اتحاد اور قربانی پر عمل کر کے ہم پاکستان کی ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں' مقررین

کراچی (پ ر) قائداعظم اکیڈمی (QAA) کے زیراہتمام اور گورنمنٹ ڈگری گرلز کالج کے تعاون سے بدھ کے روز ایک سیمینار منعقد کیا گیا جس کا مقصد بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کی 77ویں برسی کے موقع پر ان کی زندگی، قیادت اور افکار کو خراج عقیدت پیش کرنا تھا۔ اس سیمینار میں طلبہ، اساتذہ اور ماہرین تعلیم نے شرکت کی۔ اس تقریب کی صدارت نور افشاں، پرنسپل گورنمنٹ ڈگری گرلز کالج نے کی، جبکہ ڈاکٹر زاہد حسین ابڑو، انچارج قائداعظم اکیڈمی مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شریک ہوئے۔ دیگر معزز مقررین نے بھی خطاب کیا۔ سیمینار کا موضوع ''قائداعظم بابائے قوم کیوں؟'' تھا، جس پر طالبات نے اردو اور سندھی زبانوں میں اپنے خیالات کا اظہار کیا اور قائداعظم کے رہنما اصولوں اور تحریکِ آزادی میں ان کے کردار پر روشنی ڈالی۔ خطاب کرتے ہوئے پرنسپل نور افشاں نے کہا کہ اس نوعیت کی تقریبات نوجوان طلبہ و طالبات میں قائداعظم کے افکار و نظریات کو اجاگر کرنے کا ذریعہ بنتی ہیں۔ انہوں نے کہا: ''ایسے پلیٹ فارمز طالبات کو یہ سمجھنے کا موقع دیتے ہیں کہ محنت اور لگن سے ہی قوم کی تعمیر ہوتی ہیں۔ قائداعظم کے سنہری اصول ایمان، اتحاد اور قربانی پر عمل کر کے ہم پاکستان کی ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔۔۔۔

قائداعظم اکیڈمی کے زیراہتمام بابائے قوم کی برسی کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں شرکاء کا گروپ فوٹو

پاکستان آرمی میں بھرتی، دوسرا سلیکشن شیڈول 2025 کا اعلان

بھرتی کا عمل یکم ستمبر سے شروع ہو کر 10 نومبر 2025 تک جاری رہے گا

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پاکستان آرمی میں بھرتی کے لئے دوسرا سلیکشن شیڈول 2025 جاری کر دیا گیا ہے۔ بھرتی کا عمل یکم ستمبر سے شروع ہو کر 10 نومبر 2025 تک جاری رہے گا۔ اس سلسلے میں امیدوار سندھ رجمنٹل سینٹر آٹو بان روڈ، حیدرآباد رابطہ کر سکتے ہیں بھرتی کے لیے عمری حد سپاہی جنرل ڈیوٹی کے لیے 17 سے 23 سال (تاریخ شمار 16 فروری 2026 تک) اور میٹرک/کلرک کے لیے 17 سے 35 سال مقرر کی گئی ہے۔ امیدواروں کے لیے کم از کم قد 5 فٹ 6 انچ (167.5 سینٹی میٹر) جبکہ کلرک اور سٹور کیپر کے لیے 5 فٹ 3 انچ (160 سینٹی میٹر) رکھا گیا ہے۔ا

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج سہال میں طالبات کی تقریب حلف برداری

تقریب میں کالج کا پروکٹوریل بورڈ تشکیل دیا گیا اور منتخب طالبات سے حلف لیا گیا

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فار ویمن، سہال، راولپنڈی میں آج ایک پُروقار آوتھ ٹیکنگ سرمنی کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب میں کالج کا پروکٹوریل بورڈ تشکیل دیا گیا اور منتخب طالبات سے حلف لیا گیا۔ کالج میں فعال تین ہاؤسز فاطمہ الزہراء، خدیجہ الکبریٰ اور عائشہ صدیقہ کے لیے طالبات کو ذمہ داریاں سونپی گئیں۔ اس موقع پر انہیں خصوصی سیشنز کے ذریعے ان کی ذمہ داریوں اور فرائض سے آگاہ کیا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پرنسپل محترمہ سمیرا حمید اور اساتذہ نے کہا کہ پروکٹوریل بورڈ اور اسٹوڈنٹ کونسل کالج کی ہم نصابی سرگرمیوں اور فنکشنز میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔ ہاؤسز کے قیام کا مقصد طالبات میں قائدانہ صلاحیتوں کو اُجاگر کرنا اور صحت مند مقابلوں کے ذریعے ان کی صلاحیتوں کو نکھارنا ہے۔ آخر میں منتخب طالبات سے حلف لیا گیا کہ وہ ایمانداری، محنت اور نظم و ضبط کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کریں گی۔

آئی سی سی آئی آل پاکستان چیمبرز صدور کانکلیو کی میزبانی کرے گا، سردار طاہر محمود

تجارت اور صنعت کے فروغ کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جائے گی

اسلام آباد (غلام عباس) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) نے اعلان کیا ہے کہ وہ تاجر برادری کو درپیش چیلنجز کے حل کے لیے ٹھوس اور قابل عمل تجاویز مرتب کرنے کے لیے جلد ہی آل پاکستان چیمبرز کے صدور کا ایک اجلاس بلائے گا۔ یہ تجاویز حکومت کو پیش کی جائیں گی تا کہ ملک میں کاروبار کرنے میں آسانی اور پائیدار اقتصادی ترقی کے لیے سازگار ماحول کو یقینی بنایا جا سکے۔ یہ بات آئی سی سی آئی کے صدر سردار طاہر محمود نے اسلام آباد انڈسٹریل ایسوسی ایشن (IIA) کے ایک بڑے وفد سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس نے انہیں بطور صدر منتخب ہونے پر مبارکباد دینے کے لیے ICCI کا دورہ کیا۔ سردار طاہر محمود نے کہا کہ پائیدار اقتصادی ترقی کے حصول کے لیے صنعتی شعبے کی معاونت بہت ضروری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ "ایک فروغ پزیر صنعت نہ صرف روزگار کے مواقع پیدا کرتی ہے بلکہ برآمدات پر مبنی اشیا کی پیداوار کو بھی فروغ دیتی ہے، اس طرح ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر کو تقویت ملتی ہے"۔ انہوں نے وفد کو یقین دلایا کہ ICCI صنعتی برادری کے چیلنجز سے نمٹنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیگا اور اعلان کیا کہ چیمبر جلد ہی اپنی ترجیحات آشکار کریگا جن میں تجارت اور صنعت کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ اس موقع پر IIA کے صدر شیخ عبدالرزاق اور سینئر نائب صدر محمد علی مرزا نے صنعت کو درپیش کلیدی چیلنجوں پر روشنی ڈالی۔۔۔

نیشنل پریس کلب اسلام آباد کے باہر نجکاری کے خلاف احتجاج

واپڈا کی نجکاری کا فیصلہ واپس نہ لیا گیا تو ملک بھر کی بجلی بند کر دیں گے' مزدور تنظیمیں

اسلام آباد (پ ر) آل پاکستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونینز اور آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونینز (سی بی اے) کے ہزاروں عہدیداران اور کارکنان واپڈا آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونینز اور دیگر مزدور تنظیموں کا نیشنل پریس کلب اسلام آباد کے باہر نجکاری کے خلاف احتجاج واپڈا کی نجکاری کا فیصلہ واپس نہ لیا گیا تو ملک بھر کی بجلی بند کر دیں گے، مظاہرین کی حکومت کو دوٹوک وارننگ اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاور کمپنیوں، یوٹیلیٹی اسٹورز اور دیگر سرکاری اداروں کی مجوزہ نجکاری کے خلاف آل پاکستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونینز، ا?ل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین، یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن ورکرز یونین اور دیگر اداروں کے ہزاروں ملازمین نے نیشنل پریس کلب اسلام آباد کے باہر بھرپور احتجاجی مظاہرہ کیا۔ احتجاجی ریلی میں شامل کارکنان نے نجکاری کے فیصلوں کو مزدور دشمن قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا کہ واپڈا کی کسی بھی کمپنی یا شعبے کی نجکاری نہ کی جائے۔ مظاہرین نے خبردار کیا کہ اگر حکومت نے واپڈا کی نجکاری کا فیصلہ واپس نہ لیا تو ملک گیر سطح پر بجلی کی فراہمی بند کر دی جائے گی، جس کے بعد حکومتی نظام کا چلنا ممکن نہیں رہے گا۔ احتجاجی مظاہرے کی قیادت ا?ل پاکستان فیڈریشن ا?ف ٹریڈ یونینز کے چیئرمین اور آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونینز کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری حاجی محمد رمضان اچکزئی، ریجنل چیئرمین جاوید اقبال بلوچ، سیکرٹری عمران خان، نثار شیخ، عبداللہ سومرو، محمود پٹھان، ریاض ساگی، علی محمد جتوئی، یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن کے نائب صدر غلام حیدر اچکزئی سمیت دیگر رہنماؤں نے کی۔

مزدور یونینز کے ہزاروں کارکن واپڈا کی نج کاری کیخلاف نیشنل پریس کلب کے باہر احتجاج کر رہے ہیں

مری میں پنجاب کا پہلا ٹری ہاؤس، سیاحت کا نیا باب کھل گیا

ٹورازم ڈویلپمنٹ کارپوریشن پنجاب کے ایم ڈی عاصم رضا کا پہلے ٹری ہاؤس کا افتتاح

راولپنڈی (پ ر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ٹورزم ڈویلپمنٹ کارپوریشن پنجاب (TDCP) کے مینجنگ ڈائریکٹر عاصم رضا نے ریجنل مینیجر معظم نذیر کے ہمراہ ٹی ڈی سی پی ریزورٹ پتریاٹہ کا دورہ کیا اور پنجاب کے پہلے ٹری ہاؤس کا افتتاح کیا۔ مینجنگ ڈائریکٹر عاصم رضا نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ شاندار اور ماحولیاتی دوست (Friendly-Eco) رہائش اپنی نوعیت کا پہلا منصوبہ ہے جو سیاحوں کو قدرتی جنگلات کے دل میں درختوں کے بیچ قیام کا منفرد تجربہ فراہم کرے گا۔ ٹری ہاؤس میں جدید سہولیات اور قدرتی حسن کا امتزاج سیاحوں کے لیے یادگار لمحات تخلیق کرے گا، جو مری کی سیاحت کو ایک نئی پہچان دے گا۔ ٹری ہاؤس مری کو ایک جدید اور پائیدار سیاحتی مقام کے طور پر اجاگر کرنے میں سنگِ میل ثابت ہوگا۔ یہ سہولت نہ صرف ملکی بلکہ غیر ملکی سیاحوں کے لیے بھی پرکشش ثابت ہوگی۔ یہ منصوبہ ٹورزم ڈویلپمنٹ کارپوریشن پنجاب کے اس عزم کا اظہار ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف اور وزیر سیاحت محترمہ مریم اورنگزیب کے وژن کے مطابق مری کو ایک جدید، پائیدار اور عالمی معیار کے سیاحتی مقام کے طور پر ترقی دی جائے۔

ٹورازم ڈویلپمنٹ کارپوریشن پنجاب کے ایم ڈی عاصم رضا پنجاب کے پہلے ٹری ہاؤس کا افتتاح کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کا اراضی ریکارڈ سنٹر کوٹلی ستیاں کا دورہ

درخواست گزاروں کو فردات کے اجراء سمیت ریونیو سے متعلقہ دیگر سروسز کی فراہمی کے اقدامات کا جائزہ لیا

مری (پ ر) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی ہمراہ اسسٹنٹ کمشنر کوٹلی ستیاں ڈاکٹر شارام چند نے اراضی ریکارڈ سنٹر کوٹلی ستیاں کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سٹاف کی حاضری چیک کی اور سروسز کی فراہمی کے معیار اور ریکارڈ کا معائنہ کیا۔ انہوں نے درخواست گزاروں کو فردات کے اجراء سمیت ریونیو سے متعلقہ دیگر سروسز کی فراہمی کے اقدامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے اراضی ریکارڈ سنٹر کوٹلی ستیاں پر موجود شہریوں سے سروسز کے معیار کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور عملہ کو ہدایات جاری کیں کہ بلاک کھیوٹ اور میوٹیشن ایشوز کو جلد سے جلد حل کیا جائے۔ اراضی ریکارڈ سنٹر آنے والے صارفین سے سروس سہولیات کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے عملے اور دی جانے والی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا ھے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے کہا کہ نظام کی جدت عوام کی سہولت کے لئے قائم اراضی ریکارڈ سنٹر کی سروسز کا معیار بلند ہونا چاہیے۔ عوام الناس کو اراضی ریکارڈ سنٹر میں سہولیات کی فراہمی اور انکے مسائل کا حل انتظامیہ کا بنیادی فرض ہے۔ اس حوالے سے کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔



ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی اراضی ریکارڈ سنٹر کوٹلی ستیاں کا دورہ کر رہے ہیں

محترمہ طاہرہ سعیدہ نے ڈائریکٹر جنرل پی آئی ڈی پشاور کا چارج سنبھال لیا

اسلام آباد سے دیگر افسران کے ہمراہ پشاور پہنچنے پر عملے کی جانب سے پرتپاک استقبال

پشاور (علی اسد بٹ) طاہرہ سعیدہ، ڈائریکٹر جنرل، اسلام آباد پریس انفارمیشن ڈپارٹمنٹ ریجنل انفارمیشن آفس، پشاور کا لوک آفر چارج سنبھال لیا، اسلام آباد سے دیگر افسران کے ہمراہ پشاور پہنچنے پر پی آئی ڈی پشاور کے افسران و عملے نے طاہرہ سعیدہ کا پرتپاک استقبال کیا، اس موقع پر انہیں پی آئی ڈی پشاور کے امور کی نئی ذمہ داریاں تفویض کی گئیں جبکہ انہوں نے افسران اور دیگر عملے کو بھی پی آئی ڈی کے معاملات سے متعلق نئی ذمہ داریاں سونپیں اور اجتماعی کاوش اور جواب دہی پر زور دیا۔ چارج سنبھالنے کے فوراً بعد انہوں نے پی آئی ڈی پشاور کے تمام عملے کے ساتھ ایک تفصیلی اجلاس منعقد کیا۔ انہوں نے عملے کے مسائل توجہ سے سنے اور ان کے حل کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے اپنے عزم کا اظہار کیا کہ ان مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا اور کہا کہ نئی انتظامی ترتیب کے ساتھ پی آئی ڈی پشاور عوام اور حکومت دونوں کی توقعات پر پورا اترے گا، ڈائریکٹر جنرل نے پی آئی ڈی پشاور کے دفتر کی عمارت کا بھی معائنہ کیا اور سہولیات میں بہتری کے لئے ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ عملے کو بہتر اور سازگار ماحول فراہم کیا جائے تا کہ وہ زیادہ موء ثر اور لگن کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے سکیں، ڈی جی طاہرہ سعیدہ نے اعادہ کیا کہ پی آئی ڈی پشاور کا کردار حکومتی پالیسیوں کو اجاگر کرنے، عوام تک بہتر رسائی یقینی بنانے اور میڈیا سے روابط کو مزید مستحکم کرنے کے لئے نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ ٹیم ورک، عزم اور نئے جذبے کے ساتھ پی آئی ڈی پشاور کا عملہ محکمے کے مقاصد کی تکمیل میں مثبت کردار ادا کرتا رہے گا۔

راولپنڈی بورڈ کے سالانہ انٹرمیڈیٹ امتحان 2025 کے نتائج

پوزیشن ہولڈرز کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب آج فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی میں ہوگی

راولپنڈی (پ ر) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن راولپنڈی نے انٹرمیڈیٹ کے پہلے سالانہ امتحان 2025 کے پوزیشن ہولڈرز کا اعلان کر دیا۔ چیئرمین بورڈ محمد عدنان خان اور کنٹرولر امتحانات تنویر اصغر اعوان کے مطابق تینوں مجموعی پوزیشنز ہونہار طالبات نے اپنے نام کر لیں۔ اعلان کے مطابق پہلی پوزیشن پنجاب کالج برائے خواتین تلہ گنگ کی اریج شفقت حیات نے حاصل کی جنہوں نے 1200 میں سے 1148 نمبر حاصل کیے۔ اسی کالج کی عائشہ مشتاق نے 1139 نمبر لے کر دوسری پوزیشن اپنے نام کی جبکہ رائل کالج آف سائنسز فار گرلز چکوال کی ایمان فاطمہ نے 1138 نمبر لے کر تیسری پوزیشن حاصل کی۔ بورڈ حکام نے تمام کامیاب طلبہ و طالبات کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ شاندار کامیابی ان کی محنت اور لگن کا نتیجہ ہے۔ پوزیشن ہولڈرز کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب 18 ستمبر 2025 بروز جمعرات فاطمہ جناح وومن یونیورسٹی کے ایڈیٹوریم میں منعقد ہوگی جس میں نمایاں طلبہ وطالبات کو انعامات سے نوازا جائے گا۔

چوہدری مظہر حمید گوجر انجمن گوجراں تحصیل راولپنڈی کے صدر منتخب

چوہدری عبدالمجید جنرل سیکرٹری، صوبیدار محمد فیاض گوجر نائب صدر منتخب ہو گئے

راولپنڈی (خبر نگار) چوہدری مظہر حمید گوجر انجمن گوجراں تحصیل راولپنڈی کے صدر منتخب چوہدری عبدالمجید جنرل سیکرٹری، صوبیدار محمد فیاض گوجر نائب صدر اور چوہدری محمد عنایت گجر انفارمیشن سیکرٹری تحصیل راولپنڈی منتخب ہو گئے ن لیگی رہنما راجہ الیاس کیانی، محمد بلال کیانی ایڈووکیٹ جوائنٹ سیکرٹری راولپنڈی اسلام آباد ٹیکس بار ایسوسی ایشن کی نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد تفصیلات کے مطابق انجمن گوجراں تحصیل راولپنڈی کے انتخابات مکمل چوہدری مظہر حمید صدر، چوہدری عبدالمجید گوجر جنرل سیکرٹری، صوبیدار چوہدری فیاض گوجر نائب صدر، چوہدری عنایت گجر انفارمیشن سیکرٹری منتخب ہو گئے۔ مسلم لیگ ن کے رہنما راجہ الیاس کیانی، محمد بلال کیانی ایڈووکیٹ جوائنٹ سیکرٹری راولپنڈی اسلام آباد ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے انجمن گوجراں تحصیل راولپنڈی کے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد دی ہے۔

پی پی رہنماء عظمیٰ اقبال کا سیلاب متاثرین کی مدد کیلئے کیمپ کا انعقاد

سابق امیدوار قومی اسمبلی اور انچارج سینٹرل سیکرٹریٹ سید سبط الحید ر بخاری و دیگر رہنماؤں کی شرکت

اسلام آباد (خبر نگار) پاکستان پیپلز پارٹی حلقہ این اے 48 شعبہ خواتین کی رہنما عظمیٰ اقبال کی جانب سے PWD کالونی میں سیلاب متاثرین کیلئے لگائے گئے کیمپ میں سابق امیدوار قومی اسمبلی اور انچارج سینٹرل سیکرٹریٹ سید سبط الحیدر بخاری، ضلعی صدر راجہ شکیل عباسی ایڈووکیٹ، نائب صدر بابر منہاس اور مرکزی اقلیتی رہنما راشد چوہان کی بھی شرکت۔ تفصیلات کیمطابق پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت کی ہدایت پر ملک بھر کی طرح وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بھی شعبہ خواتین کی رہنما عظمیٰ اقبال کی جانب سے سیلاب متاثرین کی مدد کیلئے کیمپ کا انعقاد کیا گیا، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری، PPPP کے سیکرٹری جنرل سید نیئر حسین بخاری کی ہدایت پر لگائے جانے والے کیمپ میں انچارج پیپلز سیکرٹریٹ و سابق امیدوار قومی اسمبلی سید سبط الحیدر بخاری، ضلعی صدر شکیل عباسی، مرکزی اقلیتی رہنما راشد چوہان اور نائب صدر بابر منہاس نے بھی کیمپ کا دورہ کیا کہا کہ ملک بھر میں سیلاب متاثرین کی امداد کیلئے پاکستان پیپلز کی جانب سے امدادی کیمپوں کا انعقاد اس امر کی غمازی ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور حقیقی عوامی جماعت ہے جو مشکل کی اس گھڑی میں اپنے ضرورت مند اور تکلیف میں مبتلا بھائیوں کے غم میں برابر کی شریک ہے عظمیٰ اقبال جنھوں نے پہل کرتے ہوئے اسلام آباد کی حدود میں کیمپ کا انعقاد کیا انکی جلائی ہوئی مشعل مزید روشنی پھیلاتے ہوئے انشاءاللہ دیگر علاقوں میں بھی اس نوع کے کیمپس کا باعث بنے گا جس سے سیلاب میں گھرے ہوئے بھائیوں کی بھرپور مالی امداد کا باعث بنے گا مسیحی برادری اپنے مصیبت زدہ بھائیوں کیساتھ ہے۔ اس موقع پر پیپلز پارٹی رہنماؤں کی جانب سے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی سیلاب زدہ علاقوں کے بجلی صارفین کے بلوں کی معافی کی اپیل اور حکومت کی جانب سے بلوں کی معطلی قابل تحسین ہے۔

عوام الناس کو ریلیف فراہم کرنا ہماری ترجیح ہونی چاہیے' کنزہ مرتضیٰ

آر ڈی اے کا اجلاس، نو تعینات افسران کو خوش آمدید اور ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا گیا

راولپنڈی (پ ر) راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے کانفرنس روم میں آج ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں نو تعینات افسران کو خوش آمدید کہا گیا اور جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کی صدارت ڈائریکٹر جنرل آر ڈی اے، کنزہ مرتضیٰ نے کی۔ ڈی جی آر ڈی اے نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ تمام افسران سرکاری پالیسیوں پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں تا کہ اتھارٹی کے مقاصد حاصل کیے جا سکیں۔ انہوں نے زور دیا کہ عوامی شکایات کے ازالے کے لیے ہر ممکن قدم اٹھایا جائے اور افسران و عملہ ایمانداری، محنت اور خلوص کے ساتھ کام کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہم ریاستی ملازم ہیں اور عوامی مسائل کے حل کے لیے قوانین وضوابط کی پابندی کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ ڈی جی آر ڈی اے نے میٹروپولیٹن پلاننگ اینڈ ٹریفک انجینئرنگ ڈائریکٹوریٹ کو ہدایت کی کہ بلڈنگ اینڈ زوننگ ریگولیشنز کے بارے میں عوامی آگاہی پیدا کی جائے اور غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں، غیر منظور شدہ تعمیرات اور غیر قانونی تجارتی سرگرمیوں کے خلاف بلاخوف وخطر سخت کارروائی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ اجلاس میں رنگ روڈ پراجیکٹ، نالہ لئی ایکسپریس وے اور دیگر بڑے ترقیاتی منصوبوں پر روشنی ڈالی گئی۔ ڈی جی آر ڈی اے نے انجینئرنگ ڈائریکٹوریٹ کو ہدایت کی کہ جاری منصوبوں کی رفتار تیز کی جائے اور جہاں کوئی رکاوٹ موجود نہ ہو وہاں بلاوجہ تاخیر نہ کی جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ عوامی مشکلات کو کم کرنے کے لیے ضرورت پڑنے پر اوقات کار میں بھی اضافہ کیا جائے۔

سوست پورٹ ہڑتال، شرپسند عناصر کی ذاتی مفاد پرستی، اصل حقائق بے نقاب

سال بھر کھلا رہنے والا سوست ڈرائی پورٹ شرپسند عناصر کی سازش کے نشانہ پر

گلگت (پ ر) سوست پورٹ ہڑتال، شرپسند عناصر کی ذاتی مفاد پرستی، اصل حقائق بے نقاب' وفاقی اداروں کی کاوشوں سے سال بھر کھلا رہنے والا سوست ڈرائی پورٹ شرپسند عناصر کی سازش کے نشانہ پر' شرپسند عناصر کا مطالبہ ہے کہ گلگت بلتستان کو وفاقی ٹیکس سے مکمل استثنا اور پورٹ پر پھنسے 300 کنٹینرز کو فوری کلیرنس دی جائے شرپسند عناصر کی ہڑتال گمراہ کن ہے، اصل حقائق اس احتجاج کے بیانیے سے یکسر مختلف ہیں ماضی میں زیرو پوائنٹ سے سوست تک ٹیکس چوری کے لیے بڑے کنٹینرز کا سامان چھوٹی گاڑیوں میں منتقل کیا جاتا تھا وفاقی اور سکیورٹی اداروں کی انٹیلیجنس کارروائیوں سے چار ارب کی ٹیکس چوری روکی گئی جسکی وجہ سے سوست پورٹ کی آمدن پانچ گنا بڑھی شرپسند عناصر کی حالیہ ہڑتال کے نتیجے میں وفاقی گرانٹس اور بجٹ کے اخراجات شدید متاثر ہونے کا خدشہ ہے سوست ڈرائی پورٹ کی صورتحال شرپسند عناصر نے ذاتی مفاد کے لیے مسخ کی، حقائق صورتحال کے بالکل برعکس ہیں گلگت بلتستان کا سالانہ بجٹ 140 ارب ہے جسکا زیادہ تر حصہ وفاق کی گرانٹ پر مبنی ہے سال 26-2025 میں وفاق سے تقریباً 86 ارب روپے کی گرانٹ ملیں، جبکہ گلگت بلتستان کی اپنی آمدنی صرف 5 ارب روپے سالانہ ہے بین الاقوامی قوانین کے مطابق سوست پورٹ وفاق کے ماتحت ہے، صوبہ ٹیکس ختم نہیں کرا سکتا، شرپسند عناصر کا مطالبہ غیر قانونی ہے سیلز ٹیکس ایکٹ کے تحت گلگت بلتستان کو ٹیکس میں خصوصی چھوٹ حاصل ہے، گندم، بجلی اور پراپرٹی ٹیکس میں سبسڈیز، بیرون ملک سامان پر رعایت کا مطالبہ غیر قانونی ہے سوست پورٹ سے سالانہ تقریباً 5000 مال بردار کنٹینرز آتے ہیں، جن میں 800-1200 صرف گلگت بلتستان کے لیے ہیں۔

ڈاکٹر سرور حسین نقشبندی وفاقی وزیر برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف سے بین الاقوامی خاتم النبیین سیرت کانفرنس 2025 میں اپنی نعتیہ کتاب' حضور جانتے ہیں' پر قومی سیرت ایوارڈ وصول رہے ہیں

راولپنڈی۔ گورنمنٹ گریجویٹ کالج اصغر مال میں منعقدہ سیرت النبی کانفرنس میں طلبہ وطالبات کا مہمان خصوصی ڈاکٹر محمد ایوب پروفیسر ڈاکٹر عالیہ خان' ڈاکٹر سلیم مظہر ودیگر کا گروپ فوٹو

نادرا کی نائجیریا میں شناخت کے عالمی دن کی تقریبات میں بطور سپانسر شرکت

اب تک 12 کروڑ سے زائد افراد کی شناخت کی کارروائی مکمل ہو چکی ہے

ابوجا، نائجیریا (پ ر) نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) نے نائجیریا کے دارالحکومت ابوجا میں شناخت کے عالمی دن کے موقع پر منعقد کی گئی تقریب میں بطور سپانسر شرکت کی۔ "پبلک انفراسٹرکچر میں ڈیجیٹل سہولیات کے بنیادی کردار" کے موضوع پر منعقد کی گئی ان تقریبات کا اہتمام نائجیریا میں قومی شناخت کے ادارے این آئی ایم سی کی جانب سے کیا گیا۔ نادرا ٹیکنالوجیز لمیٹڈ (NTL) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عمر خان آزاد نے اپنے خیر سگالی پیغام میں نادرا اور این آئی ایم سی کے درمیان دیرینہ اشتراک کی اہمیت کو اجاگر کیا جس کے تحت اب 12 کروڑ سے زائد افراد کی شناخت کی کارروائی مکمل ہو چکی ہے۔ انہوں نے اس شراکت کو نادرا کے لئے اعزاز قرار دیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ نادرا، این آئی ایم سی کے ساتھ تعاون کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے ڈیجیٹل شناخت کی ٹیکنالوجیز اور اس میں جدت کو فروغ دے گا اور سکیورٹی فریم ورک کو مزید مستحکم بنائے گا۔ خیال رہے کہ نادرا، 2009 سے این آئی ایم سی کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے اور نائجیریا کے شناختی نظام کی تشکیل سے تکمیل تک کے عمل میں کلیدی خدمات فراہم کر چکا ہے۔



سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق سے آزاد کشمیر کے وفد کی ملاقات

ایوان میں موجود تمام اراکین میرے لیے یکساں ہیں' سپیکر کی چوہدری لطیف اکبر سے گفتگو

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر چوہدری لطیف اکبر نے اپنے وفد کے ہمراہ بدھ کے روز پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی۔ وفد میں ممبران قانون ساز اسمبلی سابق وزیراعظم آزاد کشمیر راجہ فاروق حیدر خان، حافظ احمد رضا قادری، حامد رضا اور دیوان علی چغتائی شامل تھے۔ ملاقات کے دوران بھارتی آبی جارحیت اور مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کی شدید مذمت کی گئی۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا کہ ایوان میں موجود تمام اراکین میرے لیے یکساں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 15ویں قومی اسمبلی کے پہلے ساڑھے تین سالوں میں کسی رکن کے پروڈکشن آرڈر جاری نہیں ہوئے، تاہم بطور کسٹوڈین آف دی ہاؤس انہوں نے تمام اراکین کے پروڈکشن آرڈرز کو یقینی بنایا۔ انہوں نے کہا کہ اراکین پارلیمنٹ کے مسائل بلاامتیاز حل کرنا ان کی اولین ترجیح ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ پارلیمان نے ہمیشہ مسئلہ کشمیر کو علاقائی اور عالمی فورمز پر بھرپور طریقے سے اجاگر کیا ہے اور مستقبل میں بھی اس عزم کو جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے 5 اگست 2019ء کے بھارتی حکومت کے یکطرفہ اقدام کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بھارت طاقت کے زور پر کشمیری عوام کے جذبہ حریت کو دبا نہیں سکتا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے آزاد کشمیر میں حالیہ طوفانی بارشوں سے ہونے والے جانی ومالی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار بھی کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور آزاد کشمیر کی عوام کے دل ایک ساتھ دھڑکتے ہیں۔

اسلام آباد۔ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے سپیکر آزاد کشمیر اسمبلی چوہدری لطیف اکبر ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف بہاولپور پہنچ گئیں

احمد پور شرقیہ کے علاقے اُچ شریف آمد، اُچ شریف کے نواح میں بھلہ جھلان میں حفاظتی بند کا دورہ

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف بہاولپور پہنچ گئیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے احمد پور شرقیہ کے علاقے اُچ شریف کے نواح میں بھلہ جھلان میں حفاظتی بند کا دورہ کیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے دریائے ستلج میں طغیانی کے باعث سیلاب متاثرہ علاقے کا جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سیلاب کے دوران جاں بحق ہونے والوں کے اہل خانہ سے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سسکیاں لے کر رونے والی خاتون کو گلے لگا کر دلاسہ دیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے فلڈ ریلیف ٹینٹ سٹی میں سیلاب متاثرین سے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ریسکیو آپریشن اور دستیاب سہولتوں کے بارے میں دریافت کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف ٹینٹ میں خواتین کے ساتھ بیٹھ گئیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ننھی سی بچی کو گود میں اٹھا کر اظہار مسرت کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سیلاب متاثرہ خاندان کے معصوم بچوں میں گھل مل گئیں۔ بچوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے مل کر خوشی کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے خواتین اور بچوں کو تحائف پیش کیے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو ڈی جی پی ڈی ایم اے اور ڈی سی بہاولپور نے بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ سیلاب سے بہاولپور کے 124 موضع، 1 لاکھ 17 ہزار سے زائد آبادی متاثر ہوئی۔ سیلاب متاثرہ علاقوں سے 1 لاکھ 17 ہزار آبادی کا محفوظ انخلا کیا گیا۔ سیلاب متاثرین کے لئے 26 فلڈ ریلیف کیمپ قائم کیے گئے، 7849 افراد مقیم تھے۔ سیلاب متاثرین کے لئے 26 کلینک آن ویل، موبائل ہیلتھ یونٹ اور 2 کلینک آن بوٹ مصروف کار رہے۔ 54 ہزار سے زائد سیلاب متاثرین کا علاج کیا گیا۔ سیلاب متاثرہ علاقوں سے 68 ہزار سے زائد مویشی محفوظ مقام پر منتقل، ایک لاکھ 13 ہزار سے زائد مویشیوں کی ویکسی نیشن کی گئی۔ مویشیوں کے لئے 7765 من چارہ، 48 ہزار کلو توڑی کے بیگ مہیا کئے گئے۔

ڈی ایم اے کی جی 9 اور آئی 11 بس اسٹینڈز کی کامیاب نیلامی

یہ نیلامی ڈائریکٹر ڈی ایم اے ڈاکٹر انعم فاطمہ کی زیر نگرانی شفافیت کے ساتھ عمل میں لائی گئی

اسلام آباد (پ ر) چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی ہدایت پر میٹروپولیٹن کارپوریشن اسلام آباد (ایم سی آئی) کے ڈائریکٹوریٹ آف میونسپل ایڈمنسٹریشن (ڈی ایم اے) نے G-9 اور I-11 بس اسٹینڈز کی اوپن نیلامی کامیابی سے مکمل کر لی ہے، جو ڈائریکٹوریٹ آف میونسپل ایڈمنسٹریشن آمدنی میں تاریخی سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ یہ نیلامی ڈائریکٹر ڈی ایم اے ڈاکٹر انعم فاطمہ کی زیر نگرانی شفافیت کے ساتھ عمل میں لائی گئی جسمیں ملک بھر کے بہترین کنٹریکٹرز نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ واضح رہے عرصہ دراز سے تعطل یہ دونوں بس اسٹینڈز نیلامی کی بار بار ناکامی اور ٹھیکیداروں کی اجارہ داری کے باعث خود وصولی کی بنیاد پر چلائے جا رہے تھے۔ تاہم، میٹروپولیٹن کارپوریشن اسلام آباد (ایم سی آئی) کے ڈائریکٹوریٹ آف میونسپل ایڈمنسٹریشن (ڈی ایم اے) کی جانب سے کیے گئے اصلاحی اقدامات، سخت نگرانی اور بہتر ریونیو مینجمنٹ نے نہ صرف آمدنی کو مستحکم کیا بلکہ سرمایہ کاروں کا اعتماد بھی بحال کیا اور ایک کامیاب نیلامی کیلئے سازگار ماحول پیدا کیا جسے کنٹریکٹرز کی جانب سے بھرپور پزیرائی حاصل ہوئی۔ اس موقع پر کنٹریکٹرز کا کہنا تھا کہ جس طرح دونوں بس اسٹینڈز کے ٹھیکے کو میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر ایوارڈ کیا گیا ہے اسکی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ سی ڈی اے آئندہ بھی شفافیت کے عمل کو یقینی بناتے ہوئے اسی طرح کے اقدامات اٹھاتا رہے گا۔ چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے ڈائریکٹر ڈی ایم اے ڈاکٹر انعم فاطمہ اور انکی پوری ٹیم کی بہترین کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد کی منظم ترقی اور شہری سہولیات کی بہتری کیلئے اسی نوعیت کے شفاف اور موثر اقدامات تسلسل کے ساتھ جاری رہیں گے تا کہ اسلام آباد کو دنیا کا بہترین دارالخلافہ بنایا جا سکے اور اس سلسلہ میں تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

STEM ایجوکیشن تعلیمی معیار کیلئے اہم سنگ میل ہے

ویمن یونیورسٹی مردان کی فیکلٹی کی برطانیہ STEM پروگرام میں شرکت

پشاور(خبرنگار) ویمن یونیورسٹی مردان نے برٹش کونسل اور ایچ ای سی پاکستان کے تعاون سے برطانیہ میں منعقدہ STEM فیکلٹی ڈیولپمنٹ پروگرام میں شرکت کی، ویمن یونیورسٹی مردان فخر کے ساتھ اعلان کرتی ہے کہ اس کی فیکلٹی ممبران نے برطانیہ میں منعقدہ معزز STEM فیکلٹی ڈیولپمنٹ پروگرام میں کامیابی کے ساتھ شرکت کی۔ یہ پروگرام برٹش کونسل برطانیہ کے زیر اہتمام اور ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) پاکستان کے تعاون سے منعقد کیا گیا تھا۔ یونیورسٹی کی جانب سے ڈاکٹر منازہ سرور (اسسٹنٹ پروفیسر، کیمسٹری) اور ڈاکٹر رشدہ صادق (اسسٹنٹ پروفیسر، بائیوٹیکنالوجی) نے اس بین الاقوامی پروگرام میں نمائندگی کی، جس کا مقصد سائنس، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اور ریاضی (STEM) کے شعبوں میں تدریسی اور تحقیقی صلاحیتوں کو مزید فروغ دینا تھا۔ واپسی پر، ایک خصوصی اجلاس میں معزز وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر رضیہ سلطانہ کو پروگرام کے نتائج سے آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر شرکاء نے ایک جامع کاسکیڈنگ ٹریننگ پلان بھی پیش کیا، برطانیہ کے اس پروگرام سے حاصل کردہ علم اور مہارتیں یونیورسٹی کے مزید فیکلٹی ممبران اور طلبہ تک منتقل کی جائیں گی۔ یہ اقدام STEM ایجوکیشن کو مزید مستحکم بنانے اور یونیورسٹی میں علمی معیار کو بلند کرنے کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر رضیہ سلطانہ نے اس قیمتی موقع پر برٹش کونسل کا شکریہ ادا کیا۔

قیام امن کیلئے علماء کرام اپنا مذہبی وسماجی کردار ادا کریں، خالد محمود

ڈویژنل انتظامیہ عوام کی ترقی وخوشحالی کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے

پشاور(خبرنگار) کمشنر بنوں ڈویژن کیپٹن ریٹائرڈ خالد محمود نے کہا ہے کہ حکومتی کردار سمیت علماء کرام و دیگر سماجی حلقوں کو بھی قیام امن کیلئے اپنا مذہبی اور سماجی کردار پر اثر انداز سے ادا کرنا چاہیے تاکہ علاقے میں امن و استحکام اور ترقی وخوشحالی کا دور شروع ہو۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج اپنے دفتر میں مولانا عبدالغفار کی قیادت میں آئے ہوئے ضلع بنوں کے جید علماء کرام پر مشتمل وفد سے ملاقات میں کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر بنوں محمد فہیم، چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈبلیو ایس ایس سی محمد عمران، ڈویژنل و ضلعی انتظامیہ حکام سمیت مولانا عبدالغفار خان کی قیادت میں وفد کے علماء کرام کثیر تعداد میں موجود تھے۔ کمشنر بنوں ڈویژن کیپٹن ریٹائرڈ خالد محمود نے وفد کی رائے سے آگاہی لیتے ہوئے انہیں حکومتی سطح پر ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ ڈویژنل انتظامیہ عوام کی ترقی وخوشحالی کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ تاہم چند عناصر انتشار پھیلانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے علماء کرام سے اپنا مذہبی اور سماجی کردار ادا کرتے ہوئے اپیل کی کہ وہ بنوں ڈویژن میں قیام امن کیلئے مساجد اور عوامی اجتماعات میں شرپسند عناصر کے کردار کو واضح کریں تاکہ عوام کو ایک طرف تو خوارج کی پشت پناہی کرنے والے عناصر کے کردار معلوم ہو اور دوسری طرف عوام کا حکومت کی کوششوں اور قربانیوں پر اعتماد بھی بحال رہے۔ اس دوران علماء کرام نے ضلع بنوں میں قیام امن کیلئے ڈویژنل وضلعی انتظامیہ کے ساتھ ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

کمشنر بنوں ڈویژن کیپٹن ریٹائرڈ خالد محمود سے ضلع بنوں کی جید علماء کرام کا وفد ملاقات کر رہے ہیں

کوٹو پن بجلی منصوبہ توانائی شعبے کی ترقی میں ایک اہم سنگِ میل ہے

انجینئر طارق سدوزئی کا 40.8 میگاواٹ کوٹو پن بجلی منصوبے کا دورہ

پشاور(نمائندہ جہاں) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے معاون خصوصی برائے توانائی انجینئر طارق سدوزئی نے گزشتہ روز دیر لوئر میں 40.8 میگاواٹ کے حامل کوٹو پن بجلی منصوبے کی جگہ کا دورہ کیا اور وہاں جاری کام کا تفصیلی جائزہ لیا۔ منصوبے کی تازہ ترین پیش رفت پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کوٹو منصوبہ 10 اگست 2025 کو کامیابی کے ساتھ کمرشل آپریشن ڈیٹ (COD) پر داخل ہوا اور اب قومی گرڈ کو خاطر خواہ مقدار میں بجلی فراہم کر رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ منصوبے کی تکمیل میں متعدد رکاوٹیں حائل تھیں، تاہم صوبائی حکومت کے مؤثر اقدامات اور چینی انجینئرز کی بروقت تعیناتی کے باعث یہ منصوبہ کامیابی سے مکمل ہوا۔ معاون خصوصی انجینئر طارق سدوزئی نے اس موقع پر کہا کہ کوٹو پن بجلی منصوبے کا کمرشل آپریشن میں شامل ہونا صوبے کے توانائی کے شعبے میں ایک تاریخی سنگ میل ہے۔ یہ منصوبہ صاف، سستی اور پائیدار بجلی کی فراہمی کی جانب ایک بڑا قدم ہے۔

حیسکو چیف نے قاسم آباد میں کسٹمر سروس سینٹر کا افتتاح کر دیا

صارفین کی سہولت کے لئے ون ونڈو کسٹمر فیسیلی ٹیشن سینٹر قائم

حیدرآباد(پ ر) حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری نے صارف دوست پالیسی کے تحت آپریشن ڈویژن قاسم آباد میں کسٹمر سروس سینٹر کا افتتاح کیا، صارفین کی تمام شکایات ایک ہی چھت کے نیچے حل کی جا سکیں گی، معزز صارفین کی سہولت کے لیے ون ونڈو کسٹمر فیسیلیٹیشن سینٹر کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جس میں نیو کنکشن کی درخواست فوراً جمع کروائیں اور اولیت پر فوری بجلی کا کنکشن قانونی طریقے سے لگوانے میں مدد ملے گی۔ بجلی کے بلوں کے متعلق ڈیٹیکشن کی درستگی کے لئے تشریف لائیں اور اپنا مسئلہ فوراً حل کروائیں، بجلی بلوں کی درستگی کے ساتھ اسکی قسط بھی فوراً بنوائیں اور موجودہ تاریخ میں ادا کرنے کو یقینی بنائیں، جیسا کہ بجلی کے بل جمع کروانے کی سہولت بھی میسر ہے، آپ کی معاونت کے لئے حیسکو کا عملہ ہر وقت فیلڈ/کسٹمر سینٹرز میں موجود ہے/کسٹمر ڈائریکٹر زکی مختیار نے بتایا کی ہماری ہر ممکن کوشش ہے کی ہم اپنے معزز صارفین کو جدید سہولیات کے تحت انکی تمام شکایات کا فوری ازالہ کریں، علاوہ ازیں اس سے پہلے حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری نے AMI سیل اور CCMS کا دورہ کیا FCC اور 118 و دیگر ذرائع سے جتنی بھی شکایات آتی ہیں ان کو فوری حل کرنے کے لیے تمام متعلقہ آپریشن سرکل، ڈویژن اور سب ڈویژن تک پہنچایا جاتا ہے۔

ڈاکٹر انصار اللہ کی نگرانی میں ڈینگی لاروا کی چھان بین مکمل

اریگیشن کالونی بنوں میں انسداد ڈینگی مہم، شہریوں کو آگاہی فراہم

پشاور(نمائندہ جہاں) ضلعی انتظامیہ ضلع بنوں کی ہدایت پر ضلعی کوارڈینیٹر برائے انسداد ڈینگی بنوں ڈاکٹر انصار اللہ کی نگرانی میں محکمہ صحت کی ٹیم نے آج لوکل کیس کی وجہ سے اریگیشن کالونی بنوں میں انسداد ڈینگی مہم سے بچاؤ کے پیش نظر دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے شہریوں کو ڈینگی مچھروں کی علامات اور ان سے بچاؤ کے طریقوں پر تفصیلی آگاہی فراہم کیگئی۔ اس کے علاوہ اندرونی و بیرونی مچھروں کی نگرانی کی گ ء تاہم کوئی ڈینگی مچھروں کی کوئی علامات نہیں پائی گئیں۔ اس دوران انہوں نے مچھر دانیاں بھی تقسیم کیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے ڈینگی مچھروں کے لاروا کی بھی چھان بین کی تاہم ڈینگی وائرس کی کوئی علامات نہیں پائی گئی۔ یاد رہے کہ کل ڈینگی بخار کی علامات رکھنے والے مریض کو ہسپتال میں داخل کروایا گیا ہے۔ جو اسلام اباد سے ضلع بنوں آیا ہوا ہے

گرانفروشی اور ناقص صفائی پر کئی دکانیں سیل کر دی گئی

چکن و گوشت نرخنامے کی خلاف ورزی پر دکاندار گرفتار، کارروائی

پشاور(خبرنگار) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے عوامی ایجنڈا کے تحت ڈپٹی کمشنر لوئر چترال کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر دروش ڈاکٹر محمد علی نے چکن و گوشت کی سرکاری نرخنامے کے مطابق فروخت کو یقینی بنانے کے حوالے سے دروش بازار کا دورہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے مختلف دکانوں کا دورہ کر کے نرخنامے پر عملدرآمد، قیمتوں اور صفائی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے گرانفروشی اور ناقص صفائی پر بیشتر دکانداروں کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی اور گرانفروشی میں ملوث بیشتر دکانداروں کو گرفتار کر کے ان کی دکانیں سیل کر دی گئی۔

پولٹری اینڈ فشریز ایکسپو خیبر پختونخوا 2025 کا آغاز

شیر علی آفریدی اور سیکرٹری لائیو سٹاک نے سٹالوں کا معائنہ

پشاور(نمائندہ خصوصی) چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی برائے لائیو سٹاک شیر علی آفریدی اور سیکرٹری محکمہ لائیو سٹاک محمد طاہر اورکزئی نے ایکسپو میں لگائے گئے سٹالوں کا معائنہ کیا۔ تیسری انٹرنیشنل لائیو سٹاک، پولٹری اینڈ فشریز ایکسپو خیبر پختونخوا 2025 کا آغاز بدھ کے روز پشاور میں کیا گیا۔ سیکرٹری محکمہ لائیو سٹاک، فشریز و کوآپریٹیو محمد طاہر اورکزئی نے اس دو روزہ ایکسپو کا باقاعدہ فیتہ کاٹ کر افتتاح کیا۔ اس موقع پر، ڈائریکٹر جنرل لائیو سٹاک ایکسٹینشن ڈاکٹر اصل خان، ڈائریکٹر جنرل لائیو سٹاک ریسرچ اعجاز علی، ڈائریکٹر جنرل فشریز محمد شفیع مروت لائیو سٹاک ویلفیئر ایسوسی ایشن کے صوبائی صدر آصف اعوان، پولٹری ایسوسی ایشن کے صوبائی صدر راج ولی مہمند اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ حکومت خیبر پختونخوا، لائیو سٹاک سیکٹر اور لائیو سٹاک اینڈ پولٹری ویلفیئر ایسوسی ایشن کے تعاون سے کیا گیا ہے، جس کا مقصد لائیو سٹاک، پولٹری اور فشریز کے شعبوں کو جدید خطوط پر استوار کرنا، سرمایہ کاری کو فروغ دینا اور مویشی پال کسانوں کو عالمی معیار کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی برائے لائیو سٹاک شیر علی آفریدی اور سیکرٹری محکمہ لائیو سٹاک محمد طاہر اورکزئی نے تیسری انٹرنیشنل لائیو سٹاک، پولٹری اینڈ فشریز ایکسپو خیبر پختونخوا 2025 میں لگائے گئے مختلف سٹالوں کا معائنہ کیا۔

شہاب علی کی زیر صدارت گڈ گورننس روڈ میپ اجلاس منعقد

سی اینڈ ڈبلیو، معدنیات اور توانائی محکموں کی اصلاحات پر تفصیلی غور

پشاور(خبرنگار) چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا شہاب علی شاہ کی زیر صدارت سی اینڈ ڈبلیو، معدنیات، توانائی اور پاور محکموں کے گڈ گورننس روڈ میپ اقدامات پر جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں متعلقہ سیکرٹریز اور افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں سی اینڈ ڈبلیو محکمہ کی اہم اصلاحات پر تفصیل سے غور کیا گیا۔ چیف سیکرٹری نے ہدایت دی کہ تعمیرات میں لائٹ گیج اسٹرکچر اپنائے جائیں تاکہ کم لاگت اور کم وقت میں منصوبے مکمل ہوں۔ ابتدائی طور پر آٹھ سکولوں کی نشاندہی کی گئی ہے جن کا پی سی ون تیار ہے، اس طریقہ سے عمارتیں ایک تہائی کم وقت میں مکمل ہوں گی اور پچاس سال تک پائیدار رہیں گی۔ چیف سیکرٹری نے محکمہ کو ہدایت دی کہ کارکردگی بہتر بنانے کے لئے محکمہ کی سطح پر اہداف پر پیشرفت کا جائزہ لیا جائے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ سی اینڈ ڈبلیو محکمہ نے 100 فیصد ای پیڈ پر منتقلی کر لی ہے اور اب بولی جمع کرانے، کال ڈپازٹ اور کام کے تجربے کا نظام آن لائن ہوگا۔ محکمہ میں فنی مہارت بڑھانے کے لئے ایک اسٹریٹجک پلاننگ ڈیزائن اینڈ سپورٹ یونٹ (ایس پی ڈی ایس یو) قائم کرنے کی تیاریاں مکمل ہیں جو معیار اور منصوبہ بندی میں بہتری لائے گا۔ اجلاس میں بڑے منصوبوں پر بھی غور ہوا جن میں پشاور۔ ڈی آئی خان موٹروے (365 کلومیٹر)، سوات موٹروے فیز ٹو شامل ہے۔

جامعہ سوات میں ڈاکٹر محمد طارق ایسوسی ایٹ پروفیسر تعینات

ڈاکٹر طارق کی تعلیمی وتحقیقی خدمات پر جامعہ سوات کا اعتراف

پشاور(نمائندہ خصوصی) جامعہ سوات انتظامیہ نے شعبہ مینجمنٹ سائنسز کے ممتاز ماہر تعلیم ڈاکٹر محمد طارق کو ترقی دے کر ایسوسی ایٹ پروفیسر (بی پی ایس 20) تعینات کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق، ڈاکٹر محمد طارق نے تقریباً 20 سالہ تدریسی اور تحقیقی خدمات کے دوران ملکی و بین الاقوامی جامعات میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ وہ پی ایچ ڈی کے حامل ہیں۔

اسرائیلی فوج کی غزہ شہر میں زمینی کارروائیاں، مزید 90 فلسطینی شہید

غزہ سٹی پر اسرائیل کا زمینی حملہ خوفناک ہے، اسرائیلی حملہ انسانی بحران کو مزید سنگین بناتا ہے

غزہ(سی ایم لنکس) اسرائیلی فوج نے غزہ شہر میں زمینی کارروائیاں شروع کرتے ہوئے مزید 90 فلسطینی شہید کر دیے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق کئی ہفتوں سے جاری فضائی بمباری کے بعد اسرائیلی فوج نے غزہ شہر میں زمینی کارروائیاں شروع کر دی ہیں۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ اسرائیلی کارروائیوں کے نتیجے میں مزید 90 بے گناہ فلسطینی شہید ہو گئے ہیں۔ ادھر اسرائیل کی زمینی کارروائیوں پر جرمنی اور یورپی یونین کی جانب سے مذمت کی گئی ہے۔ یورپی یونین خارجہ پالیسی کی سربراہ کایا کالاس نے کہا کہ زمینی حملہ غزہ کی سنگین صورتحال کو مزید بدتر کر دے گا جبکہ یورپی کمیشن کے آج ہونے والے اجلاس میں اسرائیل پر پابندیاں بھی متوقع ہے۔ اس کے علاوہ کینیڈا نے بھی زمینی کارروائی پر کہا کہ غزہ سٹی پر اسرائیل کا زمینی حملہ خوفناک ہے، اسرائیلی حملہ انسانی بحران کو مزید سنگین بناتا ہے، اسرائیل کو بین الاقوامی قوانین کی پاسداری کرنی چاہیے۔ صورتحال کو مزید بدتر کر دے گا جبکہ یورپی کمیشن کے آج ہونے والے اجلاس میں اسرائیل پر پابندیاں بھی متوقع ہے۔ اس کے علاوہ کینیڈا نے بھی زمینی کارروائی پر کہا کہ غزہ سٹی پر اسرائیل کا زمینی حملہ خوفناک ہے، اسرائیلی حملہ انسانی بحران کو مزید سنگین بناتا ہے، اسرائیل کو بین الاقوامی قوانین کی پاسداری کرنی چاہیے۔

ڈپٹی کمشنر شمالی وزیرستان کا تبلیغی مرکز دورہ، انتظامات کا جائزہ

ضلعی انتظامیہ اور پولیس نے تبلیغی اجتماع کیلئے مکمل تعاون کی یقین دہانی

پشاور(نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر شمالی وزیرستان محمد یوسف کریم نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر وقار احمد کے ہمراہ میران شاہ میں واقع تبلیغی مرکز کا دورہ کر کے وہاں تبلیغی اجتماع کیلئے کیے گئے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس دوران تبلیغی مرکز مشران کے ساتھ ملاقات میں تمام امور پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر شمالی وزیرستان محمد یوسف کریم اور ڈی پی او وقار احمد نے تبلیغی مرکز مشران کو یقین دہانی کرواتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور پولیس ہمہ وقت تبلیغی مرکز کے منعقدہ اجتماع کے انتظامات میں علماء کرام و تبلیغی مرکز مشران کے ساتھ کھڑے ہونگے تاکہ امن و امان اور خیر و عافیت سے منعقدہ تاریخی تبلیغی اجتماع اپنے اختتام کو پہنچے۔ انہوں نے علماء کرام سے ملک کی ترقی و خوشحالی اور سلامتی کے لئے خصوصی دعاؤں کی اپیل بھی کی۔ انہوں نے علماء کرام سے ملک کی ترقی و خوشحالی اور سلامتی کے لئے خصوصی دعاؤں کی اپیل بھی کی۔

محمد یوسف کریم، وقار احمد کے ہمراہ تبلیغی مرکز میرانشاہ میں اجتماع کیلئے کئے گئے انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

اوشو فاریسٹ سیاحوں کیلئے دلکشی کی نئی پہچان بنے گا

کالام کے دلکش اوشو فاریسٹ میں ایکو ٹورزم منصوبے کی نئی راہیں کھلیں گی، عبدالصمد

پشاور(خبرنگار) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی آمین خان گنڈاپور کے سیاحتی ویژن کے فروغ کو عملی جامعہ پہناتے ہوئے صوبے کے سیاحتی مقامات کو مزید پرکشش بنانے کے لیے اہم اقدامات اٹھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ محکمہ سیاحت اور محکمہ جنگلات کی مشترکہ کاوشوں سے کالام کی حسین وادی اوشو فاریسٹ میں ایکوٹورزم زون قائم کیا جا رہا ہے۔ محکمہ جنگلات اور محکمہ سیاحت کے مابین منرو ٹریک مشترکہ منصوبے کے بعد یہ نیا اقدام سیاحت کے فروغ اور مقامی معیشت کے استحکام کی جانب ایک بڑا قدم ہے۔ اوشو فاریسٹ میں روایتی طرز کا ریسٹ ایریا بنایا جائے گا تاکہ آنے والے سیاحوں کو مزید سہولت فراہم کی جا سکے۔ اس موقع پر سیکرٹری سیاحت ڈاکٹر عبدالصمد نے کہا کہ اوشو فاریسٹ صرف ایک جنگل نہیں بلکہ سیاحوں کے لیے دلکش مقام ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ "اوشو ایکوٹورزم زون" صوبے کے دیگر منصوبوں کے لیے ایک شاندار مثال ثابت ہوگا جس میں موسم سرما اور گرمیوں کے موسم دونوں کی مناسبت سے خصوصی کیمپنگ کی جائیگی تاکہ سیاح سال بھر اوشو کے پرفضا ماحول سے لطف اندوز ہو سکیں۔ محکمہ جنگلات نے واضح کیا ہے کہ اوشو کے قدرتی جنگلات کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور کسی کو ماحول کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ایکوٹورزم کے فروغ کے لیے محکمہ جنگلات اور مقامی برادری کے تعاون سے مزید منصوبے بھی ترتیب دیے جا رہے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر دیر بالا کی زیر صدارت پولیو مہم جائزہ اجلاس

والدین بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں، نوید اکبر کا پیغام

پشاور(خبرنگار) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے عوامی ایجنڈا کے تحت ڈپٹی کمشنر دیر بالا نوید اکبر کی زیر صدارت پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز ایوننگ پولیو ریویو میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ اجلاس میں جاری کمپین کا جائزہ لیا گیا۔ ڈاکٹر احسان اللہ نے جاری مہم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ پیش کی۔ ڈپٹی کمشنر دیر بالا نے پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ تمام والدین سے گزارش ہے کہ وہ اپنے پانچ سال سے کم عمر کے بچوں کو پولیو کے حفاظتی قطرے ضرور پلائیں اور پولیو ٹیموں کے ساتھ تعاون کریں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر دیر بالا نوید اکبر نے تمام شرکاء کو ہدایت کی کہ جاری مہم کو احسن طریقے سے پایہ تکمیل تک پہنچائیں۔ دوسرے روز پولیو میٹنگ میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل جواد علی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، صوبیدار میجر دیر لیویز فورس ملک نصیر اللہ خان و دیگر نے شرکت کی۔

ڈپٹی کمشنر نوید اکبر، پولیو مہم کے دوسرے روز ایوننگ پولیو ریویو اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

امریکا میں ٹک ٹاک پر پابندی کی ڈیڈ لائن دسمبر تک بڑھا دی

معاہدے کے تحت امریکی صارفین کو ایک نئی ایپ پر منتقل کیا جائے گا

واشنگٹن(سی ایم لنکس) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکا میں ٹک ٹاک پر پابندی کی ڈیڈ لائن 16 دسمبر تک بڑھا دی۔ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکا اور چین کے درمیان ٹک ٹاک کے مستقبل سے متعلق معاہدہ طے پا گیا ہے جس کے تحت مقبول ویڈیو شیئرنگ ایپ کو امریکا میں چلنے کی اجازت مل جائے گی۔ ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس سے برطانیہ کے سرکاری دورے پر روانگی کے موقع پر صحافیوں کو بتایا کہ ٹک ٹاک پر ہماری ڈیل ہو گئی ہے، میں نے چین کے ساتھ معاہدہ کر لیا ہے اور جمعہ کو صدر شی جن پنگ سے اس کی باضابطہ تصدیق کروں گا۔ وال اسٹریٹ جرنل کے مطابق زیرِ غور معاہدے کے تحت ٹک ٹاک کا امریکی کاروبار ایک سرمایہ کار کنسورشیم کو دیا جائے گا جس میں ٹیکنالوجی کمپنی اوریکل (Oracle)، پرائیویٹ ایکوٹی فرم سلور لیک (Silver Lake) اور وینچر کیپیٹل فرم انڈریسن ہورووٹز (HorowitzAndreessen) شامل ہوں گی۔ نئی امریکی کمپنی میں تقریباً 80 فیصد شیئرز امریکی سرمایہ کاروں کے پاس ہوں گے جبکہ بورڈ میں بھی اکثریت امریکی نمائندوں کی ہوگی، ایک رکن امریکی حکومت کی جانب سے نامزد کیا جائے گا۔ معاہدے کے تحت امریکی صارفین کو ایک نئی ایپ پر منتقل کیا جائے گا جس میں مواد تجویز کرنے والا الگورتھم بائٹ ڈانس سے لائسنس کیا جائے گا۔

ریچارج پاکستان پراجیکٹ، چار اضلاع شامل، کمشنر نے تعاون پر زور دیا

ظفر الاسلام کی زیر صدارت ریچارج پاکستان پراجیکٹ کے حوالے سے اجلاس

پشاور(پ ر) ڈیرہ اسماعیل خان، کمشنر ڈیرہ اسماعیل خان ڈویژن ظفر الاسلام کی زیر صدارت ریچارج پاکستان پراجیکٹ کے حوالے سے ان کے دفتر میں اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ اجلاس میں ریجنل پولیس آفیسر سید اشفاق انور، سیکرٹری ٹو کمشنر سید باچا کے علاوہ ڈویژن بھر سے محکمہ جنگلات، اریگیشن، سوشل ویلفیئر، ایگریکلچر و دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران کمشنر ڈیرہ کو ریچارج پاکستان پراجیکٹ جو کہ ورلڈ وائڈ فنڈ فار نیچر۔ پاکستان (WWF) کے تعاون سے شروع کیا جا رہا ہے سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی اور مختلف مطالبات اور تجاویز سے متعلق بھی بتایا گیا۔ مزید بتایا گیا کہ پراجیکٹ سے متعلق آگاہی سیشنز کا انعقاد بھی کیا جائے گا جس پر کمشنر ڈیرہ ظفر الاسلام نے کہا کہ جیسا کہ پوری دنیا سمیت پاکستان کو بھی کلائمیٹ چینج کے باعث مختلف خطرات کا سامنا ہے جن میں موسمیاتی تبدیلیاں، شدید بارشیں/سیلاب، وغیرہ شامل ہیں لہذا ایسی صورتحال سے نمٹنے اور مستقبل میں کلائمیٹ چینج کے خطرات سے نمٹنے اور ان کے تدارک کیلئے ریچارج پاکستان پراجیکٹ کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پراجیکٹ کے تحت صوبہ خیبر پختونخوا میں 4 اضلاع کو شامل کیا گیا ہے اور ان چاروں کا تعلق ڈیرہ اسماعیل خان ڈویژن سے ہے لہذا تمام متعلقہ محکمے باہمی تعاون کا مظاہرہ کریں اور جس محکمے کو جو ٹاسک سونپا جائے اس کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔

ظفر الاسلام ریچارج پاکستان پراجیکٹ سے متعلق اپنے دفتر میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت امن اور ترقی کیلئے اقدامات اٹھائے گی، بابر سلیم

بابر سلیم سواتی سے پیر حافظ محمد اقبال قریشی کی سپیکر چیمبر، پشاور میں ملاقات

پشاور(پ ر) سپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی بابر سلیم سواتی سے پیر حافظ محمد اقبال قریشی نے سپیکر چیمبر، پشاور میں ملاقات کی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر مال نذیر عباسی اور رکن صوبائی اسمبلی تاج ترند بھی موجود تھے۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی جس میں باہمی دلچسپی کے امور اور ملک بالخصوص خیبر پختونخوا کی موجودہ صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پیر حافظ اقبال قریشی نے پاکستان اور خیبر پختونخوا کے امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا بھی کی۔ اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی نے پیر حافظ اقبال قریشی کی مذہبی وروحانی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ دینی رہنماؤں کا کردار معاشرتی ہم آہنگی اور عوامی رہنمائی کے فروغ میں نہایت اہمیت رکھتا ہے۔ بعد ازاں پیر حافظ اقبال قریشی کو خیبر پختونخوا اسمبلی کے اہم حصوں کا خصوصی طور پر دورہ کرایا گیا، بالخصوص اسمبلی اجلاس ہال کا۔ اسپیکر نے انہیں پارلیمانی روایات اور قانون سازی کے عمل سے متعلق بریفنگ بھی دی۔ ملاقات کے اختتام پر دونوں شخصیات کے درمیان طائف کا تبادلہ ہوا اور یادگار گروپ فوٹو بھی لیا گیا۔ تبلیغی سرگرمیوں اور اصلاحی پیغامات کے ذریعے عوام الناس کی رہنمائی اور معاشرتی بہتری کے لیے سرگرم عمل ہیں۔

گورنمنٹ ڈگری گرلز کالج میں قائداعظم کی 77 ویں برسی پر سیمینار

قائداعظم محمد علی جناح کی 77 ویں برسی کے موقع پر سیمینار کا انعقاد

کراچی(پ ر) قائداعظم اکیڈمی (QAA) کے زیراہتمام اور گورنمنٹ ڈگری گرلز کالج کے تعاون سے بدھ کے روز ایک سیمینار منعقد کیا گیا جس کا مقصد بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کی 77 ویں برسی کے موقع پر ان کی زندگی، قیادت اور افکار کو خراج عقیدت پیش کرنا تھا۔ اس سیمینار میں طلبہ، اساتذہ اور ماہرین تعلیم نے شرکت کی۔ اس تقریب کی صدارت نورافشاں، پرنسپل گورنمنٹ ڈگری گرلز کالج نے کی، جبکہ ڈاکٹر زاہد حسین ابڑو، انچارج قائداعظم اکیڈمی مہمان خصوصی کی حیثیت سے شریک ہوئے۔ دیگر معزز مقررین نے بھی خطاب کیا۔ سیمینار کا موضوع ''قائداعظم بابائے قوم کیوں؟'' تھا، جس پر طالبات نے اردو اور سندھی زبانوں میں اپنے خیالات کا اظہار کیا اور قائداعظم کے رہنما اصولوں اور تحریکِ آزادی میں ان کے کردار پر روشنی ڈالی۔ اس نوعیت کی تقریبات نوجوان طلبہ و طالبات میں قائداعظم کے افکار و نظریات کو اجاگر کرنے کا ذریعہ بنتی ہیں۔

سیلاب کی تباہ کاریوں کی ایک بڑی وجہ درختوں کی کمی ہے، جمیل اطہر

درخت موسموں کی شدت کو کم کرتے اور سیلابوں کو روکنے کا بڑا قدرتی ذریعہ ہیں

راولپنڈی(خبرنگار خصوصی) انجمن فیض الاسلام کے نائب صدر اور انجمن کے مندرہ کیمپس کے ڈائریکٹر لیفٹیننٹ کرنل (ر) میاں جمیل اطہر نے کہا ہے کہ سیلاب کی تباہ کاریوں کی ایک بڑی وجہ درختوں یا جنگلات کی شدید کمی ہے۔ شجرکاری مہم کے دوران زیادہ سے زیادہ پودے لگا کر ہم آنے والے ماہ وسال میں سیلاب کے نقصانات کم کر سکتے ہیں یہ بات انجمن فیض الاسلام کے مندرہ کیمپس میں شجرکاری مہم کے سلسلے میں پودا لگانے کے بعد گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انجمن کے سیکرٹری نشرواشاعت محمد بدر منیر، مجلس منتظمہ کے ممبران اور کیمپس کے عملے کے اراکین اس موقع پر موجود تھے۔ درخت موسموں کی شدت کو کم کرتے اور سیلابوں کو روکنے کا بڑا قدرتی ذریعہ ہیں۔ کہ بدقسمتی کے ساتھ ہمارے ملک میں عوام الناس میں درختوں کی ضرورت و اہمیت کا شعور نہیں اور آبادی میں اضافے کے ساتھ ساتھ جس رفتار کے ساتھ جنگلات میں اضافہ ہونا چاہیے تھا وہ نہیں ہوا۔

جمیل اطہر، اشاعت محمد بدر اور مندرجہ کیمپس میں شجرکاری مہم کے سلسلے میں پودا لگانے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

فوری ضرورت برائے UAE عمر حد 18 تا 50 سال
UAE کی مشہور معروف Combined Group Contracting Co کمپنی کیلئے فوری ضرورت ہے
شٹرنگ کارپینٹر تعداد 70 900-1200 کھانا فری + اوور ٹائم
سٹیل فکسر تعداد 49 900-1200 کھانا فری + اوور ٹائم
میسن تعداد 69 900-1200 کھانا فری + اوور ٹائم
پائپ فٹر تعداد 16 1200-1470 کھانا فری + اوور ٹائم
ہیلپر تعداد 33 800 کھانا فری + اوور ٹائم
ڈیوٹی 08 گھنٹے کھانا + اوور ٹائم
معاہدہ مدت 2 سال رہائش میڈیکل ٹرانسپورٹ بذمہ کمپنی دیگر مراعات مقامی لیبر لاء کے مطابق
ٹیسٹ انٹرویو 20 ستمبر بروز ہفتہ ڈیلیگیشن کی موجودگی میں ہونگے
انٹرویو بمقام گلف انٹرنیشنل ٹریڈ ٹیسٹ سنٹر جناح چوک نزد DPO آفس حافظ آباد
M/S Pak Future International OEP Overseas Employment Promoters
Office # 07, 2nd Floor, Noor Plaza, Chandni Chowk, Rawalpindi. LIC:2599/RWP PTN:3897886/2025
Mob: 0303-6980120 / 0315-6477706

فوری ویزہ ضرورت برائے سعودی عرب فوری روانگی وکالہ موجود ☆ 15 دن کے اندر ویزہ
بس ڈرائیور عمر حد 21 تا 45 سال تنخواہ 1400 تا 1500 ریال + کھانا + اوور ٹائم
ہیوی ایکوپمنٹ آپریٹر عمر حد 21 تا 45 سال (موبائل کرین/کرالر کرین آپریٹرز) تنخواہ 2000 تا 2500 ریال + کھانا + اوور ٹائم
Aramco ٹیسٹ پاس کرنے کی صورت میں 500 ریال تنخواہ بڑھا دی جائیگی۔
سعودی ویلڈ/ایکسپائر لائسنس ہولڈر یا UAE، عمان، کویت، قطر، بحرین کے ویلڈ لائسنس ہونا لازمی ہے
انٹرویو 22 ستمبر بروز سوموار کو آفس میں ہونگے
اپنے مکمل کاغذات واٹس ایپ کریں 0370-0030881
To Apply Upload Your Complete Documents and CV at Following Website.
Https://www.worldhirenet.com
کھانا بذمہ کمپنی
چوہدری ریکروٹنگ ایجنسی
ہیڈ آفس: دھوریہ منڈیر سٹاپ، ڈنگہ روڈ، کھاریاں ضلع گجرات
برانچ آفس: پلاٹ نمبر 2 Hill View لین نمبر 3 آئی کیو ورکشاپ GT روڈ سواں راولپنڈی
053-7701058, 053-7701280, 051-4917012
Mob: 0331-6688044 , 0370-0030882
Email: cv@craglobal.com Email: cvs1@craglobal.com www.craglobal.com
LIC:0055/RWP PTN:3538700 PTN:3896401

فوری ضرورت برائے بحرین خرچہ بمع ویزہ و ٹکٹ 2 لاکھ 93 ہزار
بحرین کے مشہور و معروف سیکورٹی گروپ کو درج ذیل افراد کی فوری ضرورت ہے ٹوٹل تعداد 111
سیکورٹی گارڈز تنخواہ 120 بحرینی دینار
سیفٹی آفیسر تنخواہ 120 بحرینی دینار + الاؤنس
کمپنی میں 1 سال مکمل کرنے کے بعد بحرین میں کسی بھی جگہ اپنی مرضی کی ملازمت کرنے کی اجازت ہوگی
☆ عمر حد 21 تا 40 سال تک ☆ تعلیم میٹرک/FA ☆ وزن 60 کلو سے زیادہ ہونا چاہیے
زیادہ قابلیت والوں کو سپیشل الاؤنس ملے گا
ڈیوٹی 12 گھنٹے معاہدہ مدت 2 سال رہائش میڈیکل ٹرانسپورٹ بذمہ کمپنی دیگر مراعات بحرین لیبر لاء کے مطابق
خواہشمند اپنی CV اور کاغذات کے ہمراہ مورخہ 21/20/19/18 ستمبر کو صبح 9 بجے انٹرویو کیلئے آفس تشریف لائیں۔ انٹرویو فری ہے کوئی فیس نہیں لی جائیگی۔
Saif MANPOWER SERVICES
051-5765115 051-5765332 0331-4852221 0316-5816823
Office # 19, 3rd Floor, Moti Plaza, Murree Road, Rawalpindi
LIC:3024/RWP PTN:3032800 / 3020671 Dated: 2025

ضرورت برائے سٹاف صرف راولپنڈی کے لوکل رہائشی رابطہ کریں
کک (ہر قسم کے پاکستانی کھانے بنانا جانتا ہو)
فی میل سوشل میڈیا مارکیٹنگ ایکسپرٹ
انٹرویو 19/20 ستمبر بروز جمعہ/ہفتہ صبح 10 بجے تا شام 4 بجے تک آفس میں ہوگا۔
امیدوار اپنی CV ہمیں وٹس ایپ کریں اور ساتھ لیکر بھی آئیں Send your CV at 0319-1969623
گرین لائن ہیومن ٹریڈ ٹیسٹ اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر
مین صدیقی چوک پلاٹ D-1، 6th روڈ سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی
0319-1969623/ 0306-5711444

M.A. MOTORS
INTERNATIONAL

We deal in all kinds of New & Used CARS. Sales, Purchase
CEO: Main Adnan Farooq
0300-5192024 / 0302-8553422
General Manager: Umair Fida
0311-5379195
Office: NW 377, Saidpur Road, Satellite Town, Rawalpindi.
Tel: 051-4843300,4845500

کینٹین ٹینڈر نوٹس
اسکول کی کینٹین چلانے کے لیے ٹینڈر مطلوب ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے افراد اپنی درخواست بمعہ کاغذات اور 500 روپے کا ناقابلِ واپسی ڈرافٹ (پرنسپل، ایف جی پبلک اسکول نمبر 1 گرلز، ٹیکسلا کینٹ کے نام) اس اشتہار کی اشاعت کے 15 دن کے اندر اندر اسکول دفتر میں جمع کرائیں۔ مزید معلومات دفتر سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔
پرنسپل: ایف جی پبلک اسکول نمبر 1 گرلز، ٹیکسلا کینٹ

فوری ضرورت برائے یورپ (بیلاروس)
یورپ کی مشہور فوڈ پروسس کمپنی کیلئے درج ذیل افراد کی فوری ضرورت ہے

مناسب خرچہ
فوڈ پروسس ورکرز (فش اینڈ سی فوڈ) Fish/Sea Foods
بیسک تنخواہ 500 ڈالر تعداد 200
عمر کی حد 18 تا 45 سال ☆ تعلیم میٹرک
انٹرویو صبح 9 تا شام 5 بجے تک آفس میں ہونگے
رہائش، میڈیکل، ٹرانسپورٹ، میڈیکل فری ☆ خواہشمند اپنے اصل کاغذات، میٹرک کی سند، پاسپورٹ، تصاویر، CV کے ہمراہ آفس تشریف لائیں۔
ٹیسٹ انٹرویو آفس میں روزانہ کی بنیاد پر جاری ہیں
آفس نمبر 33/34، سیکنڈ فلور، موتی پلازہ، مری روڈ، راولپنڈی
051-5765010 / 051-5962178
Whatsapp: 0329-5966225 Whatsapp: 0320-9060056
Email: aieuae101@gmail.com
امریکن انٹرنیشنل LIC:OP&HRD/1300/RWP
Government Of Pakistan Permission # 3948742 Date:01/09/2025

فوری ویزہ ضرورت برائے دبئی فوری روانگی دبئی کا اسپیشل کوٹہ ہے خصوصی ویزہ لگے گا
دبئی کی مشہور کمپنی کو بڑی تعداد میں درج ذیل ہنرمندوں کی فوری ضرورت ہے
بلاک میسن تعداد 150 Salary 1100 DHS
پلستر میسن تعداد 150 Salary 1100 DHS
ٹائل میسن تعداد 100 Salary 1200 DHS
ڈیوٹی 08 گھنٹے + اوور ٹائم | معاہدہ 2 سال | عمر حد 21 تا 45 سال
کنفرم ٹیسٹ انٹرویو 22 ستمبر 2025 کو ڈیلیگیشن کی موجودگی میں ہونگے
درج بالا ٹریڈز کی ہنگامی بنیادوں پر ٹریننگ اور ٹیسٹ کیلئے رجسٹریشن جاری ہے
ٹیسٹ انٹرویو بمقام مہمند گروپ ٹریڈ ٹیسٹ اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر شیخ ڈھیری سٹاپ مین صوابی جہانگیرہ روڈ چھوٹا لاہور صوابی
AVOIR HR Services OEP Overseas Employment Promoters 30-B, Satellite Town, Main Murree Road, Rawalpindi. LIC:OP&HRD/5197/25 PTN:3945430 Dt:28/8/25
خواہشمند مکمل کاغذات وٹس ایپ کریں
0335-9156665 / 0313-9352691 / 0315-0528381

فوری ویزہ ضرورت برائے سعودی عرب فوری روانگی سعودی یا GCC لائسنس والوں کو ترجیح دی جائیگی
سعودی عرب کی مشہور کمپنی شرکة کیلئے درج ذیل افراد کی ضرورت ہے ریٹرن حضرات کو ترجیح دی جائیگی ☆ 5 سالہ تجربہ لازمی
بلڈوزر آپریٹر 1500-2500 SR + اوور ٹائم
گریڈر آپریٹر فریش پاکستانی 2000-2500 سعودی لائسنس ہولڈر 2500-3500 SR + اوور ٹائم
لوڈر آپریٹر 1500-2500 SR + اوور ٹائم
ایکسویٹر آپریٹر 1500-2000 SR + اوور ٹائم
ہیوی کرین آپریٹر فریش پاکستانی 1500-2500 سعودی لائسنس ہولڈر 2500-3500 SR + اوور ٹائم
کنکریٹ پمپ آپریٹر 2000-2500 SR + اوور ٹائم
ڈیوٹی 10 گھنٹے معاہدہ 2 سال رہائش، میڈیکل، ٹرانسپورٹ بذمہ کمپنی دیگر مراعات سعودی لیبر لاء کے مطابق
ٹیسٹ انٹرویو جاری ہیں عمر کی حد 40 سال
رزاق انٹرپرائزز اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز لائسنس نمبر 0688 راولپنڈی
آفس نمبر 16 شالیمار پلازہ، سیکنڈ فلور چاندنی چوک، مری روڈ راولپنڈی
Tel: 051-4906532 / 0303-7752008
Email: razzaqent@yahoo.com Facebook Page: razzaqoep
Website: www.razzaqenterprise.com PTN:4008469 Dated:15-09-2025
RAZZAQ

فوری ویزہ ضرورت برائے UAE فوری روانگی ٹیسٹ انٹرویو کی کوئی فیس نہیں لی جائیگی
UAE کی مشہور و معروف Combined کمپنی کیلئے درج ذیل افراد کی فوری ضرورت ہے
ویزہ ٹرانسگارڈ کا لیکن کام کمبائنڈ کمپنی میں کرے گا ☆ فری ٹریننگ جاری ہے اور فری رہائش موجود ☆ عمر حد 18 تا 50 سال
شٹرنگ کارپینٹر تعداد 70 900-1200 Dhs
سٹیل فکسر تعداد 49 900-1200 Dhs
میسن تعداد 69 900-1200 Dhs
پائپ فٹر تعداد 16 1200-1470 Dhs
ہیلپر تعداد 33 800 +Dhs اوور ٹائم
ڈیوٹی 08 گھنٹے کھانا + اوور ٹائم
معاہدہ مدت 2 سال رہائش میڈیکل ٹرانسپورٹ بذمہ کمپنی دیگر مراعات مقامی لیبر لاء کے مطابق
ٹیسٹ انٹرویو 24 ستمبر کو ہونگے
انٹرویو بمقام گلف انٹرنیشنل ٹیک نی ٹیسٹ اینڈ ٹریننگ سنٹر ہاؤس نمبر F-875 بالمقابل ہولی فیملی ہسپتال سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی
M/S Pak Future International OEP Overseas Employment Promoters
Office # 07, 2nd Floor, Noor Plaza, Chandni Chowk, Rawalpindi. LIC:2599/RWP PTN:3897886/2025
Mob: 0334-7772727 / 0348-5870759

روزنامہ جہاں
چیف ایڈیٹر: سید حسن وقار تراب
ایڈیٹر: سمیرا شاہ کاظمی | گروپ ایڈیٹر: ساجد حسین بنگیال
ڈپٹی ایڈیٹر: سید مشرف کاظمی، منور محمد بزمی، چوہدری شہزاد احمد
بیورو چیف (راولپنڈی) چوہدری ظفر انور
رابطہ آفس: سنی پلازہ چاندنی چوک راولپنڈی
فون نمبر: 051- 4571504 , 4571114
E-mail: dailyjehan@gmail.com
ایڈیٹر کا کالم نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں
اخبار نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں 0300-5180968

Editorial ادارتی صفحہ

وزیراعظم کے غیرملکی دورے اور ترقی کا مشن

وزیراعظم شہباز شریف نے سہ ملکی دورے کا آغاز کر دیا، پہلے مرحلے میں سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی دعوت پر سرکاری دورے پر سعودی عرب پہنچ گئے۔وزیراعظم آفس کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وزیر اطلاعات ونشریات عطاءاللہ تارڑ، وفاقی وزیر ماحولیات مصدق ملک اور معاون خصوصی طارق فاطمی بھی وزیراعظم کے ہمراہ ہیں۔ریاض (اے پی پی) وزیراعظم محمد شہباز شریف کے طیارے کا سعودی عرب کی فضائی حدود میں داخلے پر سعودی فضائیہ کے لڑاکا طیاروں نے شاندار استقبال کیا۔ بدھ کو دورہ سعودی عرب کیلئے وزیراعظم کا طیارہ جیسے ہی سعودی فضائی حدود میں داخل ہوا تو سعودی فضائیہ کے ایف 15 لڑاکا طیاروں نے وزیراعظم کے طیارے کو اپنے حصار میں لے لیا۔وزیراعظم نے سعودی عرب کی فضائی حدود میں بھرپور استقبال پر سعودی عرب کے فرمانروا خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان کا شکریہ ادا کیا۔سعودی عرب کے سرکاری دورے کے دوران نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ، وزیر ماحولیات مصدق ملک اور معاون خصوصی طارق فاطمی بھی وزیراعظم کے ہمراہ ہیں۔وزیراعظم محمد شہباز شریف سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے ملاقات کریں گے جس میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان تعلقات کے تمام پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔دونوں رہنما علاقائی اور عالمی پیش رفت سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر بھی تبادلہ خیال کریں گے۔دورے کے نتیجے میں مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو فروغ ملے گا جس سے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے مشترکہ عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان تاریخی تعلقات ہیں جن کی جڑیں مشترکہ مذہبی اقدار اور باہمی اعتماد پر مبنی ہیں۔دورے کے دوران وزیراعظم شہباز شریف کی سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے ملاقات شیڈول ہے، دونوں رہنماؤں میں علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال ہوگا، دوطرفہ امور اور تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جائے گا، وزیراعظم کا دورہ دونوں ممالک میں تعاون کو مزید مستحکم کرے گا۔وزیراعظم شہباز شریف دورہ سعودیہ مکمل کر کے برطانیہ روانہ ہوں گے، وزیراعظم کی برطانوی حکام سے ملاقاتیں متوقع ہیں۔وزیراعظم شہباز شریف 21 ستمبر کو برطانیہ سے امریکا جائیں گے، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات کا امکان ہے، وزیراعظم نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی اجلاس میں شرکت کریں گے، وزیراعظم کا جنرل اسمبلی سے خطاب 26 ستمبر کو ہوگا۔وزیراعظم شہباز شریف کی 22 ستمبر کو فلسطین سے متعلق دو ریاستی حل کی سربراہ کانفرنس میں شرکت بھی متوقع ہے۔وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان ٹیلی ویژن میں قائم کردہ انگریزی چینل ''پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل'' کا افتتاح کر دیا۔بدھ کو وزیراعظم نے پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل کا دورہ کیا جہاں انہوں نے پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل کے قیام کی تختی کی نقاب کشائی کی اور ڈیجیٹل چینل کی باقاعدہ نشریات کے آغاز کا افتتاح بھی کیا۔اس موقع پر وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاءاللہ تارڑ اور وفاقی سیکرٹری اطلاعات ونشریات عنبرین جان سمیت اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔پی ایم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے نئے قائم کردہ ٹی وی چینل کے مختلف سیکشنز کا دورہ کیا اور وہاں کام کرنے والے نوجوانوں سے بات چیت کی۔وزیراعظم نے ان کے جذبے کو سراہتے ہوئے کہا کہ بیرونی بیانیے کی جنگ میں ان کا کردار انتہائی اہم ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل چینل کے آغاز کا بنیادی مقصد مسلسل حقیقی خبریں فراہم کرتے ہوئے پاکستان کے بارے میں ہونے والی غلط بیانی اور پروپیگنڈے کا موثر جواب دینا ہے۔وزیراعظم نے پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل کی نشریات کے لیے اپنا پہلا انٹرویو بھی ریکارڈ کرایا۔اس موقع پر وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاءاللہ تارڑ نے وزیراعظم کو پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل کے اغراض ومقاصد کے بارے میں آگاہ کیا۔انہوں نے بتایا کہ پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل عالمی ناظرین کو پاکستان کے لیے ایک فعال اور مستند آواز فراہم کرنے، معلومات کیتھا کو ختم کرنے اور عوامی سفارت کاری کے لیے انگریزی زبان کے ایک پلیٹ فارم کے طور پر کام کرے گا۔اس پلیٹ فارم کا سٹریٹجک مقصد پاکستان کی جانب سے دنیا سے بات کرنا اور سب سے پہلے اپنی خبر پہنچانا ہے، یہ چینل بین الاقوامی امور، ثقافتی تنوع اور اقتصادی ترقی سمیت اہم امور پر پاکستانی نقطہ نظر کو اجاگر کرے گا۔انہوں نے کہا کہ یہ چینل اندرون ملک رپورٹنگ کو مربوط جبکہ فری لانسرز کے ایک عالمی نیٹ ورک اور رائٹرز اور ایسوسی ایٹڈ پریس جیسی معروف وائر سروسز کے ساتھ شراکت داری کرتے ہوئے بروقت، تصدیق شدہ اور اعلیٰ معیار کی کوریج کو یقینی بنائیگا۔انہوں نے کہا کہ مغرب و بھارت کے زیراثر علاقائی میڈیا میں جاری یک طرفہ بیانیے کا توڑ کیا جائے گا۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان ڈیجیٹل ٹی وی پاکستانی زاویے سے خبریں پہنچانے کے حوالے سے بڑا مرکز ہے۔وفاقی وزارت تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کو یہ اعلان کرتے ہوئے فخر ہے کہ حکومتِ پاکستان کے جاری مشن میں ایک اہم سنگ میل عبور کیا گیا ہے جس کا مقصد نوجوانوں کو عملی اور مارکیٹ سے ہم آہنگ مہارتوں سے آراستہ کرنا ہے۔حکومت اس حقیقت کو تسلیم کرتی ہے کہ قوم کا اصل سرمایہ زیرِ زمین وسائل میں نہیں بلکہ نوجوانوں کے ذہنوں، مہارتوں اور خوابوں میں پوشیدہ ہے۔یہ اقدام ایک عالمی مسابقتی اور ہنرمند افرادی قوت کی تشکیل کی طرف فیصلہ کن قدم ہے۔وزیراعظم کے یوتھ اسکل ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت لینگویجز ٹریننگ پروگرام کامیابی سے شروع کیا گیا ہے جو کہ نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن (NAVTTC)، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز (NUML) اور فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن (FDE) کے اسٹریٹجک اشتراک عمل کا نتیجہ ہے۔یہ پروگرام حکومت کے اُس وژن کی عکاسی کرتا ہے جس کے ذریعے پاکستان کو ٹیلنٹ، جدت اور عالمی روابط کا مرکز بنایا جا رہا ہے۔لینگویجز ٹریننگ پروگرام کے تحت طلبہ کو اہم بین الاقوامی زبانوں بشمول چینی، جرمن، عربی، جاپانی اور کوریائی میں اعلیٰ معیار کی مفت تربیت فراہم کی گئی۔ان مہارتوں کے ذریعے اپنے نوجوانوں کو عالمی معیشت سے جوڑنے کے لیے مواصلات اور تجارت کے نئے پل تعمیر کر رہا ہے۔اسلام آباد بھر سے 800 سے زائد طلبہ نے اس پروگرام میں داخلہ لیا، جن میں سے سینکڑوں نے چھ ماہ کی سخت تربیت کامیابی سے مکمل کی۔یہ فارغ التحصیل طلبہ نہ صرف زبان دانی میں مہارت حاصل کر چکے ہیں۔

اندر کی بات
اصغر علی مبارک

سیلاب باریاین ڈی ایم اے پی ڈی ایم کی مختلف پیش گوئیاں

اک بھولا بسرا محاورہ یاد آیا ہے کہ 2 ملاؤں میں مرغی حرام ہوگئی تھی اور سیلاب باریاین ڈی ایم اے، پی ڈی ایم کی الگ الگ مختلف پیش گوئیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ملک میں پیشگی انتباہی نظام یعنی ارلی وارننگ سسٹم کا نہ ہونا حالیہ تباہی کی بڑی وجہ بن رہی ہے سینیٹ کمیٹی برائے ماحولیاتی تبدیلی کے اجلاس میں انکشاف ہوا کہ نیشنل ڈیزاسٹر منیجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) اور پاکستان میٹرولوجیکل ڈیپارٹمنٹ (پی ڈی ایم) نے سیلاب اور بارشوں کی الگ الگ پیش گوئی کی ہے۔ملک بھر میں رواں سال مون سون کی بارشوں سے 998 افراد ہلاک اور 1062 افراد زخمی ہوئے جبکہ مجموعی طور پر 3 کروڑ لوگ متاثر ہو چکے ہیں۔ ماحولیاتی تبدیلی کا اجلاس سینیٹر شیری رحمان کی زیر صدارت منعقد ہوا، کمیٹی اجلاس میں رکن کمیٹی سینیٹر وقار احمد نے کہا کہ ملک میں پیشگی انتباہی نظام کا نہ ہونا حالیہ تباہی کی بڑی وجہ بن رہی ہے، سندھ اور کراچی میں ہونے والی بارشوں کے موقع پر پی ایم ڈی نے غلط وارننگ جاری کی تھی۔ پی ڈی ایم اے سندھ کے ڈائریکٹر جنرل نے کمیٹی کو بتایا کہ ہمارے پاس محدود وسائل ہیں، بارشوں سے قبل پی ایم ڈی اور این ڈی ایم اے کی مختلف رپورٹس آ رہی تھی اور پی ایم ڈی نے غلط جگہ پر زیادہ بارشوں کی اطلاع دی تھی، ہم نے اس مقام پر تیاری کی اور بارش کسی اور جگہ ہوگئی جس سے نقصانات ہوئے، حیدرآباد میں بھی 27 اگست کو این ڈی ایم اے اور پی ایم ڈی نے الگ الگ پیشگوئیاں بھیجیں تھیں۔دریں اثنا محکمہ موسمیات (پی ایم ڈی) کے مطابق پنجاب، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے بعض علاقوں میں بارش کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری کردہ ایڈوائزری میں پیش گوئی کی گئی ہے کہ بڑی نہروں کے بالائی کیچ منٹ ایریاز کے ساتھ ساتھ اسلام آباد، راولپنڈی، گجرات، گوجرانوالہ اور لاہور ڈویژن میں بارش ہوسکتی ہے۔مزید کہا گیا ہے کہ پشاور، کوہاٹ، بنوں، سرگودھا، فیصل آباد اور ژوب ڈویژن میں 19 ستمبر تک کہیں کہیں گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ بھارت کی ا?بی دہشتگردی سیپاکستان میں سیلاب نے بڑی تباہی مچائی ہے۔ماحولیاتی تبدیلی اجلاس میں ملک بھر میں حالیہ سیلاب سے متاثرہ افراد کی صورتحال اور ان کے لیے امدادی اقدامات کا جائزہ لیا گیا چیئرمین این ڈی ایم اے جنرل انعام حیدر ملک نے بتایا کہ حالیہ سیلاب سے ملک بھر میں 30 لاکھ افراد متاثر ہوئے سیلاب متاثرین کی تعداد 30 لاکھ تک جا پہنچی ہے، جن میں بڑی تعداد پنجاب اور سندھ کے متاثرہ اضلاع کی ہے لاکھوں افراد اب بھی خیمہ بستیوں میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، جہاں پانی، بجلی اور صحت جیسی بنیادی سہولیات دستیاب نہیں۔ چیئرمین این ڈی ایم اے کا کہنا تھا کہ ملک میں 50 سے زائد گلیشیئر تیزی سے پگھل رہے ہیں اور بعض مقامات پر گلاف واقعات (یعنی برفانی جھیل کے پھٹنے کا خطرہ) رہائشی علاقوں کے قریب رونما ہوئے۔محکمہ کا کام صرف یہ بتانا ہے کہ کب اور کہاں بارش ہوگی، مگر مؤثر ارلی وارننگ سسٹم کا فقدان اب بھی ایک بڑا مسئلہ ہے۔شیری رحمٰن نے اجلاس میں کہا کہ ابتدائی

وارننگ سسٹم پر صرف 15 فیصد خرچ کیا گیا جب کہ گلاف منصوبے کے بجٹ کا 30 فیصد انتظامی اخراجات پر استعمال ہوا ہے۔انہوں نے گلاف ٹو سائنس پر یو این ڈی پی اور وزارت ماحولیات کی کارکردگی پر سخت تنقید کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ متاثرہ علاقوں کے لیے عوامی سماعتیں کرائی جائیں اور حساس وادیوں کی فوری نقشہ بندی کی جائے۔ان کے مطابق گلگت بلتستان اور خیبر پختونخوا کی 24 وادیاں شدید خطرے سے دوچار ہیں اور 36 مقامات پر عملی اقدامات کا فوری طور پر جائزہ لینا ضروری ہے۔سیکرٹری وزارت موسمیاتی تبدیلی نے اعتراف کیا کہ بعض مقامات پر وارننگ ٹاور ہی نصب نہیں تھے اور جی بی ڈی ایم اے کو بروقت معلومات نہیں پہنچ سکیں۔ کمیٹی نے گلاف ٹو منصوبے کی سست روی پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ 2017 سے شروع ہونے والے اس منصوبے کی زیادہ تر سائٹس اب تک آپریشنل نہیں ہوسکیں۔چیئرپرسن شیری رحمٰن نے حکومت پر زور دیا کہ 2022 کی طرز پر متاثرہ خاندانوں کو فوری طور پر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) کے ذریعے مالی امداد فراہم کی جائے تاکہ ان کی مشکلات کم کی جاسکیں۔منی بجٹ پر وقت ضائع کرنے کے بجائے عالمی امداد کو فعال بنایا جائے اور متاثرین کو شفاف انداز میں ریلیف دیا جائے۔چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک نے خبردار کیا ہے کہ پاکستان آنے والے سالوں میں موسمیاتی تبدیلیوں سے زیادہ متاثر ہوگا، آنے والے سالوں میں بارشوں کی زیادہ توقعات ہیں، پاکستان میں 7 ہزار سے زائد گلیشیئر موجود ہیں، پاکستان کے گلیشیئرز تیزی سے ختم ہو رہے ہیں۔پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیٹر شیری رحمٰن کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے موسمیاتی تبدیلی کا اجلاس ہوا، جس میں چیئرمین این ڈی ایم اے نے مون سون سے متعلق بریفنگ دی۔جنرل انعام حیدر ملک نے بتایا کہ رواں سال مون سون 2 ہفتے پہلے شروع ہوا، پاکستان آنے والے ہر سال میں موسمیاتی تبدیلیوں سے بری طرح متاثر ہوگا، عالمی درجہ حرارت میں اضافہ موسمیاتی تبدیلی کا باعث ہے۔پاکستان کے 7 ہزار سے زائد گلیشیئر تیزی سے ختم ہو رہے ہیں، بھارت نے پاکستان کے ساتھ ڈیمز کا کوئی ڈیٹا شیئر نہیں کیا، آنے والے سالوں میں بارشوں کی زیادہ توقعات ہیں۔ ڈیزاسٹر کے لیے پیسہ دینے والے ممالک خود موسمیاتی تبدیلی کے مسائل کا شکار ہیں، ہماری اپنی استعداد، اقوام متحدہ (یو این) کی فراہم کردہ معلومات سے زیادہ بہتر ہے، این ڈی ایم اے کی پیش گوئی 98 فیصد بہتر ہے۔آزاد جموں وکشمیر اور پنجاب کے دریاؤں میں اس بار زیادہ پانی ہے، قادر آباد سدھنائی اور جھنگ میں بند توڑ کر پانی کے ریلوں کا زور کم کیا گیا، گڈو بیراج پر 5 لاکھ کا ریلا جمع ہوگا۔دریائے سندھ میں گڈو اور سکھر بیراج کے مقام پر اونچے درجے کی سیلابی کیفیت برقرار ہے جبکہ کوٹری بیراج پر درمیانے درجے کا سیلاب ہے، سندھ میں دریا کے کنارے اور کچے میں آباد دیہات، بستیاں اور فصلیں پانی کی نذر ہو رہی ہیں۔صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) کے مطابق اب تک سندھ میں حالیہ سیلاب سے کم از کم ایک لاکھ 81 ہزار 159 افراد متاثر ہو چکے ہیں، حکومت کی جانب سے 528 امدادی کیمپ اور 184 میڈیکل کیمپ قائم کیے گئے ہیں جبکہ اب تک 4 لاکھ 71 ہزار 392 مویشی دریائی علاقوں سے محفوظ مقامات کی جانب منتقل کیے جا چکے ہیں اب تک 998 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں، پنجاب میں 5 لاکھ ایکڑ زرعی زمین متاثر ہوئی اسی طرح فصلوں کو بھاری نقصان پہنچا جبکہ گھر اور سڑکیں بھی شدید متاثر ہوئے ہیں، مجموعی نقصان کا تخمینہ 409 ارب روپے یعنی تقریباً 1.4 ارب ڈالر لگایا جا رہا ہے۔اس سب کے باوجود حکومت نے بین الاقوامی اداروں سے امداد کی اپیل نہیں کی فی الحال نقصانات کا مکمل تخمینہ نہیں لگایا جاسکا، اور جب تک تخمینہ مکمل نہیں ہوتا، امداد کی اپیل نہیں کی جاسکتی دریں اثنا، وزیراعظم محمد شہباز شریف نے متعلقہ اداروں کو سیلاب اور بارش زدہ علاقوں میں جانی و مالی نقصانات، فصلوں، ذرائع مواصلات اور لائیو اسٹاک کو ہونے والے نقصانات کا جامع اور حقیقت پسندانہ تخمینہ لگانے کی ہدایت کی ہے وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان میں کہا گیا کہ وزیراعظم نے شدید بارشوں اور حالیہ سیلاب کے پیش نظر ملک بھر میں نقصانات کے ازالے کے لیے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے متعلقہ اداروں کو سیلاب اور بارش زدہ علاقوں میں جانی و مالی نقصانات، فصلوں، ذرائع مواصلات اور لائیو سٹاک میں ہونے والے نقصانات کا جامع اور حقیقت پسندانہ تخمینہ لگانے کی ہدایت کی۔وزیراعظم کو متعلقہ اداروں کی طرف سے بریفنگ دی گئی۔ بتایا گیا کہ گنے، کپاس اور چاول کی فصلوں کے نقصانات کے تخمینے پر کام کا آغاز کر دیا گیا ہے اور آئندہ دس سے پندرہ دنوں میں پانی کی مقدار کم ہونے پر اس پر کام مکمل کر لیا جائے گا۔وزیراعظم کا کہنا ہے کہ مکمل تخمینے کے بعد ہی حکومت بحالی کے کاموں کی جامع حکمت عملی مرتب کرے گی تاکہ موثر انداز میں متاثرہ علاقوں اور لوگوں کی بحالی پر کام کیا جاسکے، تمام صوبے اور متعلقہ ادارے ملک میں سیلابی صورتحال اور حالیہ بارشوں کے پیش نظر نقصانات کا تفصیلی تخمینہ لگائیں تاکہ بحالی کے لیے واضح اور موثر لائحہ عمل اختیار کیا جا سکے۔ وزیراعظم نے کہا کہ تمام وزرائے اعلیٰ نے بارشوں اور حالیہ سیلاب کے پیش نظر صورتحال کو بروقت اور موثر طریقے سے حل کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کیے جو قابل تحسین ہیں، وفاقی اور بین الصوبائی ادارے نقصانات کے تخمینے میں ایک دوسرے سے بھرپور تعاون کریں، بارشوں اور حالیہ سیلاب کے نقصانات کے جائزہ میں جانی و مالی نقصان کے علاوہ فصلوں کی تباہ کاری اور مال مویشی کے نقصانات کو بھی شمار کیا جائے۔اسپارکو سے سیٹلائٹ اسیسمنٹ میں مدد لی جائے، فصلوں کو سیلاب کے بعد مختلف امراض سے بچانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں، سیلاب زدہ علاقوں میں موزوں فصلوں کی کاشت کے لیے بھی خصوصی اقدامات کیے جائیں، ذرائع مواصلات کی بحالی اور متاثرہ سڑکوں کی تعمیر ومرمت کو اولین ترجیح دی جائے۔تمام وزرا اور متعلقہ ادارے سیلاب زدہ علاقوں اور لوگوں کی بحالی کے مرحلے میں عوام کے شانہ بشانہ موجود رہیں، تمام وفاقی اور متعلقہ صوبائی اداروں کو باہمی ہم آہنگی اور بھرپور تعاون سے کام کرنا چاہیے۔ اجلاس میں نائب وزیراعظم سینیٹر محمد اسحٰق ڈار، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک، وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ، وفاقی وزیر اقتصادی امور ڈویژن احد خان چیمہ، تمام صوبوں کے چیف سیکریٹریز، چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک اور دیگر متعلقہ سرکاری اداروں کے عہدیداران نے شرکت کی۔ یاد رہے کہ 2022 میں آنے والے سیلاب کے بعد امداد کی اپیل کی گئی تھی مگر اس کا تجربہ زیادہ مثبت نہیں رہا تھا۔اس وقت امداد کم ملی تھی جبکہ زیادہ تر مالی مدد آسان قرضوں کی صورت میں دی گئی تھی پاکستان کو اقوام متحدہ سے ہنگامی بنیادوں پر مدد کی اپیل کرنی چاہیے تاکہ متاثرہ خاندانوں کو فوری ریلیف فراہم کیا جاسکے۔ واضح رہے کہ 2022 کے سیلاب کے بعد جنوری 2023 میں جنیوا ڈونرز کانفرنس کے دوران حکومت پاکستان کی اپیل پر مجموعی طور پر 9 ارب ڈالر کی امداد کے وعدے کیے گئے تھے۔ ان میں اسلامی ترقیاتی بینک کے 4.2 ارب ڈالر، ورلڈ بینک کے 2 ارب ڈالر اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے 1.5 ارب ڈالر کے وعدے شامل تھے۔

تحریر: ماریہ بتول

میرا پیارا شہر علی پور۔۔۔ایک تاریخی ورثہ۔۔۔!

انسان کی فطرت ہے کہ وہ جس جگہ رہتا ہے اس کی تاریخ، ثقافت، ادب، محل وقوع، آب وہوا، کھانا پینا، رہن سہن اور آبی ذرائع کے حوالے سے معلومات جاننا چاہتا ہے، اس سے انسان کی اس ماحول سے ہم آہنگی اور ربط میں توازن قائم رہتا ہے۔کرہ ارض پر موجود ہر جگہ کی ایک خاص تاریخی حیثیت ہے۔ایسے ہی ایک خاص تاریخی ورثہ کا حامل میرا پیارا شہر علی پور ہے۔تحصیل علی پور ضلع مظفرگڑھ، پنجاب، پاکستان کی چار تحصیلوں میں سے ایک تحصیل ہے، اس تحصیل کا صدر مقام علی پور شہر ہے، اس میں 20 یونین کونسل ہیں جو کہ مندرجہ ذیل ہیں۔1: خیر پور سادات 2: فتح پور جنوبی 3: سیت پور 4: کندائی 5: علی پور میرانی 6: علی پور اربن 7: گھلواں 8: بندے شاہ 9: علی والی 10: بیٹ ملاں والی 11: باز والا 12: لتی 13: مراد پور جنوبی 14: خان گڑھ دوئمہ 15: لنگر واہ 16: مسن کوٹ 17: سلطان پور 18: گبر آرائیں 19: ڈمر والا جنوبی 20: یاکیوالی۔علی پور تحصیل بہت سی قبائلی برادریوں پر مشتمل ہے اور اس میں بڑے بڑے قبیلے آباد ہیں جن میں خان لنگاہ، سید، جٹ، بلوچ، جتوئی، گوپانگ قابل ذکر ہیں، خیر پور سادات، سیت پور، خان گڑھ دوئمہ، سلطان پور، گبر آرائیں، جھگی والا، چوک پرمٹ، شہر سلطان اس کے ملحقہ علاقے ہیں ان کے علاوہ اور بہت سے چھوٹے علاقے بھی علی پور کے آس پاس موجود ہیں۔پنجاب کی سب سے زیادہ پرانے تحصیل ہونے کے باوجود پیداوار کا کافی حصہ اس تحصیل سے ملکی پیداوار میں شامل ہوتا ہے۔90 کی دہائی تک تحصیل جتوئی علی پور کا حصہ تھی، تاہم ترقی کے اعتبار ابھی باقی تحصیلوں سے پیچھے اور سیاسی میدان میں سب سے آگے ہے، متعدد وفاقی وصوبائی وزراء اس تحصیل سے منتخب ہوتے رہے ہیں، مگر ترقی ناپید ہے۔ اگر تاریخی تناظر میں دیکھا جائے تو علی پور پاکستان کے صوبہ پنجاب کے ضلع مظفرگڑھ کے ایک تاریخی قصبہ "سیت ث" کا حصہ ہے، ماضی میں یہ ایک ریاست تھی اس کی سرحدیں سندھ میں شکار پور سے ملتی تھیں، سیت پور، علی پور سے جنوب میں 20 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے، سیت پور کا علاقہ زرخیزی کے حوالے سے بڑی اہمیت رکھتا ہے، یہاں کی سبزیاں بہت مشہور ہیں، سیت پور جو مختلف ادوار میں حکومتوں کا مرکز رہا ہے سیتارانی کے نام پر آباد ہوا تھا اس کا شمار قدیم ترین شہروں میں ہوتا ہے اور اس کا ذکر ہندوؤں کی مذہبی کتاب رگ وید میں ملتا ہے۔جس کے مطابق آریائی قوم جن دیوتاؤں کو پوجتی تھیں انہی کے ناموں سے شہروں کو منسوب کر دیا جاتا تھا۔ ایک روایت کے مطابق بارہویں صدی میں یہاں کے ہندو راجہ جے پال کی بیٹی سیتا رانی کے نام پر سیت پور کا نام رکھا گیا۔ جے پال کی دوسری بیٹی اوچھا رانی کے نام پر اوچ شریف کا نام رکھا گیا جو بعد میں محمد بن قاسم نے فتح کیا اور مسلمانوں کے آنے پر مسلمانوں کی حکومت قائم ہوئی اور طاہر بادشاہ نے بادشاہی مسجد بنوائی جو آج تک آباد ہے اور پوری شان وشوکت سے اپنی تاریخی طرز تعمیر پر قائم ہے مسجد کے ساتھ ہی طاہر بادشاہ کا مقبرہ ہے۔ ملتان کے گورنر بہلول لودھی کے چچا اسلام خان نے ان علاقوں پر حکمرانی کی اور اس نے سیت پور کو اپنا دارالخلافہ بنایا، ڈیرہ غازی خان، مظفرگڑھ، کوہ سلیمان کا مشرقی حصہ اور سندھ کے شمالی علاقے اس کے زیرنگین تھے، 1816ء میں رنجیت سنگھ نے اس ریاست کے بچے کھچے علاقوں پر قبضہ کر کے اس کے عروج کو تاراج کیا بلکہ اس کی ساری شان وشوکت چھین کر اسے معمولی قصبہ بنا دیا۔ تاہم علی پور شہر 1818ء تا 1848ء سکھ عملداری میں رہا۔ 1849ء میں یہ شہر انگریزوں کے زیر تسلط آ گیا۔1869ء میں علی پور کو ٹاؤن کمیٹی کا درجہ دیا گیا۔1870ء میں علی پور پہلے گورنمنٹ ہائی سکول کا قیام عمل میں لایا گیا۔منٹو مارلے اصلاحات 1909ء کے بعد 1919ء میں محکمہ جیل خانہ تعمیر کیا گیا۔اسی عرصے میں سول تحصیل ہسپتال قیام کیا گیا اور ڈاکٹر مول چاند پہلے ایم بی بی ایس ڈاکٹر رہے جبکہ ڈاکٹر جمال خان بھٹہ اس شہر کے پہلے سول سرجن تھے، اگر معاش وزراعت کی بات کی جائے تو علی پور ایک زرخیز تحصیل ہے، اس کے شہریوں کے بڑے معاشی ذرائع دو ہی ہیں، ایک زراعت اور دوسرا مویشی پالنا، 70 کی دہائی تک تحصیل علی پور کی بیشتر زرعی زمین سیم اور جنگلات کی وجہ سے بنجر اور ناقابل کاشت رہی، علی پور کی زرعی پیداوار میں آم، کپاس، گندم، چنا، چاول اور کماد شامل ہیں۔ یہاں ایک شوگر مل بھی لگائی گئی ہے، زراعت کی وجہ سے علی پور کا نہری نظام بھی کافی منظم ہے۔ چودھری برادران کے دور حکومت میں پنجاب بھر میں نہری نظام بہت مظبوط اور پختہ ہوا۔اس منصوبے کے تحت علی پور کی نہر کو بھی پکا اور نالیوں کو پختہ بنایا گیا، جس سے پانی ضائع اور چوری ہونے کے امکانات میں نمایاں کمی واقع ہوئی، علی پور کو مرکزی تین نہریں سراب کرتی ہیں، جن میں خان نالہ نہر جو علی پور شہر کے بیچوں بیچ واقع ہے۔ قادرا نالہ جسے ماضی میں غلاظت سے پاک نہر کے طور پر جانا جاتا تھا تاہم اب آبادی کے بڑھنے کے ساتھ ہی نہر کے پانی میں گٹر لائن ڈال دی گئی ہے۔یہ نہر علی پور شہر کے مغربی جانب واقع ہے، تیسری نہر چندر بھان کے نام سے مشہور ہے۔یہ شہر علی پور کے پنجند سڑک کے مشرقی حصے کی جانب واقع ہے، مزید اگر ملحقہ دریاؤں کی بات کی جائے تو دریائے سندھ جسے انڈس ریور بھی کہا جاتا ہے وہ بھی علی پور کے مغرب خیر پور سادات کی جانب سے آتا ہے اور کندائی کے مغربی جانب سے ہوتا ہوا صوبہ سندھ کی طرف نکل جاتا ہے، دریا سندھ بنیادی طور پر ایک چین سے آتا ہے اور پنجاب کے مختلف شہروں سے ہوتا ہوا یہ دریا سیت پور کے پاس سے گزرتا ہوا سندھ میں ٹھٹھہ کے مقام پر بحیرہ عرب یعنی سمندر میں جا گرتا ہے۔جتوئی کے مغربی جانب دریائے سندھ واقع ہے۔علی پور کی مشرق جانب دریائے پنجند کے اس پار بہاولپور اور رحیم یار خان کے اضلاع اور تاریخی و روحانی قصبہ اوچ شریف واقع ہے جبکہ مغرب میں دریائے سندھ کے پار راجن پور ضلع ہے، دونوں دریاؤں کے بیچوں بیچ یہ تحصیل ملکی نظام سے بالکل ہٹ کے ہے، علی پور اگرچہ ایک بڑے روٹ کے درمیان واقع ہے تاہم تحصیل کی حدود میں وہ روٹ تو آتا ہے مگر شہر سے دور سے چند کلومیٹر بائی پاس سے ہوتا ہوا نکل جاتا ہے اگر بہاولپور کی جانب سے کوئی مظفرگڑھ یا ڈیرہ غازی خان جانا چاہیے تو وہ اس روٹ کا استعمال کرتا ہے مگر علی پور سے ہوتے ہوئے پرانا چوک پرمٹ سے ہوتے ہوئے مظفرگڑھ کی جانب نکل جاتا ہے۔اس طرح اگر شاہ جمال والا روڈ بھی جائیں تو بھی گرڈ چوک سے بغیر کسی اسٹاپ کے گاڑی نکل جاتی ہے، البتہ یہ روڈ ون وے کے طور پر اپنی خدمات پیش کر رہا ہے اس وجہ سے نہ صرف اس تحصیل کو گم نامی کا سامنا ہے بلکہ کسی معروف روڈ کے نہ گزرنے کی وجہ سے اس تحصیل کو کسی قسم کا کوئی بزنس نہیں ملتا یہ تحصیل اپنے طور پر جو کھیتی باڑی کرتا ہے اس پر ہی اس کا تمام نظام زندگی چلتا ہے، جہاں تک روٹ کنکشن اور ٹرانسپورٹ کا تعلق ہے اگر راجن پور یا ڈیرہ غازی خان کی طرف جانا چاہیے تو ٹرانسپورٹ موجودہ صورت حال میں علی پور شہر سے گزرنے کی بجائے بائی پاس ہوتی ہوئی پہلے مظفرگڑھ جائے گی پھر دریائے سندھ کے پل سے گزرتی ہوئی سیدھی ڈیرہ غازی خان جائے گی اس طرح وہیں سے یہ ٹرانسپورٹ تخی سرور اور داجل، جام پور کی طرف جائے گی۔اس لحاظ سے یہ روٹ کافی طویل ہو جاتا ہے تاہم کبھی حکومتوں نے یہ نہیں سوچا کہ اس روٹ کے استعمال کرنے پر مجبور کرنے کی بجائے علی پور سے ایک ڈبل روڈ نکالا جائے جو دریائے سندھ سے ہوتا ہوا سیدھا ڈیرہ غازی خان جائے۔اگر یہ روٹ نکال لیا جائے تو یقیناً آدھا سفر اور فیول اس روٹ سے بچایا جاسکتا ہے، اس طرح سے جتوئی کو بھی ایک اچھا خاصا بزنس مل جاتا مگر جنوبی پنجاب میں موجود تحصیل علی پور کی فلاح اور ترقی کا بھلا کوئی کیوں سوچے گا، سب کو روپیہ پیسہ مل جاتا ہے اور اس سے ان کے کام چل جاتے ہیں اگر اس روٹ کو لودھراں سے نکالا جاتا تو یہ روٹ جلال پور پیر والا سے ہوتا ہوا دریائے جہلم پر پل بنا کر اسے چوک پرمٹ سے گزارتے ہوئے سیدھا علی پور اور جتوئی پھر جتوئی سے دریائے سندھ پر پل گزارتے ہوئے ڈیرہ غازی خان لایا جاتا تو یقیناً آدھے سے بھی کم ٹائم اور فیول میں یہ سفر اس قدر آسان ہو جاتا ہے۔مگر بات وہیں ہے کہ یہ سب کوئی کیوں کرے گا اگر تصور کیا جائے کہ یہ روٹ بن جاتا تو جنوبی پنجاب میں سب سے زیادہ بزنس کرنے والا شہر علی پور ہوتا اور سب سے بہترین روٹس میں سے یہ روٹ ہوتا اب اسی روٹ کو نیشنل یعنی علاقائی سطح سے نکال کر قومی سطح پر دیکھا جائے تو یہ روٹ سندھ کو پنجاب سے گزارتے ہوئے بلوچستان اور خیبر پختون خوا تک رسائی دیتا ہے، ایک دوسرا راستہ علی پور سے سیت پور روڈ خان گڑھ دوئمہ اور کندائی سے دریائے سندھ سے گزرتے ہوئے کے ایل پی سڑک بہاولپور اور رحیم یار خان سے سندھ میں جاتا ہے۔ ایک اور سڑک کشتی گبر آرائیں کے ذریعے خیر پور سادات سے جاتا ہے جو راجن پور اور کوٹ مٹھن تک رسائی دیتا یہ نشتر گھاٹ سے ایک مختصر فاصلہ ہے، یہ تو تھی روٹس کی بات اب اگر شہر کی انتظامی صورت حال کا جائزہ لیا جائے تو علی پور میں ترقیاتی کام تو کبھی سننے کو نہیں ملے۔ایک مرتبہ مقامی انتظامیہ کی جانب سے شہر میں سیوریج کے نظام پر کچھ کام شروع کیا تو گیا۔ سیت پور روڈ کی اطراف اور بیچوں بیچ کھدائی کر کے وہ کھڈے ویسے کے ویسے ادھوری حالت میں پڑے رہ گئے اور آج تک سیوریج کا نظام مکمل تو کیا وہ کھڈے بھی واپس بھرنے کوئی نہیں آیا، شہر کے اندرونی اسٹرکچر کی حالت تو ناگفتہ بہ ہے ہی تاہم سیت پور روڈ کی حالت بھی اپنی کسمپرسی کا رونا رو رہی ہے۔علی پور کی سبزی منڈی بھی کالج روڈ پر واقع ہے، کالج روڈ علی پور کے لئے ایک اہم ترین روڈ کے طور پر بینک، اسکول، کالج کے مرکزی بس اسٹینڈ، اسسٹنٹ کمشنر آفس، سول ہسپتال کی خدمت پیش کر رہا ہے تاہم پہلی بار بننے کے بعد شاید ہی اس پر کبھی کوئی کام ہوا ہو۔تاہم اس پر کراچی، لاہور اور اسلام آباد کے بڑے بڑے کوچز اور بسیں چل رہی ہیں۔ ایک طرف روڈ کی حالت یہ ہے کہ وہاں پر حادثات کسی بھی وقت ہونے کے لئے تیار رہتے ہیں اور دوسری بھاری ٹرانسپورٹ کا سلسلہ بھی جاری رہتا ہے۔جس پر آج تک نہ تو کسی پرائیویٹ اور نہ سرکاری سطح پر کام کیا گیا اور نہ آئندہ کے کسی پروجیکٹ کا حصہ یہ روڈ ہے۔اگر سیاحتی مقام کی بات کی جائے تو تحصیل علی پور میں موجود چھوٹے چھوٹے پارکس، پلیاریا کے علاوہ مین تفریحی مقام ہیڈ پنجند ہے۔جو کہ پنجاب میں ضلع بہاولپور کے انتہائی آخر میں ایک دریا ہے۔دریائے پنجند پر پنجاب کے دریا یعنی دریائے جہلم، دریائے چناب، دریائے راوی، دریائے بیاس اور دریائے ستلج کے پانچ دریاؤں کا سنگم قائم ہوتا ہے۔جہلم اور راوی چناب میں شامل ہوتے ہیں، بیاس ستلج میں شامل ہوتا ہے اور پھر ستلج اور چناب ضلع بہاولپور سے 10 میل دور شمال میں اب شریف کے مقام پر مل کر دریائے پنجند بناتے ہیں۔مشترکہ دریا 45 میل کے لئے جنوب مغرب بہتا ہے اور پھر کوٹ مٹھن کے مقام پر دریائے سندھ میں شامل ہو جاتا ہے۔ دریائے سندھ بحیرہ عرب کی جانب بہتا ہے۔پنجند پر ایک بند تعمیر کیا گیا ہے جو پنجاب اور سندھ کے صوبوں کو آب پاشی کے لئے پانی فراہم کرتا ہے۔ دریائے سندھ اور پنجند کے سنگم کے بعد دریائے سندھ ستند کے طور سے جانا جاتا تھا۔اس میں پنجاب کے پانچ دریا، سندھ کے علاوہ دریائے سرسوتی بھی شامل تھا جس کا وجود اب ختم ہو چکا ہے، مختصراً تحصیل علی پور ایک قدیم تاریخی شہر ہے جس پر وقتاً فوقتاً مختلف انتظامیہ قیام پاکستان سے پہلے اور بعد میں اثر انداز ہوتی رہی۔مگر وقت اور حالات حاضرہ کی ستم ظریفی کہ موجودہ حکومت اور ادارے جنوبی پنجاب (پاکستان) خاص تحصیل علی پور کو نظر انداز کیا گیا ہے۔جس کی وجہ سے یہ تاریخی شہر بہت سے مسائل کا شکار ہے۔بطور ایک محب الوطن پاکستانی اور تحصیل علی پور کی شہری ہونے کے ناطے میں امید کرتی ہوں کہ موجودہ حکومت اور ادارے ضرور ان مندرجہ بالا مسائل کو حل کرنے کی کوشش کریں گے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی وناصر ہو۔آمین۔

☆☆☆☆☆☆

پاک ایران تعلقات نئے دور میں داخل!

تحریر۔حیدر علی

پاکستان اور ایران نہ صرف مسلم و برادرانہ اور ہمسائیہ ممالک ہیں بلکہ دونوں ممالک یکساں موقف، ثقافت اور عوامی سطح پر بھی ایک دوسرے کے بہت قریب ہیں۔بابائے قوم حضرت قائداعظم محمد علی جناحؒ، شاعر مشرق حکیم الامت ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ سمیت پاکستان کے اکابرین کا ایرانی قوم نہ صرف احترام کرتی ہے بلکہ اقبالؒ کی شاعری تو ایرانی نصاب کا حصہ بھی ہے۔شاعر مشرق حکیم الامت ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ کیا خوب فرماتے ہیں کہ

تہران ہو گر عالم مشرق کا جنیوا
شاید کرہ ارض کی تقدیر بدل جائے

رواں سال ہی ایران اسرائیل جنگ میں پاکستان نے ایران کی کھل کر حمایت کا اعلان کیا، وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان محمد شہباز شریف مسلسل ایرانی قیادت سے رابطہ میں رہے اور ایران کیساتھ بھرپور اظہار یکجہتی کا اعلان کیا۔پاکستان کی قومی اسمبلی میں اسرائیلی جارحیت کی مذمت کی بھرپور قرار دادیں منظور کی گئیں، اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ہنگامی اجلاس میں پاکستان نے اپنے دوٹوک موقف میں واضح کیا کہ اسرائیل کی اشتعال انگیزی اور مہم جوئی کو علاقائی اور عالمی امن واستحکام کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ایران پاکستان کا برادر اور ہمسایہ ملک ہے اور سینکڑوں برسوں سے ہمارے رشتے ہیں، یہ ایسے رشتے ہیں جن کی تاریخ میں مثال کم ہی ملتی ہے۔پاکستان کی بھرپور حمایت پر جہاں ایرانی پارلیمنٹ ''تشکر، تشکر پاکستان'' کے نعروں سے گونج اٹھی وہیں ایرانی عوام نے بھی پاکستان زندہ باد کے نعرے بلند کئے۔قطر پر حالیہ اسرائیلی حملے کے بعد گزشتہ روز ہنگامی عرب اسلامی سربراہی کانفرنس میں بھی دونوں ممالک کا بھرپور اور یکساں موقف تھا کہ مظلوم فلسطینی مسلمانوں پر اسرائیلی مظالم کو روکنے کا وقت ہے اور اس کیلئے تمام مسلم ممالک کو متحد ہونا ہوگا۔

دونوں ممالک تجارت کے حوالے سے بھی ایک نئے دور میں داخل ہو رہے ہیں ایرانی صدر کے دورہ پاکستان کے موقع پر دونوں ممالک نے آپسی تجارت کا ہدف 10 ارب ڈالرز مقرر کیا جس پر تندہی سے کام جاری ہے۔گزشتہ روز ہی پاکستان اور ایران کے مشترکہ اقتصادی کمیشن کا 22 واں اجلاس 15 تا 16 ستمبر 2025 کو اسلامی جمہوریہ ایران کے دارالحکومت تہران میں کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔ اجلاس دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی، تجارتی اور ثقافتی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی جانب اہم قدم ثابت ہوا جس نے باہمی خوشحالی اور دوطرفہ تعاون کے فروغ کے عزم کو اجاگر کیا۔پاکستانی وفد کی قیادت وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان جبکہ ایرانی وفد کی سربراہی وزیر برائے سڑکیں وشہری ترقی فرزانہ صادقی نے کی۔ اجلاس میں دوطرفہ تعلقات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور مستقبل کے تعاون کے لئے جامع فریم ورک پر اتفاق کیا گیا۔اس موقع پر دونوں وزراء نے اپنی اپنی حکومتوں کی جانب سے پروٹوکولز پر دستخط کئے۔اجلاس کے تکنیکی سیشنز کی قیادت پاکستان کی جانب سے سیکرٹری وزارت اقتصادی امور محمد حمیر کریم جبکہ ایران کی طرف سے ڈاکٹر امین طرفو، سینئر ایڈوائزر برائے وزیر شہری ترقی اور سربراہ بین الاقوامی امور نے کی۔دونوں ممالک کے ماہرین نے تفصیلی مذاکرات کے بعد پروٹوکول کے مسودے کو حتمی شکل دی۔اجلاس کے نمایاں نتائج میں قیادت کی جانب سے طے کردہ 10 ارب ڈالر کے دوطرفہ تجارتی ہدف کے حصول کے عزم کا اعادہ شامل ہے۔تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبے میں ٹیرف اور غیر ٹیرف رکاوٹوں کے خاتمے، بارڈر مارکیٹس کو فعال کرنے اور باقاعدہ کاروباری اجلاسوں کے فروغ پر زور دیا گیا۔توانائی اور انفراسٹرکچر کے شعبے میں بجلی کے تبادلے کو بڑھانے، گوادر کے لیے 220 کے وی ٹرانسمیشن لائن کی تعمیر دوبارہ شروع کرنے اور قابل تجدید توانائی منصوبوں کی تلاش پر اتفاق کیا گیا۔اسی طرح پاور سیکٹر میں سرمایہ کاری کے لئے ایک مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے کے ساتھ ساتھ پانی کے وسائل کے انتظام اور پائیدار شہری ترقی پر بھی ترجیح دی گئی۔زراعت اور ماحول کے میدان میں ویٹرنری صحت، کیڑوں پر قابو پانے، زرعی بیج وآلات میں تعاون کے معاہدوں پر عملدرآمد، ریت وگرد کے طوفانوں اور مینگروز کے تحفظ جیسے ماحولیاتی چیلنجز کے لیے مشترکہ حکمت عملی پر اتفاق کیا گیا۔ٹرانسپورٹ اور رابطہ کاری کے شعبے میں سڑک، ریل، فضائی اور بحری روابط کو مزید بہتر بنانے پر زور دیا گیا۔اس میں ریلوے کارگو کی مقدار بڑھانے، فضائی نیوی گیشن خدمات کو بہتر بنانے اور زائرین کے لیے بحری جہازوں کے ذریعے سفر کی سہولت پر غور شامل ہے۔ثقافتی اور تعلیمی تعلقات کو فروغ دینے کے لیے ثقافتی میلوں، میڈیا تعاون، تعلیمی شراکت داری، طلبہ کے تبادلے اور فنی تربیتی پروگرامز پر اتفاق کیا گیا۔صحت کے شعبے میں مشترکہ تربیت، ادویات کی رجسٹریشن اور سرحد پار بیماریوں کی نگرانی کے معاہدوں کو آگے بڑھایا گیا۔ اسی طرح لیبر کوآپریشن کمیٹی کے قیام پر اتفاق ہوا جو تعمیرات، ٹیکسٹائل اور زراعت کے شعبوں میں افرادی قوت کے تبادلے کو سہولت فراہم کرے گی۔ دونوں ممالک نے انسداد منشیات کے لیے انٹیلی جنس پر مبنی آپریشنز اور سرحدی تعاون پر بھی اتفاق کیا۔تاجر حضرات اور ڈرائیورز کے لیے ویزہ سہولت میں بہتری کی تجاویز پر غور کیا گیا۔اجلاس کے موقع پر 15 ستمبر کو ایک مشترکہ بزنس فورم کا بھی انعقاد کیا گیا جس میں دونوں ممالک کے نمایاں کاروباری افراد نے شرکت کی اور تجارتی و سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے پر تبادلہ خیال کیا۔

قارئین کرام!

پاکستان اور ایران کے تعلقات ایک نئے دور میں داخل ہو رہے ہیں جہاں دونوں ممالک میں دس ارب ڈالرز کی تجارت کے اہداف مکمل کئے جا رہے ہیں وہیں خارجہ محاذ پر بھی دونوں ممالک ایک دوسرے کے موقف کی بھرپور حمایت کرتے ہیں۔حالیہ پاک ایران تعلقات کی مضبوطی کے حوالے سے وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان محمد شہباز شریف اور ایرانی صدر مسعود پزشکیان کی کاوشیں قابل تحسین ہیں۔اُمید واثق ہے کہ دونوں جانب سے تاریخی تعلقات کو مزید گہرا اور مضبوط بنانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے۔

بھارتیہ راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس)

تحریر: میر افسر امان

آر ایس ایس کی بنیاد ڈاکٹر کیشو بلی رام ہیڈ گوار نے ۲۷ ستمبر ۱۹۲۷ء میں ناگپور مہاراشٹر میں رکھی۔۲۰۱۴ء تک اس کے ارکان کی تعداد پچاس سے ساٹھ لاکھ تک تھی۔ یہ دنیا کے مختلف ممالک میں ہندو سویم سیوک سنگھ کے نام سے کام کرتی ہے۔خطیر رقم بھی جمع کرتی ہے۔دہشت گردی کی وجہ سے اس پر انگریز دور میں پابندی لگی تھی۔آزادی کے بعد بھارت نے اس پر تین بار پابندی لگائی۔بھارت میں مسلمانوں کے خلاف دنگے فسادات کرانے اس کا کام ہے۔۱۹۲۷ء کے ناگپور میں فسادات میں اس کا اہم رول تھا۔۱۹۴۸ء میں اس کے ایک رکن نے مہاتما گاندھی کو قتل کیا۔۱۹۶۹ء احمد آباد کے فسادات، ۱۹۷۱ء کو تیلشری فسادات، ۱۹۷۰ء کی بہار کے جمشید پور فرقہ ورانہ فسادات میں ملوث رہی ہے۔۶ دسمبر ۱۹۹۲ء کو اس تنظیم کے ارکان نے بابری مسجد میں گھس کر اس کو منعدم کیا۔اس کے علاوہ آر ایس ایس کو فسادات میں ملوث ہونے پر مندرجہ ذیل تحقیقاتی رپورٹس میں ذمہ دار ٹھہرایا گیا۔ ۱۹۶۹ء کے احمد آباد فساد پر جگموہن رپورٹ۔۱۹۷۰ء میں پیونڈھی فساد پر ڈی پی ماڈن رپورٹ۔۱۹۷۱ء کے تیلشری فساد پر دتیا پاتیل رپورٹ۔۱۹۷۹ء کے جمشید پور فساد پر جتشید نارائن رپورٹ۔۱۹۸۲ء کے کنیا کماری فساد پر وینو گوپال رپورٹ۔۱۹۸۹ء کے بھاگل پور فساد رپورٹ۔اس کے علاوہ بھی بھارت میں دہشت گردانہ کاروائیوں میں بھی سنگھ پریوار تنظیمیں ملوث ہیں۔مثلاً مالیگام بم دھماکہ، حیدرآباد مکہ مسجد دھماکہ، سمجھوتہ ایکپریس بم دھماکہ۔یہ سب بم دھماکے مسلمانوں کو مارنے کے لیے کیے گئے۔لگتا ہے آر ایس ایس یہودیوں کی صیہونیت اور جرمنی ہٹلر کی نازی طرز کی دہشت گرد تنظیم ہے۔ آر ایس ایس کٹر انتہا پسند، قوم پرست، متعصب ہندوؤں کی، ہٹلر سے بھی بڑھ کو قوم پرست، بلکہ یہودیوں سے بھی چند قدم آگے ایک نامی گرامی دہشت گرد تنظیم ہے۔ ایک دہشت تنظیم ہی نہیں ہے بلکہ اس نے پورے متعصب ہندو معاشرے میں انڈے بچے بھی دیے ہوئے ہیں۔وہ انڈے بچے یہ ہیں۔سنگ پریوار (یعنی خاندان) ہیں۔نمبر ا۔وشنو ہندو پرشید۔نمبر۲۔بھاتیہ جنتا پارٹی۔(سیاسی ونگ)۔نمبر۳۔سنگھ پریوار۔نمبر۴۔ون بندھو پرشید۔نمبر۵۔راشٹریہ سیوک کمیٹی۔نمبر۶۔سیوا بھارتی۔نمبر۷۔اھکل بھارتیہ۔نمبر۸۔بھارتیہ ودیارتھی پریشد۔(سنگھ پریوار کا اسٹوڈنٹس ونگ)۔نمبر۹۔ ونواہی کلیان آشرم۔نمبر۱۰۔بھارتیہ مزدور سنگھ۔نمبر۱۱۔ وریا بھارتی۔یہ تنظیمیں اپنی بساط کے مطابق مسلمانوں کو ہندو بنانے یا شیڈول کاسٹ قوم بن کے رہنے یا بھارت چھوڑ دینے کے ایجنڈے پر ۱۹۲۷ء سے کام کر رہی ہے۔ابھی مودی کے دور حکومت میں تو آر ایس ایس کے رہنما نے وقت بھی بتا دیا کہ فلاں سال تک مسلمانوں کو ہندو بنا لیا جائے گا یا پھر ان کو ملک سے نکال دیا جائے گا۔اصل میں تو ہندوستان کی قدیم قوم دراوڑ تھی۔جب آریہ نسل نے ہندوستان پر حملہ کیا تو ہندوستان کے اصل باشندوں کو ان کی زمینوں سے بے دخل کر کے حاکم بن بیٹھے۔ان ہی کی طرح مسلمان بھی ہندوستان پر حملہ آور ہوئے۔بارا سو سال حکومت کی۔مسلمان آریہ کی طرح ہندوستان کے قدیم باشندے بن گئے۔اب آر ایس ایس خود کو بھارت کا مستقل باشندہ تو مانتے ہیں مسلمانوں کو باہر آئے کہتے ہیں۔جبکہ یہ خود بھی باہر سے آئے ہوئے ہیں۔لہٰذا یہ رویہ غلط ہے۔جو بھارت میں رہ رہا ہے۔وہ بھارتی ہے چاہئے ہندو ہو یا مسلمان۔اچھا، اگر یہ معاشرے تک بات رہتی تو پھر مسلمان معاشرے میں رہ کر اپنے بہترین اخلاق سے ہندوؤں کا مقابلہ کرتے رہتے۔مگر نریندر امودی جو آر ایس ایس کا بنیادی رکن ہے، کہ پہلے گجرات کے وزیراعظم کے دور مسلم دشمنی میں بڑا نام کمایا۔ڈھائی ہزار مسلمانوں کو تہ تیغ کیا۔مسلمانوں کو ان کے آرام دہ گھروں سے نکال کر مضافاتی علاقوں میں دھکیل دیا۔جہاں پر پانی، بجلی، صحت، سوریج کا کوئی نظام نہ تھا۔نہ ملنے کے امکانات تھے۔جیسا آریہ نے دراوڑوں کو ہندوستان کے دور دراز جگہوں پر دھکیل دیا تھا۔مودی کے ان مظالم کی وجہ سے امریکہ میں داخلہ بند کر دیا تھا۔جب شیطان مودی بھارت کا وزیر اعظم بنا ہے تو پورے بھارت کے مسلمانوں پر ظلم وستم ڈھا رہا ہے۔ اپنے ساتھ آر ایس ایس کے لوگ لگائے ہوئے ہیں۔جوان مظالم میں ہٹلر صفت مودی کی مدد کر رہے ہیں۔اتنے مظالم کہ شاید شیطان بھی مودی سے پناہ سے مانگتا ہوگا۔مودی جب الیکشن کا زمانہ آتا ہے الیکشن جیتنا ہوتا ہے تو اپنے ملک میں خود ان تنظیموں میں سے کسی ایک سے دہشت گردی کرواتا ہے۔ اس کے بعد اس دہشت گردی کا الزام پاکستان پر لگا دیتا ہے۔ پھر پاکستان کو دھمکیاں دینا شروع کرتا ہے کہ پاکستان کے اندر گھس اس دہشت گردی کا بدلہ لوں گا۔اس پر راقم نے ایک مضمون لکھا تھا کہ ''کوا چلا ہنس کی چال اپنے بھی بھول گیا'' بھارتی عوام کو بتانا تھا کہ آپ کا دہشت گرد وزیراعظم مودی، نیو ورلڈ آڈر والے ''امریکہ'' کے نقش قوم پر چل کو دنیا میں اپنی عوام کو بدنام کروا رہا ہے۔ امریکہ نے یہودیوں سے مل کر نائن الیون کا دہشت گردی کا واقعہ خود کرایا۔پھر اس لا الزام مسلمانوں، خاص شیخ اسامہ بن لادنؒ پر لگا افغانستان کو تورا بورا بنا دیا۔یہودیوں سے مل کر الیکٹرونک میڈیا سے مسلمانوں کر دہشت گرد انتہا پسند، خونخوار نہ جانے کون کون سے جھوٹے القابات سے جوڑ دیا۔بھارت بھی امریکہ کے نقش قدم پر چل کو بھارت میں خود دہشت گردی کراتا ہے۔پاکستان پر الزام لگا کر بھارت کے مسلمانوں کے خلاف ہندوؤں کو اُکساتا ہے۔ تعصب کی بنیاد پر ووٹ حاصل کر کے بھارت میں تیسری بار وزیراعظم بنا ہے۔دہشت گرد مودی بھارتی عوام کو تو دھوکہ دے سکتا ہے مگر بین القوامی طور پر جھوٹا ثابت ہوتا رہتا ہے۔جب بھی پاکستان پر حملہ کرتا ہے منہ کی کھاتا ہے۔بالاکوٹ حملہ کیا۔کہا ۲۵۰ دہشت گرد مار دیے۔جب دنیا اور پاکستان کے صحافیوں کو بالاکوٹ دکھایا گیا تو رپورٹ سامنے آئی کی سب جھوٹ ہے۔صرف کچھ درخت گرے ہوئے تھے اور ایک کوا مرا پڑا تھا۔پاکستان نے بھارت میں گھس کر حملہ کر کے بدلہ لے لیا۔دو جہاز تباہ کر دیے۔ابھی نندھن پائلٹ کو گرفتار کیا۔کشمیر پہلگام میں دہشت گردی کرا کے پاکستان پر رات کی تاریکی میں حملہ کیا۔آپریشن ''سندور'' کے تازہ حملے میں بھی مودی نے مساجد اور دینی مدارس پر حملہ کیا۔کئی نہتے پاکستانی شہید ہوئے۔پاکستان نے صبح سویرے'' بنیان مرصوص، معرکہ حق'' آپریشن دن کی روشنی میں حملہ کیا۔ بھارت کے چھ جہاز جس میں فرانس کے دو رافیل جہاز شامل ہیں تباہ کیے۔ بھارت کے سندور کو تندور بنا دیا۔ پورے بھارت میں دفاعی اڈوں کو اُڑا دیا۔ بھارت نے اپنی مذید تباہی سے بچنے کے لیے امریکی صدر ٹرمپ کو منت ساجت کر کے جنگ بند کروائی۔مگر مودی اپنی عوام سے جھوٹ بولتا رہا کہ پاکستان کو شکست دی ہے۔ بھارت کے سیکولر آئین کے خلاف یک طرفہ ہندوا تو کو بھارت میں راج کر کے بھارت کا جمہوری چہرا مسخ کیا جا رہا ہے۔دہشت گرد مودی اور اس کی دہشت گرد تنظیم آر ایس ایس بھارت کو تباہی تک پہنچا کے رہیں گے۔

گمشدگی کا غذات

میرا پاسپورٹ نمبر DD-6173231 بنام خضر حیات ولد عمر حیات دوران سفر گم ہوگیا ملنے پر بسکنہ محلہ صدیقیا، عدلذئی، حضرو اٹک ارسال کریں سی ایم۔۔۔(EPB)

بقیہ 01

کے فرمانروا خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان کا شکریہ ادا کیا۔سعودی عرب کے سرکاری دورے کے دوران نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ ، وزیر ماحولیات مصدق ملک اور معاون خصوصی طارق فاطمی بھی وزیراعظم کے ہمراہ ہیں۔وزیراعظم محمد شہباز شریف سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے ملاقات کریں گے جس میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان تعلقات کے تمام پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔ دونوں رہنما علاقائی اور عالمی پیش رفت سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر بھی تبادلہ خیال کریں گے۔ دورہ کے نتیجے میں مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو فروغ ملے گا جس سے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے مشترکہ عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان تاریخی تعلقات ہیں جن کی جڑیں مشترکہ مذہبی اقدار اور باہمی اعتماد پر مبنی ہیں۔دورے کے دوران وزیراعظم شہباز شریف کی سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے ملاقات شیڈول ہے، دونوں رہنماؤں میں علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال ہوگا، دوطرفہ امور اور تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جائے گا، وزیراعظم کا دورہ دونوں ممالک میں تعاون کو مزید مستحکم کرے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف دورہ سعودیہ مکمل کر کے برطانیہ روانہ ہوں گے، وزیراعظم کی برطانوی حکام سے ملاقاتیں متوقع ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف 21 ستمبر کو برطانیہ سے امریکا جائیں گے، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات کا امکان ہے، وزیراعظم نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی اجلاس میں شرکت کریں گے، وزیراعظم کا جنرل اسمبلی سے خطاب 26 ستمبر کو ہوگا۔ وزیراعظم شہباز شریف کی 22 ستمبر کو فلسطین سے متعلق دو ریاستی حل کی سربراہ کانفرنس میں شرکت بھی متوقع ہے۔

بقیہ 02

اور صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کب تک آئی سی سی کی تصدیق کا انتظار کرے گا؟ ذرائع کے مطابق پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے آئی سی سی کو کوئی وقت کی ڈیڈ لائن نہیں دی گئی، بال آئی سی سی کے کورٹ میں ہے، پاکستان کرکٹ بورڈ کا انتظار جاری ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان کرکٹ ٹیم کو میچ کی تیاری مکمل رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے، میچ سے کچھ وقت قبل بھی ریفری کی تبدیلی کی تصدیق ملے تو ٹیم سٹیڈیم کیلئے نکلے گی۔ میچ ریفری کے تنازع پر پاکستان اپنے موقف پر قائم ہے، ریفری تبدیل کرنے کا مطالبہ تسلیم نہ کرنے پر پی سی بی نے آئی سی سی کو جوابی خط لکھ دیا ہے، میچ ریفری کیخلاف ایکشن نہ لینے کا فیصلہ مسترد کردیا، پائی کرافٹ کی نگرانی میں میچز کھیلنے سے انکار کردیا۔

بقیہ 03

کے مختلف سیکشنز کا دورہ کیا اور وہاں کام کرنے والے نوجوانوں سے بات چیت کی۔ وزیراعظم نے ان کے جذبے کو سراہتے ہوئے کہا کہ بیرونی بیانیے کی جنگ میں ان کا کردار انتہائی اہم ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل چینل کے آغاز کا بنیادی مقصد مسلسل حقیقی خبریں فراہم کرتے ہوئے پاکستان کے بارے میں ہونے والی غلط بیانی اور پروپیگنڈے کا موثر جواب دینا ہے۔ وزیراعظم نے پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل کی نشریات کے لیے اپنا پہلا انٹرویو بھی ریکارڈ کرایا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاءاللہ تارڑ نے وزیراعظم کو پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل کے اغراض و مقاصد کے بارے میں آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل عالمی ناظرین کو پاکستان کے لیے ایک فعال اور مستند آواز فراہم کرنے، معلومات کیتھدا کو ختم کرنے اور عوامی سفارت کاری کے لیے انگریزی زبان کے ایک پلیٹ فارم کے طور پر کام کرے گا۔ اس پلیٹ فارم کا سٹریٹجک مقصد پاکستان کی جانب سے دنیا سے بات کرنا اور سب سے پہلے اپنی خبر پہنچانا ہے، یہ چینل بین الاقوامی امور، ثقافتی تنوع اور اقتصادی ترقی سمیت اہم امور پر پاکستانی نقطہ نظر کو اجاگر کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ چینل اندرون ملک رپورٹنگ کو مربوط جبکہ فری لانسرز کے ایک عالمی نیٹ ورک اور رائٹرز اور ایسوسی ایٹڈ پریس جیسی معروف وائر سروسز کے ساتھ شراکت داری کرتے ہوئے بروقت ، تصدیق شدہ اور اعلیٰ معیار کی کوریج کو یقینی بنائیگا۔ انہوں نے کہا کہ مغرب و بھارت کے زیر اثر علاقائی میڈیا میں جاری یک طرفہ بیانیے کا توڑ کیا جائے گا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان ڈیجیٹل ٹی وی پاکستانی زاویے سے خبریں پہنچانے کے حوالے سے بڑا مرکز ہے۔

بقیہ 04

کمپریسر میں آگ لگنے کے باعث پیش آیا۔ ایک شخص کو قریبی بحری جہاز کے عملے نے بچالیا جبکہ باقی 22 افراد کے بارے میں تاحال کچھ پتہ نہیں چل سکا۔ ادھر ماہی گیروں کے اہلخانہ کا کہنا ہے کہ عمان میں پاکستانی سفارت خانے سے رابطہ کرنے کی کوشش کررہے ہیں، انہوں نے حکومت پاکستان اور حکومت عمان سے اپنے پیاروں کو تلاش کرنے کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 05

ٹرانسپورٹ کے نظام کو بہتر بنایا جائے گا اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ اس سکیم سے پنجاب کے بڑے شہروں میں ٹرانسپورٹ کے نظام کو بھی بہتر بنانے کی توقع ہے۔ منصوبے کے مطابق حکومت کی جانب سے خریداروں کیلئے سبسڈائزڈ ڈاؤن پیمنٹ کی سہولت دی جائے گی، جبکہ سود کی ادائیگی کا بوجھ حکومت برداشت کرے گی اور 40 لاکھ سے 1 کروڑ روپے مالیت کی گاڑیوں پر پنجاب حکومت خریدار کی ڈاؤن پیمنٹ میں 5 لاکھ 85 ہزار روپے بھی ادا کرے گی، باقی رقم شراکت دار بینک فنانس کریں گے۔ واضح رہے کہ حکومت نے حال ہی میں الیکٹرک گاڑیوں کیلئے فنانسنگ منصوبہ بھی منظور کیا ہے، گزشتہ ماہ وزیراعلیٰ نے اس سکیم کی منظوری دی تھی، جس کے تحت شراکت دار بینک 6.65 لاکھ روپے تک کے قرضے فراہم کریں گے۔

بقیہ 06

تسلیم کرتی ہے کہ قوم کا اصل سرمایہ زیر زمین وسائل میں نہیں بلکہ نوجوانوں کے ذہنوں، مہارتوں اور خوابوں میں پوشیدہ ہے۔ یہ اقدام ایک عالمی مسابقتی اور ہنر مند افرادی قوت کی تشکیل کی طرف فیصلہ کن قدم ہے۔ وزیراعظم کے یوتھ اسکل ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت لینگوئجز ٹریننگ پروگرام کامیابی سے شروع کیا گیا ہے جو کہ نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن (NAVTTC)، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگوئجز (NUML) اور فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن (FDE) کے اسٹریٹجک اشتراک عمل کا نتیجہ ہے۔ یہ پروگرام حکومت کے اُس وژن کی عکاسی کرتا ہے جس کے ذریعے پاکستان کو ٹیلنٹ، جدت اور عالمی روابط کا مرکز بنایا جا رہا ہے۔ لینگوئجز ٹریننگ پروگرام کے تحت طلبہ کو اہم بین الاقوامی زبانوں بشمول چینی، جرمن، عربی، جاپانی اور کوریائی میں اعلیٰ معیار کی مفت تربیت فراہم کی گئی۔ ان مہارتوں کے ذریعے پاکستان اپنے نوجوانوں کو عالمی معیشت سے جوڑنے کے لیے مواصلات اور تجارت کے نئے پل تعمیر کررہا ہے۔ اسلام آباد بھر سے 800 سے زائد طلبہ نے اس پروگرام میں داخلہ لیا، جن میں سے سینکڑوں نے چھ ماہ کی سخت تربیت کامیابی سے مکمل کی۔ یہ فارغ التحصیل طلبہ نہ صرف زبان دانی میں مہارت حاصل کرچکے ہیں بلکہ ثقافتی فہم، اعلیٰ تعلیم کے نئے راستے اور بین الاقوامی ملازمت کے بہتر مواقع سے بھی لیس ہیں۔

بقیہ 07

پارلیمانی وفد کا پارلیمنٹ ہاؤس آمد پر پرتپاک خیر مقدم کیا گیا۔ بدھ کو مالدیپ کی عوامی مجلس کے سپیکر عبدالرحیم عبداللہ نے پارلیمانی وفد کے ہمراہ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ پارلیمانی تعلقات سمیت اہم علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ پارلیمانی تعاون اور عوامی روابط بڑھانے پر اتفاق کیا۔ اس موقع پر سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور مالدیپ مشترکہ مذہب، تاریخ اور ثقافت کے رشتوں میں جڑے ہیں، خطے میں امن و ترقی کے فروغ کیلئے پارلیمانی سفارتکاری اہم ہے، مسئلہ فلسطین اور کشمیر کو حل کئے بغیر خطے میں پائیدار امن ممکن نہیں، عالمی برادری مسئلہ فلسطین اور کشمیر کے منصفانہ حل کے لئے کردار ادا کرے، مسلم امہ کو فلسطین اور کشمیر کے عوام کے حق میں مشترکہ لائحہ عمل اپنانا ہوگا۔ سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پاکستانی فورسز اور عوام دہشت گردی جیسے ناسور کا بہادری سے مقابلہ کررہے ہیں، اسرائیل بھارتی گٹھ جوڑ خطے اور دنیا کے امن کے لئے بڑا خطرہ ہے، قطر پر اسرائیلی بمباری پر مسلم ممالک کی اجتماعی مذمت بروقت اقدام ہے، اسرائیل نے انسانیت کی تمام حدود پار کردی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل فلسطینی عوام کی نسل کشی کررہا ہے، اسرائیل کی جانب سے خطے کے ممالک کی سرحدوں کی خلاف ورزی شرمناک فعل ہے، اسرائیلی ایجنڈا عالمی امن کیلئے سنگین خطرہ ہے۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کی شدید مذمت کی اور کہا کہ کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کو ہر سطح پر پاکستان کی حمایت حاصل ہے۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے بھارت کے خلاف پاکستان کی حالیہ فتح پر قوم اور افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ پاکستان کی کامیابی پوری قوم کے اتحاد اور افواج کی جر?ت و قربانیوں کا ثمر ہے، بھارتی جارحیت کے مقابلے میں پاکستان ہمیشہ سرخرو ہوا ہے، سارک کو مزید فعال کرنے کی ضرورت ہے، پاکستان میں تجارت کے وسیع مواقع موجود ہیں، دوطرفہ رابطوں کے فروغ سے دونوں ممالک کے عوام ایک دوسرے کے مزید قریب آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاک۔مالدیپ فرینڈ شپ گروپ دونوں ممالک میں پارلیمانی رابطوں کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کررہا ہے۔ مالدیپ کے سپیکر نے کہا کہ پاکستان آمد پر شاندار استقبال پر شکریہ ادا کرتے ہیں۔ پاکستان اور مالدیپ کے تعلقات برادرانہ اور باہمی احترام پر مبنی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا مسئلہ فلسطین و کشمیر پر دوٹوک مؤقف قابل ستائش ہے، پارلیمانی سطح پر قریبی روابط عوامی سطح پر تعلقات کو مزید مضبوط کریں گے۔

بقیہ 08

زونگ فورجی کے تعاون سے قائم کی گئی ہے۔ افتتاحی تقریب میں ڈی جی ایف ڈی ای سید جنید اخلاق، ڈائریکٹر جاوید مرزا، زونگ کے نمائندے فاروق رضا، پرنسپل راحیلہ اویس اور ایریا ایجوکیشن آفیسر ڈاکٹر احسان محمود سمیت دیگر تعلیمی و سرکاری شخصیات نے شرکت کی۔ خالد مقبول صدیقی نے اپنے خطاب میں کہا کہ آئی ٹی تعلیم وقت کی اہم ضرورت ہے اور حکومت اس سہولت کو ملک کے دوردراز علاقوں تک پہنچانے کے لیے کوشاں ہے۔ انہوں نے زونگ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان کو تعلیمی میدان میں ترقی یافتہ بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے گی۔ قبل ازیں، ڈی جی ایف ڈی ای نے خطبہ استقبالیہ میں کہا کہ وفاقی تعلیمی اداروں میں جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ آئی ٹی لیبز قائم کی جارہی ہیں جن کی تعداد 136 تک پہنچ گی۔ زونگ کے نمائندے فاروق رضا نے کہا کہ کمپنی ڈیجیٹل تعلیم کے فروغ کے لیے پرعزم ہے اور کئی سکولوں کو مفت ڈیجیٹل سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔

بقیہ 09

ملاقات کی۔ سینیٹر بننے کے بعد یہ ان کی پہلی ملاقات تھی۔ ملک کی مجموعی سیاسی اور امن و امان کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہوں نے بروقت مدد کی اہمیت پر زور دیا تا کہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ مدد ان لوگوں تک پہنچ جائے جنہیں اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ بعد ازاں قائمقام صدر سے پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل اور خیبر پختونخوا کے سابق وزیر خزانہ ہمایوں خان نے ملاقات کی جنہوں نے انہیں پارٹی کی صورتحال پر بریفنگ دی۔

بقیہ 10

کہ پاکستان اور کشمیر کو دنیا کی کوئی طاقت جدا نہیں کر سکتی۔ اساتذہ نے کہا ہے کہ پاکستان خطے میں نیٹ ریجنل سٹیبلائزر کے طور پر ابھر کر سامنے آیا ہے۔

بقیہ 11

ہدایت دی تاہم حماس انہیں جانے سے روک رہی ہے۔

بقیہ 12

آپریشن شروع کردیا ہے۔

بقیہ 13

ہیلتھ ٹورازم کو فروغ دینے، مقامی سطح پر ویکسین کی تیاری کے اقدامات پر زور دیا گیا۔ دونوں فریقین نے صحت کے نظام کو مزید مؤثر اور جدید بنانے، ٹیکنالوجی ٹرانسفر پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک صحت کے شعبے ایک دوسرے کے تجربات بھرپور استفادہ کرسکتے ہیں۔ وزیر صحت نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان وژن کے مطابق صحت کے شعبے میں جامع اصلاحات کا عمل جاری ہے۔ ترکیہ کے سفیر نے بھی پاکستان میں صحت کے شعبے میں جاری اصلاحات کو سراہا۔

بقیہ 14

کررکھی تھی تا کہ مہنگی فروخت کی جاسکے، 2 لاکھ ٹن گندم کو فلور ملوں کو 3 ہزار روپے من دینے کی ہدایت کی گئی ہے۔ مارکیٹ ذرائع کا کہنا ہے کہ گندم کی سپلائی کم ہونے سے 400 روپے من قیمت میں اضافہ ہوگیا ہے، 3 ہزار روپے من سے ایک بار پھر گندم کی قیمت 3400 روپے من ہوگئی ہے۔ فلور ملز ایسوسی ایشن کے ذرائع کے مطابق گندم کی سپلائی ملوں کو کم مل رہی ہے۔ ہم محدود تعداد میں 20 کلو کے تھیلے سپلائی کر رہے ہیں۔ اس حوالے سے مارکیٹ ذرائع کا کہنا ہے کہ اس وقت مارکیٹ میں 20 کلو آٹے کا تھیلا 1800 روپے میں سپلائی ہو رہا ہے، چکی آٹا والوں نے قیمت 140 روپے برقرار رکھی ہے۔

بقیہ 15

میں بیرسٹر علی ظفر نے کہا کہ مجموعی طور پر 17 سینیٹر کے استعفے جمع کرا رہے ہیں، باقی بعد میں آجائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹ کمیٹیوں کے اجلاس ہمارے بغیر بھی چل سکتے ہیں اور چلیں گے، استعفی بطور احتجاج دے رہے ہیں۔ پی ٹی آئی کے پارلیمانی لیڈر نے مزید کہا کہ ان استعفوں کے بعد ہمارے سینیٹرز کمیٹی اجلاسوں کا حصہ نہیں ہوں گے۔ بیرسٹر علی ظفر نے خود سمیت سینیٹر اعظم سواتی، سینیٹر فیصل جاوید، نور الحق قادری، مرزا محمد آفریدی، مشعال یوسفزئی، راجا ناصر عباس، عون عباس، فوزیہ ارشد، محسن عزیز کے استعفے جمع کرائے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹر ذیشان خانزادہ، دوست محمد، محمد ہمایوں مہمند، زرقہ سہروردی، سیف اللہ خان نیازی، فلک ناز اور روبینا ناز کے استعفے شامل ہیں۔

بقیہ 16

تھا کہ آج عمر ایوب، شبلی فراز اور عبدالطیف کی نااہلی سے متعلق درخواستوں کی سماعت تھی، ان مقدمات میں الیکشن کمیشن نے غیر قانونی طور پر نااہل کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدالت سے استدعا ہے کہ کل سماعت کرلی جائے، عدلیہ سے امید وابستہ ہے، عدلیہ کو کہتے ہیں کہ ریلیف اور انصاف ہوتا ہوا نظر آنا چاہیے، کل اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس طارق جہانگیری کے ساتھ جو کچھ ہوا، وہ افسوس ناک ہے، کسی بھی جج کو عدالتی امور سے روکا نہیں جاسکتا، عوام کا پہلے ہی عدلیہ سے کافی اعتماد اٹھ چکا ہے، سپریم کورٹ اس معاملے میں ایکشن لے، اسلام آباد ہائیکورٹ میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کے کریمنل کیسز جلد سنے جائیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی کا کہنا تھا کہ اس وقت عوام مایوسی کے عالم میں ہیں، چیف جسٹس سے درخواست ہے کہ ہمارے زیر التوا مقدمات پر قانون کے مطابق کارروائی کریں۔ بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ عدلیہ ماتحت عدالتوں پر نظر رکھتی تو ہمارے 3 لوگوں کو 100 سال کی سزا نہ ہوتی، اب سزاؤں کا اتوار بازار ختم ہونا چاہیے، نفرتوں سے حکومت کرنے سے پاکستان کا نقصان ہوگا۔

بقیہ 17

علاقے میں دریائے سندھ میں اونچے درجے کی سیلابی صورتحال ہے، سیلاب سے کچے کا زمینی رابطہ منقطع ہوگیا، لوگ اپنے گھروں کو چھوڑنے پر مجبور ہیں، مویشیوں کے باڑے بھی ویران ہوگئے، بھینسیں دریا میں چھوڑ دی گئیں یا دریا کنارے باندھ دی گئی ہیں، کندھ کوٹ اور گھوٹکی کو ملانے والا عارضی کچے کا راستہ بھی متاثر ہے۔ گھوٹکی میں کچے کے 100 سے زائد دیہات کا زمینی رابطہ منقطع ہوگیا، تیار فصلیں ڈوب گئیں، متاثرین کشتیوں کے ذریعے نقل مکانی کرنے لگے ہیں، پانی میں ڈوبی بستیوں کے لوگ بڑی کڑاہی اور دیگر اشیاء کو بطور کشتی استعمال کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ کشمور میں سیلابی ریلے کے باعث کچے کا علاقہ مکمل زیر آب آگیا، سیلاب زدگان کو بچے ہوئے سامان کو سیلابی ریلے سے بچانے کا چیلنج درپیش ہے، سیلاب زدہ علاقوں میں انتظامیہ کی جانب سے متاثرین کیلئے ریسکیو اور ریلیف آپریشن جاری ہیں۔ صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) کے مطابق اب تک سندھ میں حالیہ سیلاب سے کم از کم ایک لاکھ 81 ہزار 159 افراد متاثر ہو چکے ہیں، حکومت کی جانب سے 528 امدادی کیمپ اور 184 میڈیکل کیمپ قائم کئے گئے ہیں جبکہ اب تک 4 لاکھ 71 ہزار 392 مویشی دریائی علاقوں سے محفوظ مقامات کی جانب منتقل کئے جاچکے ہیں۔

بقیہ 18

سمیت رابطہ سڑکیں بہہ گئیں اور کئی گھروں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق لواری ٹنل اور اطراف میں بارش کے بعد عشریت اور دوسرے مقامات پر ندی نالوں میں طغیانی سے سیلابی ریلوں میں اضافہ ہوگیا ہے جس سے چترال۔پشاور مرکزی شاہراہ ہر قسم کی ٹریفک کے لیے کئی گھنٹوں تک بند رہی اور سیکڑوں مسافر گاڑیاں لواری ٹنل میں پھنس کر رہ گئیں۔ لواری ٹنل چترال کی طرف پھنسے مسافروں کو سہولیات نہ ہونے کی وجہ سے شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ نیشنل ہائی وے اتھارٹی حکام نے بتایا ہے کہ متاثرہ روڈ کی صفائی کا کام جاری ہے، جگہ جگہ سیلابی ریلے آنے کے باعث ٹریفک بحال کرنے کے لیے کام جاری ہے۔ ادھر دیر۔چترال شاہراہ اور دیگر سڑکیں ٹریفک کے لیے بحال کردی گئی ہیں۔ چترال کی ضلعی انتظامیہ نے عوام سے اپیل کی ہے کہ سیلابی صورت حال میں شہری بلاوجہ گھروں سے نہ نکلیں کیونکہ مزید بارشوں اور سیلاب کا خطرہ موجود ہے۔

بقیہ 19

، 10 مرلہ تک گھروں پر 1500 روپے سروس چارجز لاگو ہوں گے، 10 مرلہ سے بڑے گھروں پر 3 ہزار روپے سروس چارجز لاگو ہوں گے، 10 مرلہ گھر کے کنکشن کی مجموعی فیس 21 ہزار 500 روپے ہوگی، 10 مرلہ سے بڑے گھر کی کنکشن فیس 23 ہزار روپے ہوگی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آر ایل این جی کے گھریلو کنکشن کیلئے نئی درخواست دینا ہوگی، گھریلو گیس کنکشن آر ایل این جی ٹیرف پر لگایا جائے گا۔

بقیہ 20

چادر چھت رہائشی مکان میں اچانک آگ بھڑک اٹھی، دیکھتے ہی دیکھتے آگ نے پورے گھر کو اپنی لپیٹ میں لے لیا مقامی افراد نے آگ کو بجھانے کی کوشش کی مگر آگ کی شدت کے باعث آگ پر قابو نہ پایا جاسکا، مکان راکھ کا ڈھیر بن گیا، آتشزدگی کے باعث متاثرہ خاندان چھت سے محروم ہوگیا آگ کے نتیجہ میں قیمتی گھریلو سامان بھی راکھ میں تبدیل ہو گیا، متاثرہ شخص کا کہنا تھا کہ زندگی بھر کی جمع پونجی آج مٹی کا ڈھیر بن گئی، میرے پاس کچھ نہیں بچا مشکل سے دووقت کی روٹی میسر کرکے بیوی بچوں کا پیٹ پالنا محال ہے مکان کہاں سے تعمیر ہوگا؟ متاثرہ شخص نے آبدیدہ ہوتے ہوئے کہا کہ مہنگائی کے دور میں جہاں روٹی، کپڑا مہیا کرنا مشکل ہے آمدن بھی اُتنی زیادہ نہیں بچوں کے لیے چھت مہیا کروں گا یا انکے لیے روٹی کپڑا کا بندوبست کروں گا، اللہ تعالیٰ کی آزمائش ہے جیسے اسکی رضا ہے اللہ ہی بہتر اسباب فراہم کرے، عوام علاقہ نے حکومت آزاد کشمیر بالخصوص وزیراعظم چوہدری انوار الحق سے مطالبہ کیا ہے کہ متاثرہ خاندان کو ہنگامی سطح پر امداد فراہم کریں انتظامیہ جہلم ویلی فوری طور پر عارضی طور پر متاثرہ خاندان کی رہائش کا بندوبست کرتے ہوئے ٹینٹ کی فراہمی سمیت دیگر ضروری اشیاء فراہم کرے تا کہ متاثرہ فیملی کھلے آسمان تلے رہنے سے بچ جائے۔

بقیہ 21

400 گرام چرس برآمد کی، واہ کینٹ پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 1 کلو 660 گرام چرس برآمد کی، گوجرخان پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 1 کلو 650 گرام چرس برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔

بقیہ 22

اور ماحولیاتی تحفظ پر مبنی ہے، جو چین۔پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے تحت آگے بڑھایا جائے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ یہ منصوبہ پاکستان کو افغانستان، وسطی ایشیا، مشرق وسطیٰ اور افریقہ سے جوڑنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے گوادر پورٹ کی توسیع، فری زون اسٹیج ٹو کی جلد تکمیل اور ایسٹ بے ایکسپریس وے فیز ٹو کے فوری آغاز جیسے بڑے منصوبوں کو ترجیحاتی بنیادوں پر کام کرنے کی ہدایت کی۔ اس کے ساتھ ہی نئے گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو بندرگاہ کے ساتھ مربوط کرنے پر بھی زور دیا گیا تا کہ کثیرالجہتی ٹرانزٹ کو فروغ ملے۔ فریم ورک میں ای۔ڈیٹا انٹرچینج اور اسمارٹ پورٹ ٹیکنالوجی کے نفاذ کی تجاویز شامل ہیں تا کہ گوادر کو چینی اور عالمی شپنگ نیٹ ورکس سے جوڑا جا سکے۔ اس کے ساتھ ہی بندرگاہی صنعتوں، گوداموں اور کولڈ اسٹوریج سہولتوں کی ترقی کو بھی منصوبے کا حصہ بنایا گیا ہے تا کہ علاقائی تجارت اور ٹرانس شپمنٹ میں سہولت پیدا ہو۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ انفراسٹرکچر کے علاوہ منصوبے میں سائنس، صنعت اور سیاحت کے فروغ کو بھی توجہ دی جارہی ہے، جس میں مشترکہ میرین سائنس ریسرچ مراکز، سی پیک صنعتی پارکس برائے فشریز، شپ بلڈنگ اور آبی حیات کی افزائش شامل ہیں۔ بلوچستان کے ساحل پر میرین ٹورازم، کروزز اور واٹر اسپورٹس کے منصوبے بھی اس فریم ورک کا حصہ ہوں گے۔ تعلیم اور پائیداری کو بھی اولین ترجیح دی گئی ہے، جس کے تحت پاکستانی و چینی جامعات اور اداروں کے درمیان اکیڈمک پارٹنرشپ اور تربیتی تبادلوں کے ذریعے لاجسٹکس، پورٹ آپریشنز اور فشریز کے ماہر افرادی قوت تیار کی جائے گی۔ منصوبہ بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کے "گرین انرجی اور اوشن" اہداف سے ہم آہنگ ہے تا کہ ترقی اور ماحول کے تحفظ میں توازن قائم رکھا جاسکے۔ جنید انوار چوہدری نے کہا کہ 2025ء تا 2029ء کا ایکشن پلان پاکستان کے اس عزم کا اظہار ہے کہ وہ ایک مضبوط بحری معیشت قائم کرے، چین کے ساتھ تعلقات مزید گہرے بنائے اور سی پیک کے فریم ورک کے تحت مشترکہ خوشحالی کو آگے بڑھائے۔

بقیہ 23

استعداد کار بڑھانے پر خصوصی توجہ دی جائے گی ، انٹروینشنل کارڈیالوجی آرگن ٹرانسپلانٹ آرتھوپیڈک سرجری اینڈوسکوپک الٹراساؤنڈ برن اینڈ پلاسٹک سرجری کے شعبوں میں مل کر کام کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ متعدی امراض، آنکھوں کے امراض اور فارماسیوٹیکل کے شعبے میں بھی باہمی تعاون کو فروغ اور مشترکہ تحقیق کے مواقع بھی تلاش کیے جائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ معاہدے کا مقصد دونوں برادر ممالک کے عوام کی صحت کو بہتر بنانے کے لیے قریبی تعاون کو فروغ دینا ہے، ہم اپنے فلسطینی بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ صحت کے میدان میں ہر ممکن تعاون جاری رکھیں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستانی عوام کے دل فلسطین کے ساتھ دھڑکتے ہیں، ہم ان کی فلاح کے لیے ہر ممکن مدد فراہم کرنے کے لیے تیار ہیں۔ پاکستان کی جانب سے وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال اور فلسطین کی جانب سے ان کے سفیر ڈاکٹر زہیر محمد حمداللہ زیدنے معاہدے پر دستخط کیے۔ فلسطینی سفیر نے وزیر صحت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ فلسطین اور پاکستان برادر ملک ہیں اور دونوں عوام کی صحت کی بہتری کیلئے مل کر کام کریں گے۔ تقریب میں وفاقی سیکرٹری ہیلتھ حامد یعقوب، ایڈیشنل سیکرٹری ہیلتھ اور ڈی جی ہیلتھ بھی موجود تھے۔

بقیہ 24

وقار احمد اور جوانوں نے فرض کی راہ میں قیمتی جانیں نچھاور کر کے اعلیٰ مثال قائم کی، قوم شہداء کی لازوال قربانیوں کا قرض نہیں اتار سکتی، شہداء کی عظیم قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ محسن نقوی نے کہا کہ شہداء اور ان کے عظیم خاندانوں کو سلام پیش کرتے ہیں، شہداء کے خاندان ہمارے اپنے خاندان ہیں، قوم ہمیشہ انکی مقروض رہیگی۔ میجر جنرل بلال سرفراز نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی قربانیاں دہشت گردی کے خلاف ہمارے غیر متزلزل عزم کا ثبوت ہیں۔ نماز جنازہ میں اعلیٰ عسکری وسول حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 25

اہم منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران مس آئرنسائیڈ نے ڈیجیٹل یوتھ ہب، پاکستان کے تعلیمی نظام اور قومی رضا کار کورپ کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ یونیسف کی نمائندہ مس آئرنسائیڈ نے وزیراعظم یوتھ پروگرام کے ڈیجیٹل یوتھ ہب اور قومی رضا کار کورپ کی حمایت کرتے ہوئے ان میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ انہوں نے پاکستان کے تعلیمی نظام میں اہم اصلاحات کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں نے کہا کہ وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت ڈیجیٹل یوتھ ہب نوجوانوں کو مصنوعی ذہانت پر مبنی وسائل تک ذاتی رسائی فراہم کرے گا، ڈیجیٹل یوتھ ہب پاکستان کے نوجوانوں کے لیے ایک اہم موقع ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان تعلیمی نظام میں اصلاحات کے لیے اقدامات کررہی ہے، نیا تعلیمی نظام نوجوانوں کو مستقبل کے چیلنجز کے لیے تیار کرے گا۔ رانا مشہود احمد خاں نے کہا کہ قومی رضا کار کورپ کے ذریعے 20 لاکھ رضا کاروں کو تربیت دی جائے گی، قومی رضا کار کورپ کا مقصد نوجوانوں کو مثبت سماجی تبدیلی لانے کے لیے بااختیار بنانا ہے۔

بقیہ 26

سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 18 ستمبر 2025، صبح 07:00 بجے سے دن 12:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، کراچی کمپنی فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، ریچ روڈ، سہام، چاکرہ، پشاور روڈ، ذیشان کالونی فیڈرز، صبح 08:30 بجے سے دن 13:30 بجے تک، راولپنڈی سٹی سرکل، ایچ پی ٹی، امیر حمزہ، آفیسر کالونی، I-14/3، ریچ روڈ، I-14/2، لکھو روڈ، پنڈ ہون فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، اڈیالہ، ڈھوک نور، سمرزار فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے۔

بقیہ 27

پرعزم ہے۔ ایرانی سفیر نے وزیر کو اپنے تعاون کا یقین دلایا اور کہا کہ ایران پاکستان کے ساتھ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کا خواہاں ہے جو دونوں ممالک کے عوام کے لیے مفید ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران علاقائی تعاون بڑھانے کے ساتھ پاکستان کے ساتھ اقتصادی تعاون کو وسعت دینے کا ارادہ رکھتا ہے۔

بقیہ 28

دھماکے سے عمارت کو شدید نقصان پہنچا اور عمارت مکمل تباہ ہوگئی۔ ایرانی حکام نے واقعے سے متعلق مزید تفصیلات سے آگاہ نہیں کیا، تاہم اس حوالے سے تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔

بقیہ 29

پرمبنی پالیسی سازی اور افرادی قوت کی تیاری پر بھی گفتگو کی گئی۔ وفاقی وزیر نے ہیلتھ سروس اکیڈمی کی پیشرفت کو سراہا۔ ایچ ایس اے نے وزیر صحت کے دورے اور تعاون پر شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 30

کیا گیا ہے، بانی پی ٹی آئی عمران خان کو ضرورت کے مطابق ویڈیو لنک پر پیش کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق جی ایچ کیو حملہ کیس اور دیگر مقدمات کے باقی ملزمان اے ٹی سی راولپنڈی میں پیش ہوں گے۔

بقیہ 31

اسپتالوں سے ٹیسٹ کرائیں، اس عمل پر ٹیکنیکل اسٹاف کیخلاف کارروائیاں جاری ہیں، کچھ کی نوکریاں بھی ختم کی ہیں، دیگر کیخلاف انکوائری ہورہی ہے۔ سعدیہ جاوید نے کہا کہ سندھ حکومت محکمہ صحت پر جتنا پیسہ لگارہی ہے کسی اور شعبے میں نہیں لگارہی، کراچی کے اسپتالوں میں صرف شہر کے نہیں پورے ملک سے مریض آتے ہیں۔ ترجمان سندھ حکومت نے کہا کہ بلوچستان کا پورا بوجھ بھی کراچی کے سول اور جناح اسپتال اٹھارہے ہیں، اسپتالوں کی کپیسٹی سے زیادہ مریض ہے اس لئے صفائی کے معاملات ہیں، سندھ کا میڈیکل سسٹم باقی تمام صوبوں سے بہت بہتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت میں بائیو میٹرک کا نظام متعارف کرایا جارہا ہے، جو ڈاکٹر یا اسٹاف ڈیوٹی پر نہیں ہوگا ان کیخلاف سخت کارروائی ہوگی۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ پنجاب میں جس طرح تباہی ہوئی ہے صوبائی حکومت اکیلے قابو نہیں پاسکتی، گجرات میں 4 روز تک پانی کھڑا رہا وہاں کے کسی وزیر نے بیان نہیں دیا۔

بقیہ 32

راشد شفیق اپنی والدہ کے جنازے میں بھی شریک نہ ہوسکے تھے اور اب ان کے والد کی حالت بھی خراب ہوگئی ہے۔ انہوں نے حکومت کی سخت پالیسیوں اور مہنگائی پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر دس سال قید ہورہی ہے، جبکہ مہنگائی اور سیلاب کا کوئی پرسان حال نہیں ہے۔ سابق وفاقی وزیر نے ارباب اختیار سے درخواست کی کہ وہ عام آدمی کو معافی دیں اور مہنگائی پر قابو پانے کیلئے فوری اقدامات کریں تا کہ غریب آدمی کو کم از کم کچھ ریلیف مل سکے، حکومت کو غریب عوام کی حالت زار پر رحم کرنا چاہیے اور ان کے مسائل حل کرنے کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھانے چاہئیں۔

بقیہ 33

گے اور ہڑتال اسی موقف کا اظہار ہے۔ واضح رہے کہ ایک روز قبل اسلام آباد ہائیکورٹ نے جسٹس طارق محمود کو عدالتی کام سے روکنے کا حکم جاری کیا تھا۔ یہ حکم ان کی بطور جج تقرری کو چیلنج کرنے والی ایک درخواست پر ڈویژن بنچ نے جاری کیا تھا۔

بقیہ 34

ٹیوٹ آف آرٹس اینڈ ڈیزائن میں منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نبی کریم (ص) کی امت میں پیدا ہونے پر ہمیں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہئے، یہ اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا انعام ہے، دنیا کو اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچانے کی ذمہ داری نبی کریم (ص) کی امت پر ہے تا کہ کوئی گمراہی کے راستے پر بھٹک کر ہدایت سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت مسلمانوں کی آبادی دوارب سے بڑھ چکی ہے مگر ایک کروڑ آبادی والے ملک نے دوارب لوگوں کو آگے لگایا ہوا ہے اور وہ جب اور جیسے چاہتا ہے مسلمانوں کے خون سے ہولی کھیلتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ غزہ میں مسلمانوں کے ساتھ ظلم وستم کا بازار گرم ہے، اسلامی ممالک کے سربراہان کا اجلاس بھی ہوا مگر آج بھی غزہ پر بمباری ہوئی ہے، ہم اکثریت میں ہونے کے باوجود اقلیت کے ہاتھوں نقصان اٹھارہے ہیں۔ انہوں نے حدیث نبوی؟ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ہم اصل زندگی اور اس کے مقاصد کو بھول کر دنیا کی محبت میں گرفتار ہوچکے ہیں، اپنے اصل فرض سے غافل ہوکر ہم پستی کی وادیوں میں گرتے جارہے ہیں، صحابہ کرام نے مٹھی بھر ہونیکے باوجود اسلام کو مراکش سے انڈونیشیا تک پہنچایا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ قرآن وسنت اسلامی تہذیب کے بنیادی ستون ہیں، قرآن موجود ہے اور رہے گا اسی طرح سیرت بھی ہمارے پاس موجود ہے اور قیامت تک رہے گی مگر اس کے باوجود مغلوب ہوتے جارہے ہیں کیونکہ ہماری زندگی قرآن وسنت کی تعلیمات کے مطابق نہیں ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ سپین میں مسلم تہذیب کے عروج کے وقت تمام علوم کے ماہرین کا تعلق اسی امت سے تھا، اہم شعبوں میں مسلمان سکالرز موجود تھےکیونکہ ان لوگوں نے قرآن کریم اور سیرت سے رہنمائی حاصل کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ قرآن مجید کی تعلیمات کے مطابق اللہ تعالیٰ علم کا منبع ہیں اور مسلمانوں کو سمجھنا چاہئے کہ معرفت کا راستہ علم کیذریعے طے کیا جاسکتا ہے، اسلامی تعلیمات میں کائنات کا کھوج اور تحقیق اللہ تعالیٰ کی تسبیح کی طرح لازم ہے، ہم نے قرآن وسنت کو سرچشمہ ہدایت سمجھنے کی بجائے قرآن کریم کو محض ایک مقدس کتاب اور سیرت کو ایک متبرک کہانی سمجھ لیا ہے، اگر ہم عشق رسول کا دعوی کرتے ہیں تو ہمیں رشوت، ملاوٹ کے خاتمے، محلوں اور بازاروں میں گندگی پھیلانے ، اپنے غصے پر قابو پانے، ہمسایوں کے حقوق کا خیال کرنے اور ناپ تول ٹھیک کرنے پر عمل کرنا ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمیں سیرت نبوی سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے ان کی تعلیمات کے مطابق اپنی زندگی کو گزارنا ہے، اگر ایسا نہ کیا تو ہم پستیوں میں گرتے چلے جائیں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اس وقت دنیا کو موسمیاتی تبدیلیوں کا سامنا ہے، پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثر ہونے والے بڑے ممالک میں شامل ہے، انسان اور فطرت کے درمیان تعلقات عدم توازن کا شکار ہونے سے دنیا اس مسائل کا سامنا کررہی ہے حالانکہ نبی کریم (ص) نے 1500 سال قبل ہمیں پانی کے تحفظ، شجرکاری اور ماحولیات کے متعلق اہم تعلیمات دی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ نبی کریم ? نے درخت لگانے کو صدقہ جاریہ قرار دیا تھا، آپ (ص) نے جنگوں میں درختوں کی حرمت کا فرمان جاری کیا، ماحولیات کے لئے مخصوص علاقوں کا تصور بھی ہمیں نبی کریم (ص) سے ملا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمیں اپنی زندگی میں توازن قائم کرنا ہوگا کیونکہ کائنات توازن پر قائم ہے، سادگی اپنانے سے وسائل کو محفوظ بناسکتے ہیں، ہمیں پانی کی ایک ایک بوند کی حفاظت کرنا ہوگی، بحیثیت مسلمان ہر شخص کو ایک درخت لگانا چاہئے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ خلیف ? الارض کی ذمہ داریاں ادا کرنے کیلئے ہمیں خود کو قرآن وسنت سے جوڑنا ہوگا۔

بقیہ 35

کے ایسے نوٹیفکیشن کو مسترد کرتے ہیں۔

بقیہ 36

متاثر ہوگا، عالمی سطح پر درجہ حرارت میں اضافہ موسمیاتی تبدیلی کی بڑی وجہ ہے۔ انہوں نے بتایا ہے کہ رواں سال پاکستان میں مون سون دو ہفتے پہلے شروع ہوا جبکہ آنے والے برسوں میں بارشوں میں مزید اضافے کا امکان ہے، پاکستان میں 7 ہزار سے زائد گلیشیئرز موجود ہیں لیکن یہ تیزی سے ختم ہو رہے ہیں۔ چیئرمین این ڈی ایم اے نے مزید کہا ہے کہ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے لیے فنڈ دینے والے ممالک خود موسمیاتی تبدیلی کے مسائل کا شکار ہیں، ہمارے پاس اپنی استعداد اور ڈیٹا یو این سے زیادہ بہتر ہے اور این ڈی ایم اے کی پیشگوئی 98 فیصد درست ثابت ہورہی ہے۔ انہوں نے بتایا ہے کہ جموں و کشمیر اور پنجاب کے دریاؤں میں اس بار پانی زیادہ ہے جبکہ بھارتی ڈیمز کی جانب سے کوئی ڈیٹا شیئر نہیں کیا گیا۔ چیئرمین این ڈی ایم اے کے مطابق قادر آباد، سدھنائی اور جھنگ میں بند توڑ کر پانی کے ریلوں کا زور کم کیا گیا جبکہ آج گڈو بیراج پر 5 لاکھ کا ریلا جمع ہونے کا امکان ہے۔

بقیہ 37

کی کوشش کر رہا ہے، اسلام آباد میں منعقدہ آل پارٹیز کانفرنس کے بعد اپنا ردعمل دیتے ہوئے ذیشان حیدر نے کہا کہ (APC) میں تحریک انصاف شامل نہیں تھی، اور یہ باعث اطمینان ہے کہ سابق وزیراعظم سردار عبدالقیوم نیازی اور دیگر قیادت نے اس بے ایمانی اور خطرناک پروپیگنڈا کا حصہ بننے سے انکار کیا، کرپٹ موروثی قیادت کا یہ دعویٰ کہ بھارت آزاد کشمیر میں عوامی تحریک کو منظم کر رہا ہے، دراصل عوامی جدوجہد کو بدنام کرنے اور ریاستی اداروں کو الجھانے کی سازش ہے، یہ تاثر دینا کہ آزاد کشمیر کے عوام اپنی محرومیوں پر آواز اٹھا کر کسی بھارتی ایجنڈے کو آگے بڑھا رہے ہیں عوام کی توہین ہے، فوج بھی ہماری ہے اور ملک بھی ہمارا ہے فوج کے ساتھ یکجہتی ہمارے خون میں شامل ہے، مگر کرپٹ ٹولہ عوامی احتجاج کو فالس فلیگ آپریشن میں بدلنے کی سازش کر رہا ہے، جیسا کہ 9 مئی کے واقعات میں کیا گیا تھا، انہوں نے اعلان کیا کہ تحریک انصاف 29 ستمبر کو عوام کے ساتھ مل کر بھرپور احتجاج کرے گی تا کہ دنیا کو دکھایا جاسکے کہ یہ تحریک صرف اور صرف عوامی حقوق، سستے آٹے، بجلی اور شفاف حکمرانی کے لیے ہے، تحریک انصاف آزاد کشمیر نے حکومت پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ بروقت مداخلت کرے اور اس عوامی تحریک کے جائز مطالبات تسلیم کرتے ہوئے کرپٹ سیاسی مافیا کو مزید سازشوں سے روکے، عوامی ایکشن کمیٹی درحقیقت عوام کی آواز ہے اور تحریک انصاف اس کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑی ہے۔

بقیہ 38

ہے جوکہ جا کالاس کے مطابق یہ مشکل ہوگا۔ میں نے تمام ہم منصبوں سے سوال کیا کہ اگر آپ اس پر متفق ہیں کہ صورتحال انتہائی سنگین، تباہ کن اور ناقابل برداشت ہے تو پھر سوال یہ ہے کہ ہم اس بارے میں کیا کر سکتے ہیں کیونکہ یہ صرف جرمنی کا معاملہ نہیں ہے، اگر آپ ان اقدامات کی حمایت نہیں کرتے ہیں تو آپ کون سے اقدامات کی حمایت کر سکتے ہیں وہ بتائیں۔

بقیہ 39

گرفتاری کے لیے پولیس کارروائی جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق چھٹیاں کے رہائشی زاکر حسین ولد علی حسین نے سٹی تھانہ بٹیاں بالا کو دی گئی درخواست میں موقف اختیار کیا ہے کہ سائل اور اس کے بھائی کے گھر آنے والا پانی کنگڑ واڑہ سے آتا ہے، قریشی محلہ کے قریب پائپ کا جائنٹ ہے، جہاں پر لوگ باری باری اپنا پانی لگاتے ہیں، گذشتہ رات جب میرا بھائی پرویز ولد علی حسین پانی لگانے گیا تو عمران ولد مسکین، بمیر، اویس، نوید پسران محمد حنیف اور حنیف ولد چوہدری ہدایت اللہ ساکنان چھٹیاں نے راستہ روک کر اس پر کلہاڑیوں، ڈنڈوں سے حملہ آور ہو گئے، جس کے باعث وہ شدید زخمی ہوگیا شور پڑنے پر ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، تحریری درخواست موصول ہونے کے بعد انسپکٹر ایس ایچ او سٹی تھانہ بٹیاں بالا منظر حسین چغتائی نے درج بالا ملزمان کے خلاف زیر دفعات 341/337 ،147/148، 149/506 پی سی کے تحت مقدمہ درج کرتے ہوئے بمیر اور حنیف نامی ملزمان کو گرفتار کر کے حوالات میں بند کردیا ہے، دیگر کی گرفتاری کے لیے پولیس کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 40

پر پھنسے ہوئے ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمیں اپنے حقوق سے محروم کردیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل بھی ہمارے ٹرکوں کو ایک سازش کے تحت روکا گیا تا کہ کشمیر کی مصنوعات سڑ جائیں۔ آغا روح اللہ نے کہا چونکہ مغل روڈ کو گاڑیوں کی آمدورفت کے لیے کھول دیا گیا ہے، امید ہے کہ جموں سرینگر ہائی وے بھی جلد بحال ہوجائے گی۔ انہوں نے ڈوڈہ کے رکن اسمبلی کی کالے قانون پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت نظر بندی پر کہا کہ جموں وکشمیر میں جو اپنے حق کی بات کرتا ہے وہ غیر محفوظ ہے۔ ہمیں متحد ہوکر اس قانون کے خلاف لڑنا چاہیے۔

بقیہ 41

کے مختلف سیکشنز کا دورہ کیا اور وہاں کام کرنے والے نوجوانوں سے بات چیت کی۔ وزیراعظم نے ان کے جذبے کو سراہتے ہوئے کہا کہ بیرونی بیانیے کی جنگ میں ان کا کردار انتہائی اہم ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل چینل کے آغاز کا بنیادی مقصد مسلسل حقیقی خبریں فراہم کرتے ہوئے پاکستان کے بارے میں ہونے والی غلط بیانی اور پروپیگنڈے کا موثر جواب دینا ہے۔ وزیراعظم نے پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل کی نشریات کے لیے اپنا پہلا انٹرویو بھی ریکارڈ کرایا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاءاللہ تارڑ نے وزیراعظم کو پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل کے اغراض و مقاصد کے بارے میں آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل عالمی ناظرین کو پاکستان کے لیے ایک فعال اور مستند آواز فراہم کرنے، معلومات کیتھدا کو ختم کرنے اور عوامی سفارت کاری کے لیے انگریزی زبان کے ایک پلیٹ فارم کے طور پر کام کرے گا۔ اس پلیٹ فارم کا سٹریٹجک مقصد پاکستان کی جانب سے دنیا سے بات کرنا اور سب سے پہلے اپنی خبر پہنچانا ہے، یہ چینل بین الاقوامی امور، ثقافتی تنوع اور اقتصادی ترقی سمیت اہم امور پر پاکستانی نقطہ نظر کو اجاگر کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ چینل اندرون ملک رپورٹنگ کو مربوط جبکہ فری لانسرز کے ایک عالمی نیٹ ورک اور رائٹرز اور ایسوسی ایٹڈ پریس جیسی معروف وائر سروسز کے ساتھ شراکت داری کرتے ہوئے بروقت ، تصدیق شدہ اور اعلیٰ معیار کی کوریج کو یقینی بنائیگا۔ انہوں نے کہا کہ مغرب و بھارت کے زیر اثر علاقائی میڈیا میں جاری یک طرفہ بیانیے کا توڑ کیا جائے گا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان ڈیجیٹل ٹی وی پاکستانی زاویے سے خبریں پہنچانے کے حوالے سے بڑا مرکز ہے۔

بقیہ 42

پارلیمانی وفد کا پارلیمنٹ ہاؤس آمد پر پرتپاک خیر مقدم کیا گیا۔ بدھ کو مالدیپ کی عوامی مجلس کے سپیکر عبدالرحیم عبداللہ نے پارلیمانی وفد کے ہمراہ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ پارلیمانی تعلقات سمیت اہم علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ پارلیمانی تعاون اور عوامی روابط بڑھانے پر اتفاق کیا۔ اس موقع پر سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور مالدیپ مشترکہ مذہب، تاریخ اور ثقافت کے رشتوں میں جڑے ہیں، خطے میں امن و ترقی کے فروغ کیلئے پارلیمانی سفارتکاری اہم ہے، مسئلہ فلسطین اور کشمیر کو حل کئے بغیر خطے میں پائیدار امن ممکن نہیں، عالمی برادری مسئلہ فلسطین اور کشمیر کے منصفانہ حل کے لئے کردار ادا کرے، مسلم امہ کو فلسطین اور کشمیر کے عوام کے حق میں مشترکہ لائحہ عمل اپنانا ہوگا۔ سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پاکستانی فورسز اور عوام دہشت گردی جیسے ناسور کا بہادری سے مقابلہ کررہے ہیں، اسرائیل بھارتی گٹھ جوڑ خطے اور دنیا کے امن کے لئے بڑا خطرہ ہے، قطر پر اسرائیلی بمباری پر مسلم ممالک کی اجتماعی مذمت بروقت اقدام ہے، اسرائیل نے انسانیت کی تمام حدود پار کردی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل فلسطینی عوام کی نسل کشی کررہا ہے، اسرائیل کی جانب سے خطے کے ممالک کی سرحدوں کی خلاف ورزی شرمناک فعل ہے، اسرائیلی ایجنڈا عالمی امن کیلئے سنگین خطرہ ہے۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کی شدید مذمت کی اور کہا کہ کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کو ہر سطح پر پاکستان کی حمایت حاصل ہے۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے بھارت کے خلاف پاکستان کی حالیہ فتح پر قوم اور افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ پاکستان کی کامیابی پوری قوم کے اتحاد اور افواج کی جر?ت و قربانیوں کا ثمر ہے، بھارتی جارحیت کے مقابلے میں پاکستان ہمیشہ سرخرو ہوا ہے، سارک کو مزید فعال کرنے کی ضرورت ہے، پاکستان میں تجارت کے وسیع مواقع موجود ہیں، دوطرفہ رابطوں کے فروغ سے دونوں ممالک کے عوام ایک دوسرے کے مزید قریب آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاک۔مالدیپ فرینڈ شپ گروپ دونوں ممالک میں پارلیمانی رابطوں کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کررہا ہے۔ مالدیپ کے سپیکر نے کہا کہ پاکستان آمد پر شاندار استقبال پر شکریہ ادا کرتے ہیں۔ پاکستان اور مالدیپ کے تعلقات برادرانہ اور باہمی احترام پر مبنی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا مسئلہ فلسطین و کشمیر پر دوٹوک مؤقف قابل ستائش ہے، پارلیمانی سطح پر قریبی روابط عوامی سطح پر تعلقات کو مزید مضبوط کریں گے۔

بقیہ 43

ٹیوٹ آف آرٹس اینڈ ڈیزائن میں منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نبی کریم (ص) کی امت میں پیدا ہونے پر ہمیں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہئے، یہ اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا انعام ہے، دنیا کو اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچانے کی ذمہ داری نبی کریم (ص) کی امت پر ہے تا کہ کوئی گمراہی کے راستے پر بھٹک کر ہدایت سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت مسلمانوں کی آبادی دوارب سے بڑھ چکی ہے مگر ایک کروڑ آبادی والے ملک نے دوارب لوگوں کو آگے لگایا ہوا ہے اور وہ جب اور جیسے چاہتا ہے مسلمانوں کے خون سے ہولی کھیلتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ غزہ میں مسلمانوں کے ساتھ ظلم وستم کا بازار گرم ہے، اسلامی ممالک کے سربراہان کا اجلاس بھی ہوا مگر آج بھی غزہ پر بمباری ہوئی ہے، ہم اکثریت میں ہونے کے باوجود اقلیت کے ہاتھوں نقصان اٹھارہے ہیں۔ انہوں نے حدیث نبوی؟ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ہم اصل زندگی اور اس کے مقاصد کو بھول کر دنیا کی محبت میں گرفتار ہوچکے ہیں، اپنے اصل فرض سے غافل ہوکر ہم پستی کی وادیوں میں گرتے جارہے ہیں، صحابہ کرام نے مٹھی بھر ہونیکے باوجود اسلام کو مراکش سے انڈونیشیا تک پہنچایا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ قرآن وسنت اسلامی تہذیب کے بنیادی ستون ہیں، قرآن موجود ہے اور رہے گا اسی طرح سیرت بھی ہمارے پاس موجود ہے اور قیامت تک رہے گی مگر اس کے باوجود مغلوب ہوتے جارہے ہیں کیونکہ ہماری زندگی قرآن وسنت کی تعلیمات کے مطابق نہیں ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ سپین میں مسلم تہذیب کے عروج کے وقت تمام علوم کے ماہرین کا تعلق اسی امت سے تھا، اہم شعبوں میں مسلمان سکالرز موجود تھےکیونکہ ان لوگوں نے قرآن کریم اور سیرت سے رہنمائی حاصل کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ قرآن مجید کی تعلیمات کے مطابق اللہ تعالیٰ علم کا منبع ہیں اور مسلمانوں کو سمجھنا چاہئے کہ معرفت کا راستہ علم کیذریعے طے کیا جاسکتا ہے، اسلامی تعلیمات میں کائنات کا کھوج اور تحقیق اللہ تعالیٰ کی تسبیح کی طرح لازم ہے، ہم نے قرآن وسنت کو سرچشمہ ہدایت سمجھنے کی بجائے قرآن کریم کو محض ایک مقدس کتاب اور سیرت کو ایک متبرک کہانی سمجھ لیا ہے، اگر ہم عشق رسول کا دعوی کرتے ہیں تو ہمیں رشوت، ملاوٹ کے خاتمے، محلوں اور بازاروں میں گندگی پھیلانے ، اپنے غصے پر قابو پانے، ہمسایوں کے حقوق کا خیال کرنے اور ناپ تول ٹھیک کرنے پر عمل کرنا ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمیں سیرت نبوی سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے ان کی تعلیمات کے مطابق اپنی زندگی کو گزارنا ہے، اگر ایسا نہ کیا تو ہم پستیوں میں گرتے چلے جائیں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اس وقت دنیا کو موسمیاتی تبدیلیوں کا سامنا ہے، پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثر ہونے والے بڑے ممالک میں شامل ہے، انسان اور فطرت کے درمیان تعلقات عدم توازن کا شکار ہونے سے دنیا اس مسائل کا سامنا کررہی ہے حالانکہ نبی کریم (ص) نے 1500 سال قبل ہمیں پانی کے تحفظ، شجرکاری اور ماحولیات کے متعلق اہم تعلیمات دی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ نبی کریم ? نے درخت لگانے کو صدقہ جاریہ قرار دیا تھا، آپ (ص) نے جنگوں میں درختوں کی حرمت کا فرمان جاری کیا، ماحولیات کے لئے مخصوص علاقوں کا تصور بھی ہمیں نبی کریم (ص) سے ملا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمیں اپنی زندگی میں توازن قائم کرنا ہوگا کیونکہ کائنات توازن پر قائم ہے، سادگی اپنانے سے وسائل کو محفوظ بناسکتے ہیں، ہمیں پانی کی ایک ایک بوند کی حفاظت کرنا ہوگی، بحیثیت مسلمان ہر شخص کو ایک درخت لگانا چاہئے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ خلیف ? الارض کی ذمہ داریاں ادا کرنے کیلئے ہمیں خود کو قرآن وسنت سے جوڑنا ہوگا۔

بقیہ 44

کے مختلف سیکشنز کا دورہ کیا اور وہاں کام کرنے والے نوجوانوں سے بات چیت کی۔ وزیراعظم نے ان کے جذبے کو سراہتے ہوئے کہا کہ بیرونی بیانیے کی جنگ میں ان کا کردار انتہائی اہم ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل چینل کے آغاز کا بنیادی مقصد مسلسل حقیقی خبریں فراہم کرتے ہوئے پاکستان کے بارے میں ہونے والی غلط بیانی اور پروپیگنڈے کا موثر جواب دینا ہے۔ وزیراعظم نے پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل کی نشریات کے لیے اپنا پہلا انٹرویو بھی ریکارڈ کرایا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاءاللہ تارڑ نے وزیراعظم کو پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل کے اغراض و مقاصد کے بارے میں آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل عالمی ناظرین کو پاکستان کے لیے ایک فعال اور مستند آواز فراہم کرنے، معلومات کیتھدا کو ختم کرنے اور عوامی سفارت کاری کے لیے انگریزی زبان کے ایک پلیٹ فارم کے طور پر کام کرے گا۔ اس پلیٹ فارم کا سٹریٹجک مقصد پاکستان کی جانب سے دنیا سے بات کرنا اور سب سے پہلے اپنی خبر پہنچانا ہے، یہ چینل بین الاقوامی امور، ثقافتی تنوع اور اقتصادی ترقی سمیت اہم امور پر پاکستانی نقطہ نظر کو اجاگر کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ چینل اندرون ملک رپورٹنگ کو مربوط جبکہ فری لانسرز کے ایک عالمی نیٹ ورک اور رائٹرز اور ایسوسی ایٹڈ پریس جیسی معروف وائر سروسز کے ساتھ شراکت داری کرتے ہوئے بروقت ، تصدیق شدہ اور اعلیٰ معیار کی کوریج کو یقینی بنائیگا۔ انہوں نے کہا کہ مغرب و بھارت کے زیر اثر علاقائی میڈیا میں جاری یک طرفہ بیانیے کا توڑ کیا جائے گا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان ڈیجیٹل ٹی وی پاکستانی زاویے سے خبریں پہنچانے کے حوالے سے بڑا مرکز ہے۔

بقیہ 45

کے فرمانروا خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان کا شکریہ ادا کیا۔سعودی عرب کے سرکاری دورے کے دوران نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ ، وزیر ماحولیات مصدق ملک اور معاون خصوصی طارق فاطمی بھی وزیراعظم کے ہمراہ ہیں۔وزیراعظم محمد شہباز شریف سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے ملاقات کریں گے جس میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان تعلقات کے تمام پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔ دونوں رہنما علاقائی اور عالمی پیش رفت سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر بھی تبادلہ خیال کریں گے۔ دورہ کے نتیجے میں مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو فروغ ملے گا جس سے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے مشترکہ عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان تاریخی تعلقات ہیں جن کی جڑیں مشترکہ مذہبی اقدار اور باہمی اعتماد پر مبنی ہیں۔دورے کے دوران وزیراعظم شہباز شریف کی سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے ملاقات شیڈول ہے، دونوں رہنماؤں میں علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال ہوگا، دوطرفہ امور اور تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جائے گا، وزیراعظم کا دورہ دونوں ممالک میں تعاون کو مزید مستحکم کرے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف دورہ سعودیہ مکمل کر کے برطانیہ روانہ ہوں گے، وزیراعظم کی برطانوی حکام سے ملاقاتیں متوقع ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف 21 ستمبر کو برطانیہ سے امریکا جائیں گے، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات کا امکان ہے، وزیراعظم نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی اجلاس میں شرکت کریں گے، وزیراعظم کا جنرل اسمبلی سے خطاب 26 ستمبر کو ہوگا۔ وزیراعظم شہباز شریف کی 22 ستمبر کو فلسطین سے متعلق دو ریاستی حل کی سربراہ کانفرنس میں شرکت بھی متوقع ہے۔

بقیہ 46

پارلیمانی وفد کا پارلیمنٹ ہاؤس آمد پر پرتپاک خیر مقدم کیا گیا۔ بدھ کو مالدیپ کی عوامی مجلس کے سپیکر عبدالرحیم عبداللہ نے پارلیمانی وفد کے ہمراہ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ پارلیمانی تعلقات سمیت اہم علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ پارلیمانی تعاون اور عوامی روابط بڑھانے پر اتفاق کیا۔ اس موقع پر سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور مالدیپ مشترکہ مذہب، تاریخ اور ثقافت کے رشتوں میں جڑے ہیں، خطے میں امن و ترقی کے فروغ کیلئے پارلیمانی سفارتکاری اہم ہے، مسئلہ فلسطین اور کشمیر کو حل کئے بغیر خطے میں پائیدار امن ممکن نہیں، عالمی برادری مسئلہ فلسطین اور کشمیر کے منصفانہ حل کے لئے کردار ادا کرے، مسلم امہ کو فلسطین اور کشمیر کے عوام کے حق میں مشترکہ لائحہ عمل اپنانا ہوگا۔ سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پاکستانی فورسز اور عوام دہشت گردی جیسے ناسور کا بہادری سے مقابلہ کررہے ہیں، اسرائیل بھارتی گٹھ جوڑ خطے اور دنیا کے امن کے لئے بڑا خطرہ ہے، قطر پر اسرائیلی بمباری پر مسلم ممالک کی اجتماعی مذمت بروقت اقدام ہے، اسرائیل نے انسانیت کی تمام حدود پار کردی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل فلسطینی عوام کی نسل کشی کررہا ہے، اسرائیل کی جانب سے خطے کے ممالک کی سرحدوں کی خلاف ورزی شرمناک فعل ہے، اسرائیلی ایجنڈا عالمی امن کیلئے سنگین خطرہ ہے۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کی شدید مذمت کی اور کہا کہ کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کو ہر سطح پر پاکستان کی حمایت حاصل ہے۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے بھارت کے خلاف پاکستان کی حالیہ فتح پر قوم اور افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ پاکستان کی کامیابی پوری قوم کے اتحاد اور افواج کی جر?ت و قربانیوں کا ثمر ہے، بھارتی جارحیت کے مقابلے میں پاکستان ہمیشہ سرخرو ہوا ہے، سارک کو مزید فعال کرنے کی ضرورت ہے، پاکستان میں تجارت کے وسیع مواقع موجود ہیں، دوطرفہ رابطوں کے فروغ سے دونوں ممالک کے عوام ایک دوسرے کے مزید قریب آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاک۔مالدیپ فرینڈ شپ گروپ دونوں ممالک میں پارلیمانی رابطوں کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کررہا ہے۔ مالدیپ کے سپیکر نے کہا کہ پاکستان آمد پر شاندار استقبال پر شکریہ ادا کرتے ہیں۔ پاکستان اور مالدیپ کے تعلقات برادرانہ اور باہمی احترام پر مبنی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا مسئلہ فلسطین و کشمیر پر دوٹوک مؤقف قابل ستائش ہے، پارلیمانی سطح پر قریبی روابط عوامی سطح پر تعلقات کو مزید مضبوط کریں گے۔

بقیہ 47

ٹیوٹ آف آرٹس اینڈ ڈیزائن میں منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نبی کریم (ص) کی امت میں پیدا ہونے پر ہمیں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہئے، یہ اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا انعام ہے، دنیا کو اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچانے کی ذمہ داری نبی کریم (ص) کی امت پر ہے تا کہ کوئی گمراہی کے راستے پر بھٹک کر ہدایت سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت مسلمانوں کی آبادی دوارب سے بڑھ چکی ہے مگر ایک کروڑ آبادی والے ملک نے دوارب لوگوں کو آگے لگایا ہوا ہے اور وہ جب اور جیسے چاہتا ہے مسلمانوں کے خون سے ہولی کھیلتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ غزہ میں مسلمانوں کے ساتھ ظلم وستم کا بازار گرم ہے، اسلامی ممالک کے سربراہان کا اجلاس بھی ہوا مگر آج بھی غزہ پر بمباری ہوئی ہے، ہم اکثریت میں ہونے کے باوجود اقلیت کے ہاتھوں نقصان اٹھارہے ہیں۔ انہوں نے حدیث نبوی؟ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ہم اصل زندگی اور اس کے مقاصد کو بھول کر دنیا کی محبت میں گرفتار ہوچکے ہیں، اپنے اصل فرض سے غافل ہوکر ہم پستی کی وادیوں میں گرتے جارہے ہیں، صحابہ کرام نے مٹھی بھر ہونیکے باوجود اسلام کو مراکش سے انڈونیشیا تک پہنچایا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ قرآن وسنت اسلامی تہذیب کے بنیادی ستون ہیں، قرآن موجود ہے اور رہے گا اسی طرح سیرت بھی ہمارے پاس موجود ہے اور قیامت تک رہے گی مگر اس کے باوجود مغلوب ہوتے جارہے ہیں کیونکہ ہماری زندگی قرآن وسنت کی تعلیمات کے مطابق نہیں ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ سپین میں مسلم تہذیب کے عروج کے وقت تمام علوم کے ماہرین کا تعلق اسی امت سے تھا، اہم شعبوں میں مسلمان سکالرز موجود تھےکیونکہ ان لوگوں نے قرآن کریم اور سیرت سے رہنمائی حاصل کی تھی۔

E-Mail: dailyjehan@gmail.com
روزنامہ جہاں
Tel:051-4571504,051-4571114

پاکستان چین کے ساتھ سمندری تعاون کو مستحکم بنانے کیلئے پرعزم ہے، وزیر بحری امور

چین کے ساتھ مل کر گوادر کو خطے کا مرکزی تجارتی و رابطہ مرکز بنایا جائے گا' وزیر بحری امور کی زیر صدارت اجلاس

یہ فریم ورک سمندری معیشت کی ترقی، وسائل کے پائیدار استعمال، سائنسی تحقیق اور ماحولیاتی تحفظ پر مبنی ہے' جنید انوار چوہدری

اسلام آباد(اے پی پی)وفاقی بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان، چین کے ساتھ سمندری تعاون کو مزید مستحکم بنانے کے لیے پرعزم ہے تا کہ گوادر کو خطے کا مرکزی تجارتی و رابطہ مرکز بنایا جا سکے۔ پانچ سالہ بحری ایکشن پلان 2025ء تا 2029ء کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے جنید انوار چوہدری نے کہا کہ یہ فریم ورک سمندری معیشت کی ترقی، وسائل کے پائیدار استعمال، سائنسی تحقیق (باقی بقیہ نمبر22پر)

ابوظہبی۔۔۔پاکستانی سفیر فیصل ترمذی یواے ای کے وزیر انصاف عبداللہ بن سلطان سے ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان اور فلسطین کے درمیان صحت کے شعبے میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

دونوں ممالک کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط' وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال مہمان خصوصی تھے

معاہدے پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے 30 روز میں "پاکستان، فلسطین ہیلتھ ورکنگ گروپ" قائم کیا جائے گا

اسلام آباد (اے پی پی) پاکستان اور فلسطین کے درمیان صحت کے شعبے میں تعاون بڑھانے کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے، معاہدے پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے 30 روز میں "پاکستان' فلسطین ہیلتھ ورکنگ گروپ" قائم کیا جائے گا جو دونوں ممالک کے درمیان اس تعاون کو عملی شکل دینے کے لیے رہنمائی کرے گا۔اس موقع پر وفاقی وزیر برائے قومی صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ جدید طبی شعبہ جات میں (باقی بقیہ نمبر23پر)

محسن نقوی کی شہید کیپٹن وقار احمد اور جوانوں کی نماز جنازہ میں شرکت

وزیرداخلہ اور آئی جی ایف سی میجر جنرل بلال سرفراز نے شہداء کے جسد خاکی کو کندھا بھی دیا

اسلام آباد(اے پی پی)وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے تربت میں فرنٹیئر کور ساؤتھ کے ہیڈ کوارٹر میں آئی جی ایف سی ساؤتھ میجر جنرل بلال سرفراز خان کے ہمراہ شہید کیپٹن وقار احمد اور 4 جوانوں کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔ ترجمان وزارت داخلہ کے مطابق وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے جام شہادت نوش کرنے والے کیپٹن وقار، نائیک عصمت اللہ، لانس نائیک جنید احمد و خان محمد اور سپاہی محمد ظہور کو خراج عقیدت پیش کیا۔وزیرداخلہ محسن نقوی اور آئی جی ایف سی ساؤتھ میجر جنرل بلال سرفراز نے شہداء کے بلندی درجات کیلئے دعا کی۔وزیرداخلہ محسن نقوی اور آئی جی ایف سی میجر جنرل بلال سرفراز نے شہداء کے جسد خاکی کو کندھا بھی دیا۔ وزیرداخلہ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ کیپٹن (باقی بقیہ نمبر24پر)

وزیر بلدیات ذیشان رفیق والڈ سٹی لاہور اتھارٹی اور مری ڈویلپمنٹ پروگرام کے منصوبوں پر اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت تعلیمی نظام میں اصلاحات کیلئے اقدامات کر رہی ہے، رانا مشہود

ڈیجیٹل یوتھ ہب نوجوانوں کو مصنوعی ذہانت پر مبنی وسائل تک ذاتی رسائی فراہم کرے گا، چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام

وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خاں سے وزیراعظم آفس میں یونیسف کی نمائندہ مس پینیلیے آئرنسائیڈ کی ملاقات

اسلام آباد (اے پی پی) چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل یوتھ ہب نوجوانوں کو مصنوعی ذہانت پر مبنی وسائل تک ذاتی رسائی فراہم کرے گا، حکومت پاکستان تعلیمی نظام میں اصلاحات کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ بدھ کو وزیراعظم یوتھ پروگرام سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خاں سے وزیراعظم آفس میں یونیسف کی نمائندہ مس پینیلیے آئرنسائیڈ نے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان میں نوجوانوں کو بااختیار بنانے، تعلیم کے نظام کو بہتر بنانے اور رضا کارانہ کام کو فروغ دینے کے لیے(باقی بقیہ نمبر26پر)

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مرمت 18 ستمبر عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد(پ ر)اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس /ڈویلپمنٹ ورکس /اے ایم آئی میٹرز تنصیب کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد ،راولپنڈی ، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی (باقی بقیہ نمبر26پر)

ایرانی سفیر کی وفاقی وزیر رضا حیات ہراج سے ملاقات

پاکستان ایران کے ساتھ اپنے برادرانہ تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے' وفاقی وزیر

اسلام آباد(اے پی پی)اسلامی جمہوریہ ایران کے سفیر جناب رضا امیری مقدم نے وفاقی وزیر دفاعی پیداوار محمد رضا حیات ہراج سے ملاقات کی اور باہمی دلچسپی کے امور بالخصوص دفاعی پیداوار کے شعبے میں تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔ایرانی سفیر سے ملاقات کے دوران وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان ایران کے ساتھ اپنے برادرانہ تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے اور اسے ایک قریبی دوست اور ہمسایہ سمجھتا ہے، انہوں نے یہ بھی کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان خوشگوار تعلقات ہیں جو ہر گزرتے لمحے کے ساتھ مزید مضبوط ہو رہے ہیں، انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ حکومت پاکستان خصوصاً وزارت دفاعی پیداوار اسلامی جمہوریہ ایران کے ساتھ تعلقات میں مزید بہتری کے لیے (باقی بقیہ نمبر 27 پر)

راولپنڈی۔۔۔ایرانی سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم وفاقی وزیر رضا حیات ہراج سے ملاقات کر رہے ہیں

ایران کی رہائشی عمارت میں زوردار دھماکا، 6افراد جاں بحق

تہران(اے ایف پی) ایران کی رہائشی عمارت میں گیس کے سبب دھماکا ہوا ہے، دھماکے کے نتیجے میں 6 افراد لقمہ اجل بن گئے۔غیر ملکی میڈیا کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ گیس دھماکا ایران کے شہر ہواز کی رہائشی عمارت میں ہوا جس کے باعث اب تک 6 افراد کے جاں بحق ہونے کی تصدیق ہو چکی ہے۔رپورٹ کے مطابق (باقی بقیہ نمبر28پر)

حکومت صحت کے نظام کو مضبوط بنانے کیلئے پرعزم ہے، سید مصطفیٰ کمال

وزیر صحت کو اکیڈمی کی کامیابیوں، اقدامات اور آئندہ حکمت عملیوں پر بریفنگ

اسلام آباد (اے پی پی) وفاقی وزیر قومی صحت سید مصطفیٰ کمال نے عالمی شراکت داری اور ورک فورس ڈویلپمنٹ کو فروغ دینے کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت صحت کے نظام کو مضبوط بنانے کے لئے پرعزم ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو ہیلتھ سروسز اکیڈمی اسلام آباد کے دورے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ہیلتھ سروسز اکیڈمی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شہزاد علی خان نے وزیر صحت کو اکیڈمی کی کامیابیوں، اقدامات اور آئندہ حکمت عملیوں پر بریفنگ دی۔انہوں نے عوامی صحت کی تعلیم میں جدت اور تحقیقاتی تعاون بڑھانے پر زور دیا۔ اس دوران شواہد (باقی بقیہ نمبر29پر)

سردار ایاز صادق کا سینئر صحافی وقار ستی کی جلد صحتیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار

اسلام آباد(اے پی پی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے سینئر صحافی اور راولپنڈی اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس (آر آئی یو جے) کے سابق صدر وقار ستی کی علالت پر ان کی جلد صحتیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ بدھ کو ایک بیان میں انہوں نے اللہ تعالیٰ سے وقار ستی کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی اور کہا کہ ان کی صحافت کے شعبے میں خدمات قابل تحسین ہیں۔

لاہور۔۔۔وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین صاف پانی اتھارٹی میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب حکومت نے جی ایچ کیو حملے کیس کے جیل ٹرائل کا نوٹیفکیشن واپس لے لیا

لاہور (اے ایف پی) پنجاب حکومت نے جی ایچ کیو حملے کیس کے جیل ٹرائل کا نوٹیفکیشن واپس لے لیا۔ذرائع کے مطابق جی ایچ کیو حملہ کیس اور 9 مئی مقدمات کا ٹرائل اب اڈیالہ جیل کے بجائے انسداد دہشت گردی عدالت راولپنڈی میں ہی ہوگا۔اس حوالے سے ذرائع کا بتانا ہے کہ پنجاب حکومت کی جانب سے نیا نوٹیفکیشن جاری (باقی بقیہ نمبر30پر)

صحت میں بائیومیٹرک کا نظام متعارف کرایا جا رہا ہے

بلوچستان کا پورا بوجھ کراچی کے سول اور جناح اسپتال اٹھا رہے ہیں، سندھ حکومت

کراچی(اے ایف پی) ترجمان سندھ حکومت سعدیہ جاوید نے کہا ہے کہ کراچی کے اسپتالوں میں صرف شہر کے نہیں پورے ملک سے مریض آتے ہیں اور بلوچستان کا پورا بوجھ بھی کراچی کے سول اور جناح اسپتال ہی اٹھا رہے ہیں۔تفصیلات کے مطابق ترجمان سندھ حکومت سعدیہ جاوید نے اے آر وائی نیوز کے پروگرام باخبر سویرا میں گفتگو میں کہا کہ آڈیٹر جنرل کی رپورٹ میں یہ بات سامنے آئی کہ سرکاری اسپتالوں میں ایم آر وائی مشینیں خراب ہیں لیکن سیکرٹری صحت نے بتایا ٹیکنیکل اسٹاف جان بوجھ کر ایم آر آئی مشینیں خراب ہونے کا بتاتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سرکاری اسپتالوں کا ٹیکنیکل اسٹاف جان بوجھ کر کہتا ہے ایم آر آئی مشینیں خراب ہیں، تاکہ لوگ پرائیویٹ (باقی بقیہ نمبر31پر)

جسٹس طارق محمود جہانگیری کو کام سے روکنے پر وکلا کی ہڑتال

وکلاء عدالتی آزادی پر کسی قسم کی قدغن قبول نہیں کریں گے' منظور ججہ

اسلام آباد (اے ایف پی) جسٹس طارق محمود جہانگیری کو کام سے روکنے پر اسلام آباد ہائیکورٹ کے وکلا نے ہڑتال کی اور عدالتی کارروائی کا بائیکاٹ کر دیا۔تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کے جسٹس طارق محمود جہانگیری کو عدالتی فرائض سے روکنے کے عدالتی حکم کے خلاف اسلام آباد ہائیکورٹ بار کی کال پر وکلا آج ہڑتال کر رہے ہیں۔سیکرٹری اسلام آباد ہائیکورٹ بار منظور ججہ نے کہا کہ بار نے وکلاء سے اپیل کی ہے کہ وہ بطور احتجاج آج عدالتوں میں پیش نہ ہوں۔بار کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ جسٹس طارق محمود کو عدالتی کام سے روکنے کے فیصلے کے خلاف ہڑتال کی جا رہی ہے۔اعلامیے میں مزید کہا گیا ہے کہ وکلاء عدالتی آزادی پر کسی قسم کی قدغن قبول نہیں کریں (باقی بقیہ نمبر 33 پر)

شیخ رشید کا راشد شفیق کے والد کی طبیعت خراب ہونے پر تشویش کا اظہار

راولپنڈی (اے ایف پی) سربراہ عوامی مسلم لیگ اور سابق وفاقی وزیر شیخ رشید احمد نے راشد شفیق کے والد کی طبیعت کی خرابی پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔انسداد دہشت گردی عدالت راولپنڈی کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ رشید کا کہنا تھا کہ میں قسم کھاتا ہوں راشد شفیق نے فیصل آباد دیکھا نہیں، راشد شفیق کو فیصل آباد میں ہونے والی حالیہ مشکلات کا علم نہیں ہے، (باقی بقیہ نمبر32پر)

پنجاب حکومت کے نوٹیفکیشن کو مسترد کرتے ہیں، وکیل فیصل ملک

ہم عدالت میں درخواست دے رہے ہیں کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو عدالت میں پیش کیا جائے

لاہور (بیورو رپورٹ) انسداد دہشتگردی عدالت راولپنڈی کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بانی پی ٹی آئی کے وکیل فیصل ملک نے کہا ہے کہ آج 9 مئی کے 12 مقدمات کی سماعت تھی، جی ایچ کیو حملہ کیس سمیت دیگر مقدمات کی سماعت یکم اکتوبر تک ملتوی ہوگئی۔وکیل فیصل ملک نے کہا ہے کہ جی ایچ کیو حملہ کیس میں عدالت نے بتایا کہ ایک نوٹیفکیشن آ رہا ہے، ہمیں بتایا گیا کہ جی ایچ کیو حملہ کیس جیل سے دوبارہ اے ٹی سی راولپنڈی میں آ رہا ہے، بانی پی ٹی آئی عمران خان کو ویڈیو لنک کے ذریعے عدالت میں پیش کیا جائے گا۔فیصل ملک نے مزید کہا ہے کہ ہم عدالت میں درخواست دے رہے ہیں کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو عدالت میں پیش کیا جائے، ہم پنجاب حکومت (باقی بقیہ

پاکستان میں گلیشیئرز تیزی سے ختم ہو رہے ہیں، چیئرمین این ڈی ایم اے

بدقسمتی سے پاکستان ہر آنے والے سال میں موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثر ہوگا، عالمی سطح پر درجہ حرارت میں اضافہ اس کی بڑی وجہ ہے

جموں وکشمیر اور پنجاب کے دریاؤں میں اس بار پانی زیادہ ہے جبکہ بھارتی ڈیمز کی جانب سے کوئی ڈیٹا شیئر نہیں کیا گیا

اسلام آباد(اے ایف پی) چیئرمین این ڈی ایم اے نے خبردار کیا ہے کہ پاکستان میں گلیشیئرز تیزی سے ختم ہو رہے ہیں۔سینیٹر شیری رحمان کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے موسمیاتی تبدیلی کا اجلاس ہوا، جس میں چیئرمین این ڈی ایم اے نے مون سون اور موسمیاتی خطرات پر بریفنگ دی۔ چیئرمین این ڈی ایم اے نے کہا ہے کہ بدقسمتی سے پاکستان ہر آنے والے سال میں موسمیاتی تبدیلیوں سے زیادہ (باقی بقیہ نمبر 36 پر)

انسانی ذمہ داری پوری کرنے کیلئے خود کو قرآن و سنت سے جوڑنا ہوگا، احسن اقبال

قرآن وسنت اسلامی تہذیب کے بنیادی ستون ہیں، معرفت کا راستہ علم کے ذریعے طے کیا جا سکتا ہے' وفاقی وزیر ترقی و منصوبہ بندی

آج مسلمانوں کی آبادی دو ارب سے بڑھ چکی ہے مگر ایک کروڑ آبادی والے ملک نے دو ارب لوگوں کو آگے لگایا ہوا ہے

اسلام آباد(اے پی پی)وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی ، ترقی ، اصلاحات و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ خلیفۃ الارض کی ذمہ داریاں ادا کرنے کیلئے ہمیں خود کو قرآن وسنت سے جوڑنا ہوگا،قرآن وسنت اسلامی تہذیب کے بنیادی ستون ہیں ،معرفت کا راستہ علم کے ذریعے طے کیا جا سکتا ہے،اسلامی تعلیمات میں کائنات کا کھوج اور تحقیق اللہ تعالیٰ کی تسبیح کی طرح لازم ہے۔بدھ کو یہاں انسٹی (باقی بقیہ نمبر 34 پر)

سویٹ پیلس
N-54, Murree Road, Rawalpindi. Tel: 051-5554672
Satellite Plaza, Commercial Market Road, Satellite Town, Rawalpindi. Tel: 051-4455301, 2
168, D-Block, Civic Center, Phase IV, Bahria Town, Islamabad. Tel: 051-5733708
E-Mail: sweetpalace1975@gmail.com Web Site: sweetpalace.com.pk

چیف ایڈیٹر و پبلشر سید حسن وقار تراب نے روحانی آرٹ پریس، محمدی ٹاؤن ایکسپریس وے سوہان' اسلام آباد سے چھپوا کر پینوراما سنٹر بلیو ایریا اسلام آباد سے شائع کیا